میراث برّصغیر
«شش ماہی»

سید العلماء نمبر

شمارہ (۲-۱)

محرم الحرام . جمادی الثانی

۱۴۳۲ ھ . ق



سید دلدار علی نقوی غفران مآبؒ
(۱۱۶۶-۱۲۳۵ھ ق)



سید ابوالحسن نقویؒ
(۱۲۹۹-۱۳۵۵ھ ق)



سید علی نقی نقوی سید العلماء ثانیؒ
(۱۳۲۳-۱۴۰۸ھ ق)



سید حسین نقوی علیّین مکان سید العلماءؒ
(۱۲۱۱-۱۲۷۳ھ ق)



سید ابراہیم نقوی فردوس مکانؒ
(۱۲۵۹-۱۳۰۷ھ ق)



سید محمد تقی نقوی ممتاز العلماءؒ
(۱۲۳۴-۱۲۸۹ھ ق)

مرکز احیاء آثار برصغیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شش ماہی مجلہ

میراث برصغیر

(برصغیر کے علمی، تحقیقی، ادبی اور ثقافتی آثار کا ترجمان)

سید العلماء نمبر

برصغیر میں خاندان اجتہاد کی 235 سالہ مذہبی خدمات کی تجلیل کے عنوان سے، چودھویں صدی کے آخر تک اس خاندان کے آخری مسلم الثبوت مجتہد سید العلماء کی یاد میں۔

پہلا سال

پہلا اور دوسرا شمارہ

محرم الحرام وجمادی الثانی ۱۴۳۲ ہجری بمطابق ۲۰۱۱ عیسوی

میراث برصغیر
(شش ماہی)

(برصغیر کے علمی، تحقیقی، ادبی اور ثقافتی آثار کا ترجمان)

رابطہ برای حصول مجلہ:

■ پاکستان: مجاہد عباس اعوان
فون: 00923333854398

■ حیدرآباد دکن «ہند»: باب العلم لائبریری
فون: 00919391312386

■ ہندوستان: مرکز احیاء آثار برصغیر (شعبہ کشمیر)
فون: 00919796737269

■ عراق: سید تنویر حسین نقوی
فون: 009647704317542

■ شام: سید ظہیر الحسنین شیرازی
فون: 00963933013932

■ برطانیہ: شیخ عباس رضا
فون: 00441618392866

■ ایران:
Ph: 0098-251-8848746
Mob: 0098-919-9704372
e-mail: maab1431@yahoo.com

اکاؤنٹ نمبر:

حبیب بنک، برانچ کراچی ملیر ۱۵ 08897900284303
بانک ملی ایران شعبہ حجتیہ قم 0340215265000

قیمت: 250/روپے

انتشارات مرکز احیاء آثار برصغیر (کراچی)

نوٹ

مآب کسی خاص خاندان یا کسی خاص شخص کا ترجمان نہیں ہے، بلکہ ہماری کوشش ہے کہ وقتاً فوقتاً برصغیر کی عظیم شخصیات کے بارے میں خصوصی شمارے ملت کے ہاتھوں پہنچائے جائیں، اس میں ہمارے پیش نظر وہ شخصیات ہیں جنہوں نے مذہب حقہ کی نمایاں و مخلصانہ طور پر علمی، فرہنگی، اجتماعی خدمات انجام دی ہوں، اس حوالے سے سینکڑوں شخصیات ابھی تک ایسی موجود ہیں جنکے نام اور انکے آثار سے بھی نسل جدید واقف نہیں ہے جن کے چند نمونے ہم نے ابتداء اداریہ میں پیش کیے ہیں۔

مجلہ میراث برصغیر میں مرحومین کی تحریروں کو محققین مآب کی آراء کے بعد زیور طبع سے آراستہ کیا جائے گا اور بقید حیات اہل قلم (خدا انہیں زندہ و سلامت رکھے) کی تحریروں میں سے فقط وہ تحریریں نشر ہوں گی جو مندرجہ ذیل تین موضوعات میں سے کسی ایک سے متعلق ہوں:

۱۔ **تاریخ تشیع:** برصغیر میں تاریخ تشیع کے عنوان سے کسی بھی موضوع پر قلم اُٹھایا گیا ہو۔ مثلاً شیعہ حکومتیں، عزاداری، تحریکیں، تنظیمیں، علاقے، خاندان، موقوفات، مقابر، مذہبی رسومات و مذہبی مقامات۔

۲۔ **تراجم:** یعنی مرحوم شیعہ اہم شخصیات اور ان کے آثار و خدمات سے متعلق ہو۔

۳۔ **کتاب شناسی:** یعنی کسی خاص ایک کتاب، خاص شخص کی کتابیں، خاص کتابخانہ کی فہرست کسی خاص موضوع یا کسی ایک خاندان کی علمی میراث وغیرہ کے حوالے سے قلم اُٹھایا گیا ہو۔

ادارے کا صاحب مقالہ (زندہ یا مرحوم) کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

«من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ»

(تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص۱۳۸۔)

ہم تہہ دل سے ان تمام حضرات کے شکر گزار ہیں۔ جنہوں نے مؤسسہ "مرکز احیاء آثار برصغیر (مآب)" کی ترقی کے لیے ہمارے ساتھ دامے، درمے، سخنے اور قدمے تعاون فرمایا۔ خصوصاً ان خیرین (کثر اللہ امثالہم) کہ جن میں سے بعض احباب نے اپنا نام دینا مناسب نہیں سمجھا لیکن مرکز کے اہداف کو عملی جامہ پہننے کے لیے اور بالخصوص مجلہ میراث برصغیر کے اس نمبر میں خصوصی تعاون فرمایا۔

قارئین کرام سے التماس ہے کہ معاونین مرکز احیاء آثار برصغیر (مآب) اور دیگر خادمین مکتب اہل بیت علیہم السلام کے مرحومین کی مغفرت کے لیے دعا گو رہیں۔

والسلام

مرکز احیاء آثار برصغیر

فہرست عناوین

سید العلماءؒ در آئینہ منظومات

اجازات علماء اعلام شیعہ

الف) اجازاۃ روایت

ب) اجازاۃ اجتہاد

سید العلماءؒ

بعنوان

ادیب عربی و فارسی

(تائیدات و تصریحات)

الف: تائیدات ادب عرب

ب: تائیدات مدرس عربی و فارسی

اداریہ

بسم الله الرحمن الرحيم

قال علي عليه السلام: «لا سنة افضل من التحقيق»

(عیون الحکم والمواعظ، ص ۵۳۴)

ترقیِ اقوام کاراز صرف اکابر ملت اور ان کے آثار کو زندہ رکھنے میں ہے۔(مرزا محمد ھادی عزیز لکھنوی)

زندہ و جاوید قوموں کا دستور ہے کہ وہ اپنے بزرگوں اور محسنوں کی یاد کو ہمیشہ تازہ اور ان کی میراث کو محفوظ رکھنے کیلئے ہمیشہ کوشاں رہتی ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑھ رہاہے کہ ملت اسلامیہ کے وہ بزرگ اور محسنان اسلام کہ جنھوں نے حضرت علی علیہ السلام کے اس فرمان "تحقیق سے افضل کوئی سنت نہیں" کے مطابق دن اور رات کا فرق مٹاتے ہوئے، گرمی کی شدت اور سردی کی ہدّت کی پرواہ کئے بغیر اور جان ومال کی پرواہ کیے بغیر مذہب حقہ کے دفاع میں جو علمی کارنامے اور تحقیقی کاوشیں سپرد قلم کی تھیں اور جس کے نتیجے میں سینکڑوں دانشوروں کو جام شھادت نوش کرنا پڑا۔

ان کی یہ علمی میراث یاتو فراموشی کے صندوق میں میں مقفل میں ہے یا پھر ان میں سے بیشتر زمانہ کی ستم ظریفیوں اور ورثاء کی عدم توجہی کی وجہ سے صفحہ ہستی سے نابود ہوچکی ہے اور جو محفوظ رہ گئ ہے وہ بھی نابودی کے دہانے پر جاپہنچی ہے۔

اس میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں کہ برصغیر کی ملتِ اسلام خصوصاً مکتب اہل بیت کے پاس اپنے بزرگوں کی ہزاروں گرانبھا تالیفات وتصنیفات موجودہیں لیکن موجودہ دور کے بازار علم اور عمومی اور اکثر خصوصی کتابخانوں میں ان ہزاروں انمول کتابوں میں سے انگشت شمار کتابیں بھی دستیاب نہیں ہیں۔ مثال کے طورپر:

۱۔ شہید ثالث قاضی سید نوراللہ شوشتری ۱۰۱۹ھ مدفون آگرہ جنہیں مذہب تشیع کے دفاع کے جرم میں جہانگیر کے درباری ملاؤں نے بے دردی سے قتل کرنے کا فتوی دیا آپ کی (۱۵۰ ایک سو پچاس) علمی کتابوں میں سے صرف دو کتابوں کا اردو میں ترجمہ ہوا لیکن وہ بھی مکمل ترجمہ نہ ہو سکا۔

۲۔ شہید رابع مرزا محمد کامل دہلوی ۱۲۳۵ھ کہ جنہوں نے سب سے پہلے "تحفہ اثنا عشریہ" کا "نزہتہ اثنا عشریہ" کے نام سے ۱۲ جلدوں پر مشتمل جواب تحریر کیا تھا اور اس کے نتیجہ میں آپ کو دشمنوں کے ہاتھوں جام شہادت نوش کرنا پڑا آپ کی ستر ۷۰ کتابوں میں سے صرف پانچ ۵ کتابیں بعض کتابخانوں کی زینت ہیں۔ لیکن بازا میں ایک بھی موجود نھیں ہے۔

"تحفہ اثنا عشریہ" کے دوسرے پچاس نایاب جوابوں پر مشتمل کتابوں میں سے فقط "عبقات الانوار" کی چند جلدوں اور حال ہی میں سترہ ۱۷ جلدوں میں طبع ہونے والی کتاب "تشیید المطاعن" کے علاوہ دیگر کوئی جواب بازار میں تشنگان علم کی پیاس بوجھانے کیلئے دستیاب نہیں ہے، یہاں تک کہ ان میں سے اکثر تو ابھی تک ایک مرتبہ بھی نہیں چھپ سکے، جس کی وجہ سے یہ علمی ذخیرہ بڑے بڑے کتابخانوں میں بھی میسر نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں سے بعض کا صرف ایک ہی قلمی نسخہ بعض افراد کے پاس موجود ہے۔

۳۔ خاندان اجتھاد میں سے آیۃ اللہ فی العالمین سید دلدار علی غفرانمآب متوفی ۱۲۳۵ھ اور ان کی اولاد واحفاد کی بلند ہمت ہستیاں جیسے سلطان العلماء و سید العلماء، تاج العلماء، ممتاز العلماء و دیگر علماء اعلام کہ جنہوں نے برصغیر میں مذہب اہل بیتؑ کی حقیقی معنوں میں پاسبانی کی ہے اس خاندان کے مجموعی علمی آثار کی تعداد ایک اندازے کے مطابق ایک ہزار سے متجاوز ہے۔ ان میں سے صرف آیۃ اللہ سید علی نقی معروف بہ نقن صاحب قبلہ اور مولانا سید مہدی لکھنویؒ کی چند کتب ورسائل کے علاوہ باقی بزرگوں کے آثار بعض کتاب خانوں کی زینت بنے ہوے ہیں۔

۴۔ امام المتکلمین ناصر مذہب اہل بیت علیہم السلام آیۃ اللہ العظمی سید مفتی محمد قلی خان موسوی کنتوری متوفی ۱۲۶۰ھ اور ان کی اولاد واحفاد جیسے امام المتکلمین میر حامد حسین صاحب عبقات الانوار، علامہ سید اعجاز حسین صاب۔ کشف الحجب والاستار، وشذور العقیان، اوراسی طرح ایۃ اللہ سید ناصر حسین ناصر الملۃ، اور دیگر حضرات کی کتابیں بھی اسی داستان کا حصہ ہیں۔

۵۔بلند پایہ مفسر آیۃ اللہ سید ابوالقاسم حائری لاہوری متوفی ۱۹۲۰ء اور ان کے فرزند ارجمند آیۃ اللہ سید علی حائری لاہوری متوفی ۱۹۴۰ء کے عظیم علمی شہکار "تفسیر لوامع التنزیل" کہ جو ۲۷ جلدوں پر مشتمل ہے۔(جسے اگر آج، طبع اشاعت کی زینت بخشی جائے تو بقول آیت اللہ العظمیٰ سید مرعشی نجفیؒ کے کہ یہ کتاب حجم کے اعتبار سے بحارالانوار سے کہیں زیادہ جلدوں پر مشتمل ہو گی۔واضح رہے کہ بحار الانوار ۱۱۰ جلدوں پر مشتمل ہے۔) جبکہ ان دو بزرگ ہستیوں کی اس کتاب کے علاوہ ایک سو ۱۰۰ سے زائد دوسرے علمی آثار میں سے فقط تین مختصر رسالے بعض اوقات مل جاتے ہیں۔

۶۔نابغہ زمان آیت اللہ العظمیٰ مفتی سید میر محمد عباس موسوی متوفی ۱۳۰۶ھ استاد میر حامد حسین نیز متوفی ۱۳۰۶ھ کی تین سو ۳۰۰ سے زائد فقہی، کلامی، تفسیری، تاریخی علمی آثار میں سے فقط دو کتابیں چند سال قبل طبع ہوئی ہیں۔ اور بقیہ انمول موتی فراموشی کے گہرے سمندر میں ابھی تک مدفون ہیں۔

۷۔ علامہ سبحان علی خان متوفی ۱۲۶۴ھ کی وہ باعظمت و بلند ہمت ہستی کہ جنہوں نے اپنے دور میں جہاں اوّدھ کی شیعہ حکومت کے منصب وزارت کو بڑی بردباری اور ہمت کیساتھ سنبھالا، ساتھ ہی شیعیان کربلا و نجف کی بھرپور طریقہ سے مالی مدد کی اس سلسلے میں ان کی موقوفات آج تک کربلاء میں باقی ہیں، اس ساری خدمت کے ساتھ ساتھ دسیوں کتب مذہب حقہ کے دفاع میں تحریر فرمائیں، کہ جن میں سے ایک "الوجیزہ فی اصول الدین" ہے جو "تحفہ اثنا عشریہ" کا ایسا جامع اور مختصر جواب ہے جسکے بارے میں علامہ سید سجاد حسین بارہوی نے اپنی کتاب رسالہ سجادیہ ص ۱۰ پر یہ الفاظ تحریر فرمائے ہیں:

"الوجیزہ کی نظیر پیش کرنا فقط ناممکن ہی نہیں ہے بلکہ محال ہے۔" اس نابغہ روزگار اور ان کے بھائی ، حسین خان متوفی ۱۲۴۰ھ کی ایک کتاب بھی اس وقت بازار تو دور کی بات خود بڑے کتب خانوں میں بھی میسر نہیں ہے، اور اس سے بڑا ظلم یہ کہ اس عظیم ہستی کے ورثا بھی زمانے کی ستم ظریفی یا بے توجہی کی بنا پر انکی کتب کی طرح انکی ذات کو بھی فراموش کر چکے تھے، اور نہ صرف یہ کہ فراموش کر چکے تھے سچی بات تو یہ ہے کہ یہ لوگ جانتے ہی نہیں تھے کہ ہمارے بزرگوں میں سے ایسی ہستیاں بھی گذری ہیں، نہ جانے ایسی کتنی ہی عظیم ہستیوں کو ان کے آثار کی طرح ہم فراموش کر چکے ہیں کہ جنہیں یاد رکھنا ہمارا اولین فرض تھا، مقام شکر ہے کہ مرحوم علامہ سبحان علی خاں کے خاندان کے بعض افراد چند سال قبل اس بات کی طرف متوجہ ہوئے ہیں کہ ہمارے اسلاف میں کبھی ایسی ہستیاں بھی موجود تھیں کہ جن پر زمانہ فخر کرتا تھا۔

یادرہے کہ علامہ سبحان علی خاں مرحوم کی کتاب "الوجیزہ فی اصول الدین" کے بارے میں یہ اطلاع ملنے کے بعد کہ ایران کے ایک کتاب خانہ میں یہ کتاب موجود ہے، لہذا ہم نے پہلی فرصت میں اسے حاصل کرنے کی کوشش کی اور کیمرہ کے ذریعے فلم حاصل کرنے کے بعد اپنے ہدف کی تکمیل یعنی احیاء آثار برصغیر کی نیت سے ٹائپ کرنے کے لئے دے دی ہے یہ کتاب دو جلدوں میں ۵۰۴ صفحات پر مشتمل ہے، اور اسی طرح انکے بھائی جناب حسین خان کی کتاب بنام "معتمد الشیعہ" کے قلمی نسخہ کو تھران کے مجلس ملی کے رئیس کو خط لکھ کر حاصل کیا ہے، اس کتاب کے صرف دو ہی قلمی نسخوں کی ابھی تک ہم اطلاع حاصل کر سکے ہیں۔

۸۔ سید مہدی خان بہادر کی مذہب شیعہ کے خلاف تحریر کی جانے والی کتاب "آیات بینات" کے محکم ترین ۱۰ دس عدد جوابات میں سے کوئی ایک جواب بھی اس وقت علمی دنیا میں بازار میں موجود نہیں ہے۔ جب کہ اصل کتاب "آیات بینات" بار بار کراچی، لاہور اور ہندستان سے چھپ چکی ہے اور چھپ رہی ہے ان جوابات میں سے اہم ترین جواب خان بھادر کے بھائی سید امیر حسین کا ہے جس کا نام "آیات محکمات در جواب آیات بینات" جو دو ضخیم جلدوں میں ہے صرف ایکبار زیور طباعت سے آراستہ ہو سکا۔

۹۔ فخر الحکماء علامہ سید علی اظہر کھجوی (۱۸۶۱۔۱۹۳۳م) اور ان کے فرزندوں کی ایک سو سے زائد دفاع مذہب حقہ میں تاریخ وکلامی کتب میں سے چند انگشت شمار رسائل بعض اوقات میسر ہو جاتے ہیں باقی کتابیں طاق نسیان میں گم ہو چکی ہیں۔

خلاصہ یہ کہ یہ ایک قومی وملی المیہ ہے یہاں پر ہزاروں میں سے صرف چند نمونے ذکر کیے ہیں ورنہ اس درددل کو پیش کرنے کے لیے اور خصوصی طور پر ان مظالم کی داستان جسمیں دشمن کس طرح اس علمی سرمایہ کونابود کرنے کے لئے گھات لگاے بیٹھا ہے اور آج تک نہ جانے کتنے ہی قیمتی آثار ایسے ہیں کہ جن کو دشمن نابود کرنے میں کامیاب ہو چکا ہے۔ یہ وہ داستان غم ہے جسے پڑھ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے، جسے اس مختصر سی تحریر میں پیش نہیں کیا جاسکتا بلکہ

سفینہ چاہیے اس بحر بی کراں کے لئے

یہ بات ذہن نشین رہے کہ مذہب اہل بیتؑ کو کم رنگ کرنے اور اسی طرح ملت مسلمہ وخصوصا موالیان اھل بیتؑ کے علمی ذخیرہ کو ختم کرنے کا منصوبہ ملت تشیع کے خلاف دشمنوں کی دیگر دسیوں سازشوں میں میں سے ایک سازش ہے، وہ مختلف بہانوں سے انہیں باہمی اختلاف میں دست گریبان کر

کے اختلاف کا شکار بنا کر، نہ فقط یہ کہ وہ اس طرح ملت کی ضائع ہونے سے بچ جانے والی علمی میراث کو غارت کر دے گا۔ بلکہ اپنے داخلی وخارجی آلہ کاروں کے ذریعہ ملت کے نوجوانوں کو اپنے محسنوں کا دشمن بھی بنانے میں مصروف ہے اور کسی حد تک وہ کامیاب بھی ہو چکا ہے۔ یاد رہے کہ بعض نادان دوستوں کی احمقانہ حرکات بھی دشمن کے اس منصوبے کو مکمل کرنے میں مددگار ثابت ہو رہی ہیں، اسی وجہ سے امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا تھا:

"دو گروہوں، نادان دوستوں اور ہوشیار دشمن نے میری کمر توڑ دی ہے۔"

لہذا نادان دوستوں اور ہوشیار دشمنوں کے ان تمام حربوں کا مقابلہ کرنا اور اپنی اس علمی میراث کی حفاظت فقط ضروری ہی نہیں بلکہ واجب ہے، اس لیے تمام موالیان اہل بیت علیہم السلام سے درخواست ہے کہ جس کسی سے جس طرح بھی ممکن ہو سکے اس میراث کی حفاظت میں قدم اٹھائیں ورنہ زمانے کے ساتھ ساتھ یہ ضائع ہونے سے محفوظ رہ جانے والی میراث میراث بھی ماضی کی طرح نابود ہو جائے گی۔ جس کی وجہ سے موجودہ اور آنے والی نسلوں کو معنوی اور مادی اعتبار سے ناقابل تصور عظیم نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔

آج سے ۱۰۰ سال قبل صاحب کتاب (تجلیات المعروف تاریخ عباس) میں یہی درددل ان الفاظ مین تحریر فرمایا جنھیں ہم خوابیدہ ضمیروں کو بیدار کرنے کے لیے انھی کے الفاظ کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔

(مغربی تعلیم نے مادی ترقیات اور دماغی ارتقاء کی عمارتوں کو اسقدر مستحکم کر دیا ہے، کہ مشکل سے اسکی چاردیواری میں روحانی ہوائیں گزر سکتی ہیں اسی سبب سے روز بروز علماء کے آثار دلوں سے محو ہو رہے ہیں اور ہمارا مستقبل بجائے اسکے کہ روشن ہو تیرہ و تاریک ہو تا جاتا ہے۔

اسلام میں ایک عہد تو علماء کیلیئے ایسا خونریز تھا جس میں فضل و کمال کی زمینوں پر چاروں طرف خون کا سیلاب جاری تھا اور ناکردہ گناہوں کی لاشیں تیرتی نظر آ رہی تھیں، ان کے نام پر تلواریں نیام سے کھنچی رہتی تھیں اور قتل کا بازار ہر وقت گرم رہتا تھا۔ پھر بھی ظالموں کی پیاس کسی طرح نہ بجھتی تھی۔

ایک دور ایسا بھی رہا کہ صدیوں تک علماء نے حکومت کی اور جو کچھ علمی ترقیاں کیں تاریخ کا ایک ایک ورق اسکو بتارہا ہے۔ ان کے ہاتھوں میں حکومت کی عنان تھی۔ ان کی ایک نگاہ سلطنت کے ہلادینے کو کافی تھی۔ تاج شاہی انھیں کے عمامے اور سکۂ رائج الوقت انھیں کی مہریں تھیں، سلاطین زیر اثر تھے، انکے فرمان صور اسرافیل کی طرح قیامت کا منظر پیش کر دیتے تھے اور دم زدن میں تمام ملک منقلب ہو جاتا تھا۔

خصوصا ایران کی عظیم الشان سلطنت اور بادشاہان اودھ کے عہد دولت مہد میں جبکہ آسمان سے ہن برس رہا تھا اور زمین دولت کے خزانے اگل رہی تھی اہل کمال کا دور تھا اور علماء کی حکومت تھی سلاطین نے ہمیشہ اپنے خیال پر ان کی رائے کو فضیلت دی۔

اسلامی سلطنتیں مٹ گئیں اور افراد ملت کی اجتماعی قوتیں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئیں، سیاسیات نے خیالات میں انقلاب عظیم پیدا کر دیا، جادہ معرفت کے چلنے والے ڈگمگا گئے، ایسے ہنگامے میں کہ ان کی نظروں میں احادیث رسول ﷺ اور بزرگانِ دین کے اقوال سے فلاسفہ مغرب کے اقوال زیادہ وقیع ہو گئے تو ان گوشہ نشینوں اور قال اللہ اور قال الرسول ﷺ کہنے والوں کی کیا عزت ہو سکتی ہے، یا ان آسودگان خاک کے مزاروں پر کون شمع جلائے گا جنہوں نے تمام زندگی خوفِ خدا میں رو رو کر کاٹ دی، آج جب کہ ہدایت واصلاح کی آڑ میں ذاتی مقاصد نکالنے کی کوشش کی جارہی ہے اور ایمانی قوت کمزور ہو چکی ہے، راستبازی کا علم ٹھنڈا کر دیا گیا ہے، تو کیا توقع ہو سکتی ہے کہ ان خدا پرستوں کی عزت کی جائے گی حالانکہ وہ اس راز سے بے خبر ہیں

لافضل الا لاهل العلم انہم
علی الھدی لمن استھدی ادلاء

بزرگی صرف اہل علم کیلئے ہی ہے، کیوں کہ یہ لوگ خود راہ راست پر ہیں اور طالبان ہدایت کے رہنماء ہیں۔

دریاؤں کے سر چشمے جب خشک ہو جاتے ہیں تو ایک بوند پانی کی گوہر نایاب ہو جاتی ہے، طبقۂ علماء جس ملت کا عضو رئیس اور ترقیوں کا سر چشمہ اور طاقتوں کی بنیاد ہے "موت العالم موت العالم" عالم کی موت تمام افراد ملت کی موت اور اسکی حیات حیات ملی ہے، بدنصیب ہے وہ قوم جس نے اپنے علماء کی منزلت نہ کی اور بربادیوں کا خیر مقدم کیا!

ترقیِ اقوام کا راز صرف اکابر ملت کا زندہ رکھنا اور ان کے آثار کو زندہ رکھنا ہے۔ یورپ گو مذہب سے آزاد ہے مگر جذبۂ قدامت پرستی اسکے دل سے محو نہیں ہوا اسکو یقین ہے کہ اسکی عزت کا راز اسی جذبہ میں مستتر ہے۔

شکسپیئر کی ولادت کے روز ہر سال ایک عظیم الشان میلہ ہوتا ہے، اسکے بیٹھنے کی کرسی پر لوگ آکر بوسہ دیتے ہیں اور گرد طواف کرتے ہیں۔ اسی طرح مشہور علماء و کملا کے ہاتھ کے لکھے ہوئے مسودے خاص احترام سے عجائب خانوں میں رکھے ہوئے ہیں جسے دوردراز کا سفر کر کے لوگ دیکھنے آتے ہیں۔ لارڈ ٹینسن مشہور انگریزی "ملک الشعراء" جس کی وفات حال میں ہوئی ہے اسکے لکھنے کی میز اور قلم دوات کے لوگ ہزاروں روپے دینے کو تیار ہیں۔ لیکن اسکے ورثاء خود مستطیع ہیں لہذا نہیں دیتے۔

اگر ان حالات کا موازنہ اپنی قوم سے کروں تو یقیناً یہ جمود اور بے حسی میں ایک سالخوردہ میت سے زیادہ دقیع نہ ہو گی اور ہماری آبادی حقیقتاً گورغریباں کی آبادی ثابت ہو گی۔ جس قدر دوسری قومیں اپنے اسلاف کے زندہ رکھنے میں سرگرم ہیں اسی قدر ہم اپنے اکابر ملت کے مٹانے میں کوشاں ہیں حالانکہ ان مرنے والوں نے جہد للبقا میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔ لمؤلفہ۔

اس قوم سے پڑا ہے مجھے سابقہ جہاں
دستور اعتراف کمالات ہی نہیں

ہمارے اسلاف صالحین کی عظمت و جلالت صرف مقبروں اور خاک کے پامال ذروں میں ملے گی، ان کی موت کے وقت تو بر سم زمانہ بادل ناخواستہ چار آنسو بہالئے اور گڑھا کھود کر ان کو دفن کر دیا لیکن پھر کبھی کروٹ نہ لی، نہ یہ سمجھے کہ ہمارے فرائض مرنے والے کے ساتھ کیا کیا ہیں، اسکی تصانیف اسکے روحانی ذخیرے جنکو اسنے رات رات بھر دماغ سوزی سے لکھا تھا جب کہ شمعیں ختم ہو گئیں تھیں اسکے دماغ کا روغن مشتعل تھا، آج وہ ذخیرے کیڑوں کے نظر ہو گئے اور ان کے کمالات کی تصویریں اسقدر دھندلی ہو گئیں کہ رفتہ رفتہ نام و نشان تک صفحہ ہستی سے محو ہو گیا۔

اگر قوم کی جاہ و منزلت کا اندازہ کرنا چاہتے ہو تو مقبروں میں جاؤ دیکھو خاک کے ڈھیر میں کیسے کیسے خزانے پنہاں ہیں جو اپنے اخلاف کے ہاتھوں گمنامی و بے نشانی کا شکار ہیں، اے حی لایموت! تو ہم میں قومی زندگی کی روح پھونک کہ اپنے علماء کی حقیقی معرفت حاصل کریں اور "ہم کیا ہیں" اس حقیقت کو بے نقاب کریں۔

شاگردان آل محمد کا گروہ دنیا میں جس اعزاز کا مستحق ہے وہ کسی بڑے سے بڑے بادشاہ کو بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ ان کے بوسیدہ عمامے تاج فغفور و اکلیل جمشید سے کہیں بہتر، انکا حصیر قناعت جواہر نگار اور مرصع کار تختوں سے کہیں برتر، ان کی عظمت و جلالت شان کا اندازہ معمولی افراد کا کام نہیں انکی سیرت

آیندہ نسلوں کیلئے ایک موعظہ ہے۔ تذکرہ الاولین مواعظ الاخرین حامل رسالت رسول ﷺ محترم نے مختلف پیرایہ میں انکی جلالت کا اظہار کیا ہے:۔

کبھی فرمایا:

«مداد العلماء افضل من دماءالشهداء»

علماء کی سیاہی شہداء کے خون سے بہتر ہے۔

کبھی فرمایا:

«علماء امتي کانبیاءبني اسرائيل»

میری امت کے عالم بنی اسرائیل کے مانند ہیں۔

کبھی فرمایا:

«من اکرم عالما فقد اکرمني»

جس نے عالم کی عزت کی اس نے میری عزت کی۔

کبھی ارشاد ہوا:

«الفقهاء امناء الرسل ما لم یدخلوا في الدنیا»

فقہا، رسولوں کے امانت دار ہیں۔ جب تک دنیا میں داخل نہ ہوں۔

اس کی تفصیل پوچھی گئی کہ دنیا میں داخل ہونا کیا معنی، فرمایا متابعت کرنا سلطان کی جب وہ ایسا کریں تو ان سے حذر کرو۔

کبھی فرمایا:

«نوم العالم افضل من الف رکعة»

عالم کی ایک نیند ہزار رکعتوں سے بہتر ہے

یہ ہیں وہ منزلیں جن سے ان کے علو مرتبت کا اندازہ ہوتا ہے۔ البتہ ان لوگوں سے دھوکا نہ کھاؤ جو لباس اہل علم میں تم کو فریب دینا چاہتے ہوں اور طرز عمل سراسر رضائے الٰہی کے خلاف ہو جس کی نسبت آواز نفرین بلند ہے:

«ویل للعالم یتکلم بهواءالناس لایکون احد اشدعذابا منه یوم القیامة»؛

ویل ہواس عالم پر جو رضائے خلق کیلئے بات کرے روز قیامت کسی کا عذاب اس سے شدید تر نہ ہو گا۔

دوسری آواز

«ان العالم اذا لم یعمل بعلمه ذلت موعظة عن القلوب کما یزل المطر عن الصفا»؛

جب عالم اپنے علم پر عمل نہیں کرتا تو اسکا موعظ بھی دلوں پر اثر نہیں کرتا اور اس طرح دلوں سے محو ہو جاتا ہے جس طرح کہ پانی پتھر سے بہ جاتا ہے۔

کہیں نگاہ غضب سے تنبیہ کی جاتی ہے:

«من تعلم علما لغیر الله و اراد به غیر الله فلیتبوا مقعده من النار»

جو شخص خدا کیلئے علم نہ سیکھے اور ارادہ کرے اس سے غیر خدا کا اسکو چاہئے کہ اپنی جگہ نار میں مہیا کرے۔

غرر الحکم میں حضرت امیرؑ فرماتے ہیں:

«صلاح العمل بصلاح النیه و صلاح المعاد بحسن العمل»

نیکی عمل کی نیک نیتی سے ہے اور نیکی آخرت کی نیکی عمل سے ہے۔

اس معیار پر جانچنے کے بعد آج طبقہ اسلام کے روشن دماغ حضرات کے سامنے ایسی زندگی کا مرقع پیش کرنا چاہتا ہوں جس نے کرۂ اسلام کو اپنی تجلیوں سے منور کیا، جس کی زندگی کی ہر ساعت ذخیرہ تصنیف تھی، جس کی ہستی عرفا و سالکین کیلئے خداشناسی کی ایک نمایاں مثال تھی۔ یہ ترجمہ ایسا نہیں جس سے صرف فقہاء یا صلحا دلچسپی حاصل کر سکیں بلکہ ہر طبقہ کے بامذاق اپنے ذوق کے موافق بہرۂ وافر حاصل کر سکتے ہیں۔

اس کتاب (تجلیات) میں جس بزرگ کا جلوہ پیش نظر ہے (یعنی آیۃاللہ العظمی میر سید مفتی عباس ۱۲۲۴۔۱۳۰۶ھ۔ق) وہ محفل ادبا کا صدر نشین ، مجلس شعر اٗ میں ملک الشعر اٗ، بزم فقھاء کا مجتہد جامع الشرائط، بذلہ سنجون کی بزم طرب میں بلبل ہزار داستان، شبستان معرفت میں عابد شب زندہ دار، جس کی سادی اور بے ریا زندگی اس شعر کا ماحصل تھی۔

لیس الجمال باثواب تزینها

ان الجمال جمال العلم والادب

لکھنوٗ کی سر زمین بلکہ ہندوستان کی شیعہ آبادی اس مقدس ہستی پر نازاں ہے اور کیوں نہ ہو اس لیئے کہ ایسا ہمہ دان جسکو ہر فن کے ائمہ صدر محفل ہیں فخر یہ جگہ دیتے ہیں آپ ہی اپنی نظیر تھا۔

قسام ازل کے دربار عام میں روز ازل جب جواہر علوم کا خزانہ عامرہ کھولا گیا اور قسمت کیلیئے سر بستہ کیسوں کی مہریں توڑیں گئیں تو بقدر مشیت ہر مستحق بہرہ مند ہوا مگر اس علامہ ٗروز گار کو سب سے زیادہ حصہ اس موہبت عظمہ سے مرحمت ہوا۔ ادھر عطاے منعم ادھر ذوق تحصیل دستِ شوق نے اپنے جیب ودامن میں وہ انمول موتی اور بیش قیمت لعل ویاقوت بھر لیئے جو دوسروں کو دقت سے دستیاب ہوئے ،عالم اسباب کی نگاہ میں ان نعمتوں کو بمصداق امابنعمۃ ربک فحدث ظاہر و آشکار کیا اور ثابت کر دیا کہ میرے تمام ملکات علوم وہبی ہیں اکتسابی نہیں، انھیں وہبی قوتوں نے انکو علامہ ٗروز گار بنایا اور اپنے کمالات کی وجہ سے عام طور پر جو ہر دل عزیزی ان کو حاصل ہوئی ان کے امثال میں ایسی کوئی نظیر نہیں مل سکتی۔

آج تک علمی وادبی حلقوں میں ان کے واقعات نہایت خلوص اور عقیدت سے بیان کیئے جاتے ہیں ان کے لطائف علمیہ زبان زد خاص وعام ہیں روز مرہ کی باتیں لوگوں کے دماغوں میں محفوظ ہیں۔ لکھنؤ کی پرانی معاشرت کا جب کہیں تذکرہ ہوتا ہے تو ان کا نام ضرور آتا ہے۔شاعری کے میدان میں انکا اشہب خامہ بڑے بڑے نامی شہسواروں کے ہمعنان رہا۔ اسوقت کے اساتذہ فن نے ان کو مسلم الثبوت استاد مانا۔

نہایت افسوس تھا کہ ایسے بزرگ کے واقعات زندگی پردۂ خفا میں رہیں اور ایسے ہنگامے میں جب کہ خزف پارے لعل و جواہر بنا کر دکھائے جائیں اور اصلی موتیوں کی آب وتاب سے نگاہیں ناآشنا ہوں۔) انتھی (تجلیات ص ۲ تا ۷)

برصغیر میں تخمیناپانچ ھزار ۵۰۰۰ سے زائد شیعہ اھل قلم نے اپنے قلم کے ذریعہ مذہب کی خدمت کی ہے۔ اور ان آثار کی تعداد ۳۰۰۰۰ تیس ہزار سے متجاوز ہے، لیکن ھم یقین سے کیہ سکتے ہیں کہ ۹۰فیصد انکی اس علمی میراث سے ملت کی اکثریت آشنا نھیں ھے، اگر ملت کا جمود اسی طرح باقی رہاتو بعید نہیں کہ یہ بچی کھچی میراث بھی نابود ہوجائے اس علمی میراث کے ضائع ہونے سے معنوی نقصان کی حد معین کرنا تو ممکن نہیں البتہ مادی اعتبار سے ان ہزاروں بیش بہا قیمتی گوہروں میں سے ہر ایک علمی گوہر اگر مل جائے تو اس کا ایک ایک ورق لاکھوں کی قیمت کا حامل ہے۔اس خطرے کو محسوس کرتے ہوئے اور احساس مسؤلیت کے پیش نظر خدا کی بابرکت ذات پر بھروسہ کرتے ہوئے: ''مرکزاحیاء آثار برصغیر'' (مآب)وجود میں آیا ہے جس کا اصلی ترین ہدف ملت مسلمہ کے بزرگوں اور محسنوں کی یاد کو تازہ اور ان کی علمی میراث کو زندہ کرنا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ!

اسی ہدف کی روشنی میں برصغیر کے سب سے بڑے علمی خاندان کہ جس نے برصغیر میں مذہب حقہ کی سب سے زیادہ خدمت انجام دی۔یعنی جس علمی روایت کا سنگ بنیاد برصغیر میں مجدد الشریعہ سید دلدار علی غفران مآب (۱۱۶۶۔۱۲۳۵ھ۔ق) نے رکھا تھا اس سلسلہ جلیلہ کی ۲۳۵ سالہ علمی خدمات کی تجلیل کی غرض سے اس سلسلہ کے آخری معمار اور چودویں صدی کے آخری مسلم الثبوت مجتہد سید العلماء سید علی نقی نقن صاحب مرحوم (۱۳۲۳۔۱۴۰۸ھ۔ق) کی یاد کے عنوان سے **مآب** نے مجلہ میراث برصغیر کا پہلا اشمارہ انھیں کے نام سے معنون کرنے کا ارادہ کیا ہے۔

نوٹ: یادرہے کہ مآب کسی خاص خاندان یا کسی خاص شخص کا ترجمان نہیں ہے،۔ لیکن حقائق بالآخر حقائق ہوتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ وقتاً فوقتاً برصغیر کی عظیم شخصیات کے بارے میں خصوصی شمارے ملت کے ہاتھوں پہنچاے جائیں، اس میں ہمارے پیش نظر وہ شخصیات ہیں جنہوں نے مذھب حقہ کی نمایاں ومخلصانہ طور پر علمی، فرھنگی، اجتماعی خدمات انجام دی ہوں، اس حوالہ سے سیکڑوں شخصیات ابھی تک ایسی موجود ہیں جنکے نام اور انکے آثار سے بھی نسل جدید واقف نہیں ہے جن کے چند نمونے ہم نے ابتدا میں پیش کیے ہیں۔

مآب عنقریب سو سے متجاوز ایسے افراد کے ناموں کی فہرست پیش کرنے والا ہے جن کے بارے میں مرکز مستقل کتب ورسائل تحریر کرے گا، اس سلسلہ میں ہمیں تمام ایسے افراد کہ جن کے پاس اس قسم

کی (کہ جن کے نمونے سرورق پر لگادیے گیے ہیں) کوئی بھی اطلاع ہو اور تمام اہل فکر و دانش واہل قلم واہل خیر سے بھی تعاون کی اپیل ہے۔

اہداف تاسیس مآب

اگرچہ اس مرکز کا اصلی ہدف علمی میراث کو زندہ کرنا ہے، لیکن یہ مرکز اس اصلی ہدف کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے مندرجہ ذیل فرعی اہداف کو لے کر آگے بڑھے گا:

۱۔ احیاء میراث علمی

یہ احیاء میراث چند طریقوں سے ممکن ہے:

الف) کتابوں کی اشاعت

ب) کتابوں کی CD,S؛ تیار کرنا

ج) فوٹو کاپی: (اصل کتاب کے نہ ملنے کی صورت میں اسکی فوٹو کاپی حاصل کی جائے گی،)

د) لائبریری کا قیام

جس کے ایک حصے میں صرف برصغیر کے علماء اور دیگر دانشوروں کی مخطوطہ و مطبوعہ کتابوں کو محفوظ کیا جائے گا۔

۲۔ شیعی دائرۃ المعارف

اس کتابی مجموعے میں برصغیر کی شیعیت سے مربوط تمام مباحث کو پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

۳۔ کتابوں کی فہرست کی تدوین

اس کتابی مجموعے میں برصغیر کی شیعہ تالیفات (مخطوطات اور مطبوعات) کی توصیفی معرفی کی جائے گی۔

۴۔ شیعہ اکابرین کا تذکرہ

اس کتابی مجموعے میں برصغیر کے شیعہ علماء اور دیگر دانشوروں کے مجموعی حالات زندگی پر روشنی ڈالی جائے گی۔

۵۔ سیمینار

ملت کے بزرگوں اور محسنان اسلام کی یاد میں سیمینار کا انعقاد کرنا۔

۶۔ یادنامے

یعنی بعض علماء اعلام کے حالات زندگی اور ان کی علمی واجتماعی کاوشوں پر مشتمل مستقل کتاب تحریر کرنا۔

۷۔ تراجم کتب

برصغیر کے علماء اعلام کی عربی اور فارسی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کیاجائے گا گے اور بعض اردو کتابوں کا فارسی اور عربی میں ترجمہ کیاجائے گا۔ انشاءاللہ تعالی

۸۔ نشر مجلہ

"میراث برصغیر" کے عنوان سے شش ماہی مجلہ کی اشاعت وتشہیر۔

۹۔ ویب سایٹ

انٹرنیٹ کے ذریعے ان مطالب کو ملکی حدود سے باہر ساری دنیا تک پہنچایاجائے گا۔ انشاءاللہ تعالی

تعاون کی اپیل

آپ مندرجہ ذیل طریقوں سے اس مرکز کے ساتھ تعاون کرسکتے ہیں:

مالی تعاون؛

اہداء کتب؛

نادرالوجود کتابوں کی فوٹوکاپی یاCds ارسال کرکے۔

قلمی ودیگر قدیمی کتابوں کے بارے میں فون، ایمیل یاخط کے ذریعہ اطلاع دے کر کہ فلاں کتاب فلاں صاحب یافلاں کتابخانہ میں ہے؛

جن کے پاس قلمی ونادرالوجود کتابیں ہیں۔ وہ مرکز سے مربوط افراد کو فوٹو لینے کی اجازت دیں؛

جن کتابوں کو یہ مرکز شائع کرنا چاہتا ہے۔ آپ اپنے بزگوں کے ایصال ثواب کی نیت سے ان کتابوں کو شائع کروایں؛

محققین اور مترجمین مرکز کی انتخابی کتابوں کی تحقیق وترجمے میں تعاون فرما کر۔

دائرۃ المعارف، فہرست کتب، اور تذکرہ اکابر شیعہ سے مربوط کتب کی تدوین کے لئے شیعہ مذہب سے مربوط اطلاع فراہم کرکے مثلا آپ اپنے علاقہ کے یا دیگر علاقوں سے متعلق موجودہ وگذشتہ شیعہ فقہا، علماء کرام، مذہب وملت کے دلسوز اور حقیقی عزاداری کے مروجین ذاکرین حضرات، اطباء وحکماء، مستبصرین یعنی اپنے سابقہ مذہب کو چھوڑ کر مذہب شیعہ کو قبول کرنے والے حضرات کے حالات فراہم کرکے اسی طرح مذہب کے خدمت گذار شیعہ وزرا، وقبائیلی رؤسا، شیعہ خاندانوں، شیعہ حکمرانوں، شیعہ اولیاء کرام، و دیگر اہم ترین شیعہ شخصیات کے حالات زندگی ارسال کرکے، اسی طرح اہم ترین ماتمی انجمنیں، امام بارگاہیں، شیعہ مساجد، شیعہ مدارس، شیعہ کتاب خانے، شیعہ موقوفات، شیعوں سے متعلق دیگر مقامات، شیعہ مذہب کی ہر قسم کی چھوٹی بڑی اور ہر موضوع سے مربوط کتاب کے بارے میں اطلاع، اور اسی طرح شیعہ علماء کرام ودیگر دانشوروں اور مذہب کے دیگر محسنوں کے علاوہ شیعہ مقامات سے مربوط فوٹو ارسال کرکے وغیرہ وغیرہ خلاصہ آپ شیعہ مذہب سے مربوط ہر قسم کی اطلاع فراہم کرکے اس کار خیر میں حصہ لے سکتے ہیں۔

نوٹ:

آپ جس قسم کی بھی اطلاع فراہم کریں مستند ہونی چاہیے، اور اگر آپ کی یہ اطلاع مقالہ کی شکل میں ہوں تو دائرہ المعارف میں اسے آپ کے ہی نام سے تحریر کیا جائے گا، لہذا اسے مستند ومستدلل طریقہ سے تحریر ناضروری ہے، البتہ مرکز اس کو مفید بنانے کے ترمیم واضافہ کا حق رکھتا ہے، اور حتی المقدور چاپ کرنے سے قبل ایک دفعہ صاحب مقالہ کو یہ مقالہ دیکھایا جاے گا، اس لیے آپ اطلاع ارسال کرتے وقت اپنا مستقل اور عارضی پتہ اور رابطہ نمبر اور E-mail ضرور تحریر فرمائیں۔ شکریہ

صاحبان علم وقلم کے ورثا سے خصوصی تعاون کی اپیل

ان ورثا کرام سے ہماری گزارش یہ ہے کہ مآب کسی مادی دنیا کے حصول کی غرض سے وجود میں نہیں آیا ہے اور نہ ہی ہم اپنے محسنوں کی علمی میراث کو ذریعہ معاش بنانا چاہتے ہیں جس کی سب سے بڑی دلیل ہمارا وہ اعلان ہے جو ہم نے مآب کی مطبوعات کے پہلے صفحہ پر کیا ہوا ہے اور وہ اعلان یہ ہے:

مآب کی تمام مطبوعات قومی وملی سرمایہ ہیں لہذا ہر شخص وہر ادارہ دین ومذہب کی خدمت کی خاطر ان میں کسی قسم کا تصرف کیے بغیر انہیں چھاپ سکتا ہے۔

لہذا علم کے ورثا کرام سے اپیل ہے کہ تعاونوا علی بر وتقوی کے حکم خدا کے مطابق وہ اس کام میں ادارہ کی مدد فرمائیں یعنی اولاً تو اگر ان کے پاس علمی میراث موجود ہے تو اس کی ایک کاپی ولو قیمتاً ادارہ کو عنایت فرمائیں۔ ثانیاً اگر ادارہ آپ کے بزرگوں کی علمی خدمت کو کہیں سے حاصل کر لے اور اسے افادہ عام کے لیے دنیا کے سامنے لانا چاہے تو ورثا کرام کسی قسم کی مزاہمت ایجاد نہ فرمایں اور ہم ان سے اسی مدد کی خصوصی اپیل کرتے ہیں۔

والسلام

طاہر عباس اعوان

سید العلماءؒ

(آیت اللہ سید علی نقی نقوی المعروف نقن صاحب)

بزرگان تشیع کی نگاہ میں

حجۃ الاسلام سید سعید اختر رضوی

سید العلماء سید علی نقی جناب ممتاز العلماء ابو الحسن (منن صاحب) کے فرزند تھے۔ جو شمس العلماء سید ابراہیم بن جنت مآب سید تقی بن سید العلماء سید حسین علیین مکان ابن غفران مآب دلدار علی کے فرزند تھے۔ مولانا سید علی نقی ۲۶/رجب ۱۳۲۳ھ /۱۹۰۵ء کو لکھنو میں متولد ہوئے۔ ابھی آپ کی عمر ۳۔۴ سال کے درمیان تھی کہ آپ کے والد ماجد ۱۳۲۷ھ میں مع متعلقین تکمیل علوم کے لئے نجف اشرف تشریف لے گئے۔ آپ کی عمر ۹/برس کی تھی جب ۱۳۳۲ھ میں آپ کے والد گرامی ہندوستان واپس آئے۔

اس وقت تک آپ کی صرف و نحو کی ابتدائی کتابیں ختم ہو چکی تھیں۔ لکھنو واپس آکر آپ کے والد صاحب طاب ثراہ نے آپ کی تعلیم اپنے ذمے رکھی۔ والد کی علالت کے زمانے میں آپ کے برادر معظم مولانا سید محمد عرف میرن صاحب آپ کو پڑھاتے تھے۔ سرکار سید العلماء نے مدرسہ ناظمیہ اور سلطان المدارس دونوں جگہ داخلہ لیا۔ مدرسہ ناظمیہ کے فاضل اور سلطان المدارس کے سند الافاضل کا ایک ہی ساتھ امتحان دیا۔

پھر دوسرے سال دونوں درجوں کے ضمیموں کا اور تیسرے سال ممتاز الافاضل اور صدر الافاضل کا ایک ہی ساتھ امتحان دیا اور اس ذیل میں نجم الملۃ اور جناب باقر العلوم دونوں سے تلمذ حاصل ہوا۔ عربی ادب میں آپ کی مہارت اور فی البدیہہ قصائد و مراثی لکھنے کے اسی دور میں بہت سے مظاہرے ہوئے اور عربی شعر وادب میں آپ کے اقتدار کو شام و مصر و عراق کے علماء نے قبول کیا۔ علامہ امینی (صاحب الغدیر) نے آپ کا ایک قصیدہ (الغدیر) میں شامل کیا ہے۔ اور آغائے بزرگ تہرانی طاب ثراہ نے شیخ طوسی کے حالات کو آپ کے لکھے ہوئے مرثیے پر ختم کیا ہے۔ طالب علمی میں ہی سرفراز لکھنو، الواعظ لکھنو اور شیعہ لاہور میں آپ کے علمی مضامین ہونے لگے تھے۔ اور ۳۔۴ کتابیں بھی عربی اور اردو میں اسی زمانے میں شائع ہوئیں۔ تدریس کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ کچھ عرصے تک بحثیت مدرس ناظمیہ میں بھی معقولات کی تدریس کی اس دور کے شاگردوں میں مولانا محمد بشیر صاحب فاتح ٹیکسلا۔ علامہ سید مجتبیٰ حسن صاحب کاموں پوری اور جناب حیات اللہ انصاری شامل تھے۔

سفر عراق

سید العلماء ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۹۲۷ء میں تکمیل علم کے لئے عراق تشریف لے گئے۔ قیام عراق کا پانچ سالہ دور مرحوم کا ایک زریں باب ہے۔ ان پانچ برسوں میں آپ نے فقہ واصول میں وہ ملکہ پیدا کیا کہ اس دور کے ۳/ مجتہدین یعنی آیۃ اللہ اصفہانی آیۃ اللہ نائینی اور آیۃ اللہ سید ضیاء الدین عراقی نے آپ کو واضح الفاظ کے اجازے دیئے۔ علم کلام اور دفاع مذہب میں آپ کی مہارت کا لوہا سید محسن امین عاملی، شیخ جواد بلاغی محمد حسین کاشف الغطاء اور سید عبد الحسین شرف الدین موسوی نے مان لیا۔

نجف میں عربی تصانیف

نجف میں پہنچ کر سب سے پہلے جو کتاب آپ نے تصنیف کی وہ وہابیت کے خلاف تھی جو بعد میں "كشف النقاب عن عقائد عبدالوهاب" کے نام سے شائع ہوئی۔ عراق وایران کے مشہور اہل علم نے اس کتاب کو ایک شاہکار قرار دیا۔ دوسری کتاب "اقالة العاثر في اقامة الشعائر" ماتم وغیرہ کے جواز میں۔ تیسری کتاب "السيف الماضي علي عقائد الاباضي" خوارج کی رد میں چار سو صفحہ کی کتاب ہے۔

پانچ سال بعد رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ میں جب سید العلماء ہندوستان واپس آئے تو مندرجہ بالا تین مراجع تقلید کے علاوہ دوسرے مجتہدین کبار نے بھی آپ کو اجازہ ہائے اجتہاد دیئے تھے۔ مثلاً آیت اللہ شیخ عبد الکریم یزدی حائریؒ (مؤسس حوزہ علمیہ قم) آیت اللہ محمد حسین اصفہانیؒ، آیت اللہ ابراہیم معروف بہ میرزا آقائے شیرازیؒ، آیت شیخ ہادی کاشف الغطاءؒ آیت اللہ میرزا علی یزدانیؒ، آیت اللہ شیخ محمد حسین تہرانیؒ، آیت اللہ شیخ کاظم شیرازیؒ، آیت اللہ میرزا ابوالحسن مشکینیؒ، اور آیت اللہ سید سبط حسن مجتہدؒ۔

سید العلماءؒ نے علم تفسیر اور علوم قرآن نیز عقائد اور علم کلام سے متعلق جو تحقیقی تصانیف اردو میں لکھے ہیں۔ ان کی فہرست بہت طویل ہے۔

وہابیت کے خلاف تحریک

جب وہابیوں نے حجاز پر اپنا تسلط قائم کیا اور ۱۹۲۵ء میں اہل بیت اطہارؑ، ازدواج نبی، اور صحابہ کبار کے مزارات کو منہدم کر دیا۔ اس وقت ہندوستان کے تمام مسلمانوں خصوصا شیعوں میں تلاطم برپا ہو گیا۔ فرنگی محل میں انجمن خدام الحرمین قائم ہوئی۔ شیعوں کی طرف سے سرکار نجم الملۃ کی سرپرستی میں وہابیت

کے خلاف جو تحریک شروع ہوئی اس میں سید العلماء اپنے استاد کے قوت بازو تھے۔ اس سلسلہ میں جو کتابیں اپیلیں اور مضامین لکھے گئے۔ ان کا ذکر اس مضمون کو بہت طویل کر دے گا۔

امامیہ مشن

۱۳۵۰ھ میں آپ کی تشریف آوری کے بعد سید ابن حسین صاحب نقوی مرحوم نے امامیہ مشن کی بنیاد رکھی۔ جس کا خاص مقصد تھا سید العلماء کی اردو کتابوں اور تحریروں کی نشر و اشاعت۔ ابتدائی دور میں اس میں بہت ہی وقیع اور موقر کتابیں شائع ہوئیں۔ اگرچہ آخری دور میں یہ ۸۔۸۔ اور ۱۶۔۱۶ صفحات کے مختلف پمفلٹوں کی اشاعت تک محدود ہو گیا۔

یادگار حسینی

۱۳۶۱ھ میں امام حسینؑ کی شہادت کو ۱۳۰۰ سال پورے ہو رہے تھے۔ اس مناسبت سے دو، تین سال قبل سے آپ نے ہندوستان کے گوشے گوشے میں یہ تحریک پھیلائی کہ ۱۳۶۱ھ میں یادگار حسینی اس طرح منائی جائے کہ جس میں ہر قوم اور ہر مذہب کے لوگوں کو شریک کیا جائے۔ اور وہ لوگ امام حسینؑ سے اپنی عقیدت کا اظہار کریں۔ یادگار حسینی کا ایک سب سے بڑا منصوبہ واقعہ کربلا پر ایک مبسوط کتاب شائع کرنا تھا۔ اس کتاب کی تدوین کے لئے ایک ایڈیٹوریل بورڈ کی تشکیل کی گئی۔ لیکن غیر منقسم ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ممبران بورڈ کا اجتماع عملاً غیر ممکن ثابت ہوا۔ آخر میں سید العلماء نے ایک میٹنگ میں جس میں صرف چند حضرات شریک تھے۔ یہ صورت تجویز کی کہ وہ کتاب لکھ کر بورڈ کی میٹنگ میں استصواب کے لئے پیش کر دیں۔

ربیع الاول ۱۳۶۴ھ (فروری، مارچ ۱۹۴۵ء) میں اس کتاب کا مسودہ طبع کرا کے بورڈ کے ممبران کے پاس بغرض استصواب بھیجا گیا۔ ادارہ یادگار حسینی لکھنو نے اس ضمن میں ایک فیصلہ یہ کیا کہ اس مسودہ شہید انسانیت کے بچے ہوئے نسخوں کو قیمتاً عام پبلک کو فروخت کیا جائے۔ مقصد چاہے نیک رہا ہو لیکن اس اقدام نے قوم میں انتشار اور افتراق پیدا کر دیا۔ مسودہ شہد انسانیت کی مخالفت ہوئی اور کھل کر ہوئی۔ قضیہ اس حد تک بڑھا کہ چالیس چالیس برس کے نکاح کا شکار ہو گئے۔ بیٹا باپ کا اور بھائی بھائی کا دشمن ہو گیا۔ یہ وہ ہنگامہ خیز دور تھا جب ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ ہونے والا تھا۔ اور آخر کار ۱۵/ اگست کا ہندوستان اور پاکستان تقسیم ہو گئے۔

لیکن قوم کی تمام تر توجہ شہید انسانیت کے حق یا باطل ہونے پر مرتکز رہی۔ علمی مسائل میں اختلافات خود شہر لکھنو میں پہلے بھی اٹھتے رہے تھے۔ لیکن وہ مناظرہ یا ردوقدح تحریر ہوئی تھی اور وہ بھی اکثر فارسی زبان میں۔ اس لئے عوام الناس تک اس کا اثر بہت زیادہ نہیں پہونچتا تھا۔ شہید انسانیت کے سلسلے میں ایک قیامت یہ ہوئی کہ منبر کو میدان مناظرہ اور عوام الناس کو علمی مسائل کا قاضی بنا دیا گیا۔ اور اس طرح یہ آگ بیسوں برس تک بھڑکتی رہی۔ میرا مقصد اس تحریر سے شہید انسانیت کی تائید یا تردید نہیں ہے۔ میں صرف اس تکلیف دہ صورت حال کا تذکرہ کر رہا ہوں جو اس قضیے سے پیدا ہو گئی تھی۔

خطابت

سید العلماء کی خطابت کا ایک خاص رنگ تھا جو عبارت آرائی و سستی نکتہ آفرینی کے بجائے علم اور تحقیق پر مبنی تھا۔ اور ایک گھنٹہ کی مجلس میں حقائق کے کتنے دروازے واہو جاتے تھے ان کی تقریر اور تحریر میں بہت کم فرق ہوتا تھا۔ دوسری خاص بات ان کی تقریروں میں یہ تھی کہ کہ ہر مذہب وملت کا ماننے والا اسے اطمینان قلب کے ساتھ سن سکتا تھا۔ اور فیض یاب ہو سکتا تھا۔ کسی جملہ سے کسی کی دل آزاری کا خطرہ نہیں تھا۔

لکھنو یونیورسٹی

عراق سے واپسی کے کچھ عرصہ بعد ۱۹۳۲ء میں آپ لکھنو یونیورسٹی کے شعبہ عربی سے وابستہ ہو گئے۔ اور ستائیس برس تک طلباء کو فیض پہنچاتے رہے۔

علی گڑھ یونیورسٹی

۱۹۵۹ء میں علی گڑھ یونیورسٹی نے آپ کو شیعہ دینیات کے شعبے میں بحیثیت ریڈر مدعو کیا اور آپ علی گڑھ منتقل ہو گئے۔ پھر آپ شیعہ دینیات کے پروفیسر بنائے گئے۔ ریٹائر منٹ کے بعد آپ نے علی گڑھ ہی میں سکونت اختیار کر لی۔ ۱۹۷۷ء میں لکھنو کے کچھ شر پسندوں نے آپ کے لکھنو کے مکان میں آگ لگادی۔ جس میں ہزاروں قیمتی کتابیں جل کر راکھ ہو گئیں۔ اس میں آپ کے عربی تصانیف کے غیر مطبوعہ مسودات بھی تلف ہو گئے جن کا ان کو آخر عمر تک صدمہ رہا۔

وفات

آپ نے یکم شوال روز عید الفطر ۱۴۰۸ھ / ۱۸مئی ۱۹۸۸ء کو لکھنو میں رحلت فرمائی۔ اور وہیں سپرد خاک کئے گئے۔

تصانیف

آپ کے تصانیف کو جو فہرست کتابچہ سید العلماء میں چھپی ہے وہ ایک سو اکتالیس کتابوں اور کتابچوں پر مشتمل ہے۔ بخوف طول اسے نقل کرنے سے اجتناب کرنا پڑا۔[1]

جناب محمد وصی خانؒ

اپنی کتاب "تشکیل پاکستان میں شیعیان علیؑ کا کردار" میں تحریر فرماتے ہیں:

سیز دہ سالہ یادگار حسینیؑ اور تحریک آزادی پاکستان

شہادت امام حسین علیہ السلام کی تیرہ سو سال پورے ہونے لگے تو برصغیر کے شیعہ حضرات نے اس شہادت عظمیٰ کی یاد عظیم الشان طریقے پر منانے کے لئے شہر شہر گاؤں گاؤں پروگرام مرتب کئے تاکہ حسینیؑ پیغام حریت کو پیش کیا جاسکے۔

ہر شہر میں بڑے بڑے جلسہ منعقد کئے گئے، اس سلسلہ کا سب سے پہلا جلسہ قصبہ زید پور ضلع بارہ بنکی یوپی انڈیا میں منعقد کیا گیا، جس میں ملک سے کافی حضرات نے شرکت کی جس میں علماء کرام، دانشور، وکلاء حضرات نے اور ماتمی انجمنیں اور دیگر قومی تنظیموں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس جلسہ کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ اس میں مختلف مذاہب کے لوگوں نے بھی حصہ لیا اور سید الشہداء علیہ السلام کی عظیم قربانی جو انہوں نے اللہ کے دین اور محمد ﷺ کی شریعت کے بچانے کے لئے پیش کی تھیں ان کو بھرپور انداز میں پیش کیا۔ یہ جلسے حجۃ الاسلام علامہ سید علی نقی مدظلہ العالی کی صدارت میں ہوئے۔

ان جلسوں نے تحریک آزادی ہند کے لئے بڑے مؤثر انداز میں کام کیا، کیونکہ ان جلسوں میں لوگوں نے زیادہ تر جو تقریریں کی تھیں ان کا لب لباب ظلم اور ناانصافی کے خلاف حسینیؑ اقدام کی تائید تھی۔ جس نے آگے چل کر لوگوں کے دلوں کو

---

[1] ۔ خورشید خاور تذکرہ علماء ہند و پاک، ص ۲۶۳ - ۲۶۸۔

فرہنگیوں اور ہندوں کے ظلم اور ستم جو انہوں نے مسلمانوں پر کر رکھے تھے اٹھ کھڑے ہونے میں اور مدد گار ثابت ہونے میں مدد دی۔ رفتہ رفتہ یہ جلسہ تحریک کی صورت اختیار کر گئے جس کے متعلق سنی جید عالم دین صوفی محمد یوسف علی خاں صاحب اپنی کتاب قرآن ناطق مطبوعہ ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک کراچی (سن طباعت نومبر ۱۹۶۷ء) میں اپنے خیالات کا اظہار حقائق کی روشنی میں پیش کرتے ہیں۔

جنوری ۱۹۴۲ء، ۱۳۶۱ھ کی آمد آمد تھی کہ نائب الامام فی الانام سید العلماء جناب علی نقی صاحب قبلہ مد ظلہم العالی لکھنو نے اپنی صاف باطنی کی تحریک لطیف پر تقسیم ملک کے لئے حسینیتؑ کا وقار عالم آشکار کرنے کی دل سے ٹھانی۔ حسن قبول کا یہ عالم کہ ہندوستان بھر کے تمام مذہبی اور سیاسی نظریئے۔ اس پاک نظریئے سے متفق و متحد ہوتے چلے گئے۔ جابجا، یاد گار حسینیؑ کے جلسوں میں ہر مقرر نے حسینیؑ شاہکار کا سہارا لیتے ہوئے اقلیت کو قوت عمل بخشی انگریزی استبداد کے پرخچے اڑ گئے اور پاکستان بننے کے امکانات بروئے کار آئے۔ آخر محمد علی نے نظم و نظام پاک ملک، قائد اعظم بن کے سنبھالا۔ اگرچند سیہ دروں بدنہاد انگریزی سیاست کا آلہ بنکر پاک تحریک کی مخالفت اور اس مرد پاک باطن پر غیر شریفانہ حملے نہ کرتے تو پاک ملک میں حسینیت کار فرما ہوتی۔[1]

سید کرنل بشیر حسین زیدیؒ

زیدی صاحب نے سید العلماء کی وفات پر حقیقت کو بے نقاب کرنے والا یہ عظیم مقالہ تحریر فرمایا:

افق حسینیت کا آفتاب غروب ہو گیا

سید العلماء مولانا سید علی نقی نقوی اعلیٰ اللہ مقامہ کے انتقال سے علم و فضل، خصوصا علم دین کے دینا سے، ایک ایسی بے مثال اور عظیم ہستی ہمارے درمیان سے

[1] تشکیل پاکستان میں شیعیان علیؑ کا کردار، ص ۵۹۲-۵۹۱۔

اٹھ گئی کہ یہ خلاء شاید ایک طویل مدت تک ہمیں محسوس ہوتا رہے گا۔ لیکن ان کے انتقال سے افق حسینیت کا تو ایک آفتاب غروب ہو گیا۔ مرحوم کو ملک اور بیرون ملک میں جو عدیم المثال مقبولیت اور شہرت حاصل تھی اس کی بنیاد ذکر محمد وآل محمد اور حسینؑ کی ذاکری تھی۔

اس میدان میں کوئی ان کی ہمسری نہ کر سکا۔ شہادت حسینؑ کے تیرہ سو برس گزر نے پر ملک بھر میں جو یادگاری جلسے ہوئے انہوں نے حسینؑ کی یاد کو ایک تازگی اور تقویت پہنچائی۔ اس سلسلے میں مولانا مرحوم نے بہت نمایاں خدمات انجام دیں اور شہید انسانیت لکھ کر انہوں نے حسینیت کے مشن کی اہمیت اور اس کے مختلف پہلوؤں او رزاویوں پر روشنی ڈالی اور شہادت کی معنویت کو ایک بالکل اچھوتے انداز سے پیش کیا۔

مولانا علی نقی کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں اور گوشوں سے متعلق مجھ سے بہت بہتر صاحبان فکر و نظر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے، لیکن میں اس مختصر سے مضمون میں چند ان واقعات پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں جو شاید میرے سوا کسی دوسرے کے علم میں نہیں ہیں۔

علی گڑھ یونیورسٹی میں ڈاکٹر ذاکر حسین مرحوم کی وائس چانسلری کے زمانے میں ناظم شعبہ دینیات کی جگہ خالی ہوئی تو ان کی نظر انتخاب مولانا علی نقی مرحوم پر پڑی، بد قسمتی سے مولانا کی عام قبولیت اور شہرت لکھنو میں ان کے چند ممتاز ہم عصر علماء کو پسند نہ آئی اور وہ طرح طرح سے، خفیہ اور اعلانیہ، مولانا مرحوم کو ہدف تنقید بناتے رہے۔ ان میں سے چند بزرگوں کی رسائی نواب رضا علی خاں مرحوم، والئی ریاست رام پور تک بھی تھی۔ نواب صاحب اس وقت یونیورسٹی کے چانسلر تھے۔ ان حضرات نے طرح طرح سے نواب صاحب کے کان بھرے اور انہیں مولانا سے بد ظن کیا۔ جب ہز ہائی نس کو معلوم ہوا کہ یونیورسٹی میں ناظم شعبہ دینیات کی اسامی پر مولانا مرحوم کے تقرری کی تجویز ہے تو انہوں نے ذاکر صاحب مرحوم کو لکھا کہ یہ بات ان کے نزدیک

بہت نامناسب اور قابل اعتراض ہے اور اگر مولانا کا تقرر کیا جاتا ہے تو یونیورسٹی کی چانسلری سے ان کا استعفیٰ منظور کیا جائے۔

ذاکر صاحب نے موقع محل کی نزاکت کو پوری طرح سمجھتے ہوئے بہت ڈپلومیٹک جواب دیا۔ اس میں اظہار کیا گیا تھا کہ اعلیٰ حضرت نے جو احسانات یونیورسٹی پر کئے ہیں ان کی ہمارے دلوں میں بڑی قدر و منزلت ہے اور آپ کا چانسلری سے علیحدہ ہونا یونیورسٹی کے لئے حد درجہ قابل افسوس ہو گا۔ لیکن اعلیٰ حضرت کی منشا کے خلاف کاروائی بھی نامناسب معلوم ہو گئی۔ اس لئے میں بدرجہ مجبوری حضور کا استعفیٰ فیصلے کے لئے کورٹ میں پیش کر دوں گا۔ کورٹ نے اعلیٰ حضرت کا استعفی قبول کر لیا ظاہر ہے کہ اس سے کافی ہلچل پیدا ہوئی اور مولانا مرحوم کا تقرر ایک امر نزاعی بن گیا۔ میں نے بحیثیت چیف منسٹر ریاست رامپور اور ذاکر صاحب مرحوم کے دلی خیر خواہ اور دوست کی حیثیت سے انہیں مشورہ دیا کہ آپ ان کے تقرر کے معاملے میں جلدی نہ کریں، بلکہ اس مسئلے کے متعلق آپ مولانا ابوالکلام آزاد سے مشورہ کر لیں۔

ذاکر صاحب مولانا آزاد مرحوم سے جا کر ملے تو انہوں نے فرمایا کہ میرے بھائی تمہارے انتخاب سے تو مجھے بالکل اختلاف نہیں ہے لیکن یہ تقرر ممکن ہے کچھ پیچیدگیاں پیدا کرے اور یونیورسٹی کے مفاد کو نقصان پہنچے۔ آپ فی الحال اس خیال سے باز رہیں۔

زمانہ گزرتا رہا اور اس کے ساتھ حالات بھی بدلتے رہے، اور ایک دن ذاکر صاحب مرحوم نے وائس چانسلری کے عہدے سے استعفی پیش کر دیا اور ہر طرح کا زور پڑنے کے باوجود اپنے فیصلے پر اٹل رہے، اس کے بعد قرعہ فال میرے نام پر پڑا۔ اور انہوں نے مولانا مرحوم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا کہ میرے نزدیک میری جگہ کرنل بشیر زیدی کا تقرر مناسب ہو گا۔ مولانا مرحوم نے مجھے یاد فرمایا اور پوچھا کہ آپ علی گڑھ جانے کے لئے تیار ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ میری پارلیمنٹ کی ممبری کا آغاز ہے، میں چاہتا ہوں کہ بحیثیت ممبر پارلیمنٹ ملک و ملت کی کچھ خدمت کروں۔

مگر مولانا آزاد مرحوم اور ذاکر صاحب کے اصرار پر میں مجبوراً علی گڑھ جانے کے لئے تیار ہو گیا۔

یونیورسٹی پہنچ کر میں نے وائس چانسلری کا چارج لیا اور یہاں کے حالات کا مطالعہ کیا۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سلسلے میں میرے ذہن میں جو بہت سے منصوبے تھے ان میں شعبہ دینیات کی تعمیر و تشکیل نو کا منصوبہ بھی شامل تھا۔ سر سید علیہ الرحمہ نے پہلے دن سے یہ کوشش کی تھی کہ کالج میں انگریزی تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامی ماحول بھی پیدا ہو۔ ان کی خواہش تھی کہ مسلمان طالب علم اچھے مسلمان بنیں۔ اور انہیں مذہب سے شغف اور تعلق خاطر ہو۔ وہ خود، اور ان کے رفقاء واحباب جیسے مولانا حالی، مولانا شبلی، ڈاکٹر نذیر احمد، وقار الملک، محسن الملک یہ تمام حضرات مذہبی اعتبار سے راسخ العقیدہ تھے اور علی گڑھ کو اسلامی تہذیب کا مرکز دیکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ شروع سے ہی کالج کی تعلیم میں شعبہ دینیات کا قیام وانتظام شامل رہا۔ اکثر ایسا بھی ہوتا تھا کہ کالج کا انگریز پرنسپل صبح اٹھ کر گشت کرتا تھا تاکہ وہ خود دیکھ سکے کہ طالب علم نماز پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔ رمضان کے دنوں میں کالج کے ہوسٹل کا ڈائننگ ہال بند رہتا تھا۔ لیکن یہ سب کچھ ہونے کے باوجود دینیات کی تعلیم اس پائے کی نہ تھی جیسا کہ ایک اعلیٰ مرکز علم اسلامیات کی تعلیم کے معیار کو بلند کیا جائے اور طالب علموں میں اسلام سے ایک حد تک عمومی اور ضروری معلومات کے علاوہ دینیات کی تعلیم بحیثیت ایک علیحدہ مضمون کے آزادنہ طور پر بھی ہو۔ دوسرے مضامین کی طرح یونیورسٹی اس مضمون میں بھی، بیچلر، ماسٹر، اور ڈاکٹر آف تھیالوجی، وغیرہ کی ڈگریاں دیا کرے اور سنی اور شیعہ شعبوں کے لئے ممتاز علماء کو، کوشش کر کے، اچھی تنخواہوں پر مقرر کیا جائے۔

سنی شعبہ دینیات کی سربراہی کے لئے میری نظر انتخاب مولانا سعید احمد اکبر آبادی مرحوم پر پڑی۔ چنانچہ میں نے اس کی پیش کش بھی کی، وہ اس وقت کلکتہ مدرسے کے پرنسپل تھے۔ انہوں نے میری پیش کش کو قبول نہ کیا۔ اس کے بعد میں نے اپنے محترم بزرگ اور دوست مولانا حفظ الرحمن مرحوم کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ کلکتہ جا کر مولانا

اکبر آبادی کو تیار کریں۔ چنانچہ ان کی بات کو مولانا اکبر آبادی نہ ٹال سکے اور اس طرح علی گڑھ میں ان کا تقرر ہو گیا۔

شیعہ دینیات کے شعبے کے سلسلے میں مجھے اپنے رو ڈاکٹر ذاکر حسین کی وائس چانسلری کا واقعہ یاد آیا اور میں نے سوچا کہ مولانا علی نقی نہ صرف اس شعبے کے سربراہی کے لئے موزوں ترین شخص بلکہ اس تقرر سے ذاکر صاحب کو بھی مسرت ہو گی۔ بد قسمتی سے میری اس تجویز کا علم لکھنو کے بعض حلقوں کو ہو گیا، اور ایک بار پھر طوفان کھڑا ہو گیا، جو ذاکر صاحب کی وائس چانسلری کے زمانے میں ہوا تھا۔ اس زمانے کے ایل، شریمالی وزیر تعلیم تھے۔ان کے پاس سیکڑوں کی تعداد میں اس مضمون کے خطوط، تار، اور عرض، داشتیں پہنچنی شروع ہو گئیں کہ مولانا علی نقی پاکستان کے جاسوس ہیں اور ہندوستان سے غداری ان کی جزو فطرت ہے۔ مراسلات کا یہ طومار صرف لکھنو سے ہی نہیں، بلکہ ہندوستان کے بیسوں شہروں اور قصبوں سے وزیر تعلیم کے پاس پہنچتا رہا۔ اس شورش و شر انگریزی سے پریشان ہو کر شریمالی صاحب نے مجھے لکھا کہ یہ مولانا کون صاحب ہیں کہ جن کے لئے ہندوستان کے سیکڑوں ہندوؤں اور مسلمانوں کے ان گنت خطوط اور تار میرے پاس آرہے ہیں جن میں بہ اتفاق رائے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مسلم یونیورسٹی میں ان کا تقرر ملک کے مفاد کے لئے حد درجہ نقصان دہ ثابت ہو گا۔ میں نے جواب میں شریمالی صاحب کو لکھا کہ یہ ہنگامہ ایک دیرینہ سازش کے تحت ہے۔

بہتر ہے کہ اس سلسلے میں اصل حقیقت دو صاحبان سے معلوم کر لیں۔ ایک خود آپ کی وازرت کے سیکٹریڑی، خواجہ غلام السیدین اور دوسرے گوپی ناتھ امن، جو دہلی ریاست میں وزیر بھی رہ چکے ہیں۔ میں بخوبی واقف تھا کہ یہ دونوں حضرات مولانا مرحوم کے متعلق بڑی اعلیٰ اور وقیع رائے رکھتے ہیں۔ چنانچہ ان کے خیالات معلوم کرنے کے بعد شریمالی صاحب نے مجھے لکھا کہ آپ چاہیں تو مولانا کا تقرر یونیورسٹی میں کر سکتے ہیں۔ چنانچہ اس طرح مولانا مرحوم علی گڑھ تشریف لے آئے۔

ان دونوں حضرات مولانا سعید احمد اکبر آبادی مرحوم اور سید العلماء مرحوم نے دینیات کی تعلیم کا ایک اعلیٰ معیار اور بہت اچھا ماحول قائم کیا چونکہ یہ دونوں حضرات دونوں فرقوں میں برابر کے ہر دل عزیز تھے اس لئے ان کی کوششوں سے یونیورسٹی میں اسلامی ماحول میں ایک نئی تازگی اور ترقی پیدا ہو گئی۔

کچھ عرصے بعد پاکستان سے لوگوں، کے خطوط آنے شروع ہوئے جن میں مولانا علی نقی مرحوم کو پاکستان مدعو کیا جاتا تھا۔ اس سلسلے میں مجھ پر بھی زور ڈالا گیا کہ کسی طرح میں مولانا کو چند روز کے لئے پاکستان جانے پر آمادہ کر دوں۔ ظاہر ہے کہ جن حالات میں مولانا کا تقرر ہوا تھا ان کے پیش نظر مولانا مرحوم جیسے محتاط انسان کی طبعیت انہیں کیسے پاکستان جانے کی اجازت دے سکتی تھی۔ جب احباب پاکستان کا اصرار حد سے بڑھنے لگا تو میں نے انہیں لکھا کہ اگر حکومت پاکستان مولانا کے وہاں جانے کے سلسلے میں اپنے شوق کا اظہار کرے تو ہو سکتا ہے کہ مولانا وہاں جانے کے لئے تیار ہو جائیں۔

مجھے خیال تھا کہ حکومت پاکستان کبھی مولانا کو دعوت دینے کی تکلیف نہ کرے گی۔ لیکن اس وقت میری حیرت کی انتہاء نہ رہی جب پاکستان ہائی کمشنر نے مجھے خط لکھا کہ پاکستان کے لوگ مولانا علی نقی کو پاکستان بلانے کے بے حد خواہشمند ہیں اور امید ہے کہ آپ اس کی اجازت دے کر انہیں پاکستان آنے کے لئے تیار کر سکیں گے۔ میں نے بہت خوش ہو کر مولانا مرحوم کو یہ خبر سنائی، مگر مجھے بے حد تعجب ہوا جب مولانا نے شدت کے ساتھ پاکستان جانے سے انکار کر دیا۔ میرا خیال ہے کہ جب تک ان کا تعلق یونیورسٹی کی ملازمت سے رہا، وہ پاکستان تشریف نہیں لے گئے۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد وہاں کے لوگوں کے بے حد اصرار پر وہ دو تین بار پاکستان تشریف لے گئے تھے۔

میں نے مناسب سمجھا کہ ان چند واقعات کے ضبط تحریر میں لے آؤں کیونکہ ان سے مولانا مرحوم کی زندگی کے چند گوشوں پر بھی روشنی پڑتی ہے اوراب میرے سوا ان کا علم رکھنے والا کوئی شخص موجود نہیں ہے۔[1]

سید العلماءؒ در آئینہ منظومات

وہ شخص علم الٰہی کا اک سفینہ تھا! (راقم لکھنوی)

نڈھال رنج سے ادراک زندگانی ہے — سیاہ پوس فضائے جہاں فانی ہے
ہر ایک آنکھ دے اشکوں کی روانی ہے — حواس دنگ ہیں یہ آگ ہے کہ پانی ہے

جو نٹتا تھا ہدایت کی روشنی نہ رہ
ہلاک ہوگئی دنیا علی نقی نہ رہا

ہزار حیف نہ دنیا نے قدر کی اس کی — دل ونظر کو رلاتی ہے بے کسی اس کی
مثال لائے کہاں سے اب آدمی اس کی — ہرایک ظلم پہ بس ایک خامشی اس کی

بلند کر گئی انسانیت کی راہوں کو
شکست دے گئی اس کے ستم پناہوں کو

اڑاتے رہتے ہیں جو دوسروں کے غم کی ہنسی — کسی کو موت پہ ہوتی ہے جن دلوں کو خوشی
خبر نہیں انہیں موت و حیات کی کوئی — وہ اس حقیقت فطری سے بے خبر ہیں ابھی

بشر وہ کون ہے جو موت سے قریب نہیں
ہیشگی کسی انسان کو نصیب نہیں

[1] ۔یادگاری مجلہ۔۱۹۸۸ء ص ۳۱-۳۴۔

نہ وہ امام تھا مطلق نہ وہ پیمبر تھا　　مگر وہ آئینہ اتقی کا جوہر تھا
وہ اپنے عہد میں صبر ورضا کا پیکر تھا　　علوم آل محمد کا اک سمندر تھا

وہ ذی شعور رہ معرفت کاسالک تھا
وہ ذی وقار زبان وقلم کا مالک تھا

وہ شخص سید اہل علوم عرفاں تھا　　وہ شخص حامل تفسیر پاک قرآں تھا
وہ شخص عارف ذات رسول ویزداں تھا　　وہ شخص واقف آثار شاہ مرداں تھا

وہ شخص معرفت حق کا اک خزینہ تھا
وہ شخص علم الہی کا اک سفینہ تھا

جو تھا فروغ پیام حسینیت کا سبب　　وہ جس کے ذکر شہ کربلا سے ترتھے لب
وہ، جو سکھاتا تھا منبر پہ گفتگو کے ادب　　جوشخص زینت محراب تھا،کہاں ہے اب؟

فنا کے بحر میں ہستی مآب ڈوب گیا
سیاہ پوش ہے عید،آفتاب ڈوب گیا

نڈھال ہے بشریت تلاطم غم سے　　کہ ایک اعلم دوراں اٹھا ہے عالم سے
فضائے دہر خروشاں ہے شور ماتم سے　　قضا نے چھین لیا میر کارواں ہم سے

یہ حادثہ دل انسانیت پہ داغ ہوا
ابھی سحر نہ ہوئی تھی کہ گل چراغ ہوا

علم کے آفتاب زندہ باد (قیصر جونپوری)

علم کے آفتاب زندہ باد ذاکر لا جواب زندہ باد
قاتلان حسینؑ کا مذہب ہوگیا بے نقاب زندہ باد
تو نے خطبات کربلا لکھ کر کر دیا انقلاب زندہ باد
تیسری ہستی صدی صدی کے لئے ہے مکمل کتاب زندہ باد
عہد پیری میں معجزہ دیکھا تھا قلم پر شباب زندہ باد
کتنے ذاکر بنے خطیب ہوئے پڑھ کر تیری کتاب زندہ باد
خلد میں عید ملنے مولا سے جارہے ہیں جناب زندہ باد
ورثہ دار ابو الحسن تھے نقی ناز جنت مآب زندہ باد
بعد غفراں مآب دنیا میں میرے غفراں مآب زندہ بعد

دیدہ عالم نہ دیدہ مثل او (اظہر مسعود رضوی)

کاروان سالار ملت حامی دین مبین
زمین سرائی بی سرو پا شد سوئی جنت روان
پیش از سیصد صحف بر علم و عرفانش بجان
در فراق اوست قرطاس و قلم آتش بجان
بر سر منبر خطیب بی مثال و بی نطیر
در جهان لفظ و معنی مثل بحر بی کران
در بهار علم گل نشگفت مثل آن جناب
دیده عالم نه دیده مثل او در بوستان
گشت ساعت نصف ویک چون از شب شوال ماه
عازم دار البقا شد زین جهان پر زیان
روز سه شنبه ز ماه پنجم سال مسیح
رخت خود بربست و گشته راهی ملک جنان
هاتف غیبی نویسه آه از روئی قلم

آفتاب علم و عرفان گشت از دیدہ نہان
۱۹۸۸ء(ق)۱۰۰ + ۱۸۸۸

بیسویں صدی کا شرف (ابوذر جونپوری)

اے نائب امام شریعت کے پاسباں — تیری زباں تھی مقصد سرور کی ترجماں
کیسا حسین تھا ترا کردار ذمہ دار — انسانیت کی ہوتی تھی شان اس سے آشکار
زور قلم سے قلعہ باطل ہلا دیا — پیاسوں کو جام معرفت حق پلا دیا
صدیوں تک عالموں نے نہ پایا یہ مرتبہ — اس بیسویں صدی کا شرف تم سے بڑھ گیا
اپنا جواب آپ تھے خود لاجواب تھے — مخلص غلام عالم علم الکتاب تھے
کی ہیں کتابیں آپ نے تصنیف جس قدر — کرتا ہے قدر ان کی ہر ایک صاحب نظر
تحریر ان کی بن کے رہی حق کی جوئے شیر — بو ذر علی نقی کا شرف ہے زمانہ گیر
عالی گہر جناب کا بیٹا بھی لاجواب — مثل پدر چمکتا ہے وہ رنگ آفتاب

غفراں مآب وقت جناب علی نقی (رضا جونپوری)

بے مثل ہے ہر ایک کتاب علی نقی — دنیا نہ لا سکے گی جواب علی نقی
قائم رہا شعور قلم تادم اخیر — پیری میں بھی جواں تھا شباب علی نقی
«العالم العلامة والبارع الفهامة ذوالذهن الوقاد والطبع النقاد وارث علوام اجداده الطاهرين والمدئب نفسه في مطالعة اخبارهم و احياء آثارهم، والمحاماة عن حوزتهم الذب عن شريعتهم سيدنا السيد علي النقي بن حجة الاسلام الفقيه السيد ابي الحسن ابن حجة الاسلام السيد ابراهيم ابن العلامة العلم السيد محمد التقي، صاحب التفسير ابن العالم العلم و مجر العلم الخضم السيد حسين ابن العلامة المجتهد الكبير السيد دلدار علي النقوي اللكهنووي صاحب عماد الاسلام والتاليف الشهيرة من تلامذة آية الله بحرالعلوم الطباطبائي النجفي قدس الله اسرارهم فأجزت له أدام الله فضله و افضاله و اكثر في الفرقة الناجية امثاله ان يروي عني جميع مؤلفاتي و مصنفاتي...»

آیت اللہ ہبۃ الدین شہرستانیؒ (۱۳۰۱ – ۱۳۸٦ھ۔ق)

قد استجازني حضرة العالم الفاضل والمحقق النهرير الكامل صفوة الاماثل من ليس له في ميادين الفضائل منا ضل شمس سماء الشرف و بدر فلك العلم و عماد فلك الهدي الحسيب النسيب والجهيذ الاديب الفائز من قداح الفضل بالمعلي والرقيب سيد العلماء الاعلام وزبدة عمد الاسلام السيد علينقي بن ابي الحسن بن ابراهيم الحسيني سليل علامة الهند المعظم مولانا السيد دلدار علي قدس الله روحه ونور ضريحه لكي

یعزز دام علاه رابطته التبسیه برابطة ادیبه مع الائمه من ابائه الکرام علیهم السلام فیروي عني ماصحت روایته و اتضحت لدي درایتة من مرویات اشیاخ العصابه و مؤلفاتهم المستطابه ولا سیما الکتب الاربعه التي علیها المدار في مختلف الاعصار اعني الکافي»

آیت اللہ مرزاھادی خراسانی حائریؒ(۱۲۹۷ – ۱۳۶۸ھ۔ق)

«في کل معال ومقام لکفي المرطاب سره وصفي فلهذا رغب حصره السید الباري الورع المعتمد فخر الخلف لخیر السلف المسمي الي اسبق شرف نتیجه العلماء العظام ونخبة الفضلاء الفخام نادرة الدهر وعلامة العصر صاحب التصانیف والتألیف الصفي التقي السید علي نقي النجل الاجل السید الافضل الامحل الاکمل مرجع الانام وباب الاحکام نائب الامام علیه افضل السلام المولوي السید ابو الحسن النقوي اللکنوي دامت برکاتهما واستجاز من هذا العبد الضعیف فاستخرت الله تعالي واجزت له ان یروي عني کلما صحت لي روایته واتصحت لدي دراستة من الاخبار والاثار المرویه عن الائمة الاطهار صلوات الله علیهم مادام اللیل و النهار.»

آیت اللہ نجم الحسن نجم الملتؒ

«سجیة العلماء البارعین، الولد الاعزّ الممجد المبجل والمهذب الاغر المحجل البالغ من الشرف والکمال الي سّماك الاعزل ربیع الفضل وزهره وسمآء النبل وبدراصل الفخار وفرعه وضوء السودد و لمعه عمدة الفضلاء زبدة الادبآء نخبة الاماثل ممتاز الافاضل الورع التقي، السید علي نقي جعله الله من ادلة الرشاد وابلغه الي اعلا مدراج الاجتهاد ابن السید الهمام والبارع العلاّمة، العالم الموتمن ممتاز العلماء مولانا السید ابو الحسن من اهل بیت تغلغل صیتهم في الاغوار والانجاد وشاع حدیث کما لهم في الامصار والبلاد واشرقت ارض الهند بشوارق افاداتهم وتلالات هاتیك الارجاء بلوا

مع افاضاتهم و انه سلّمه الله قد برع في العلوم العقلية والنقلية واتقن ما اخذ من المسائل الاصولية والفرعية وقد قرا علي ايضا برهة من الزمان قراءه فهم واتقان وقد اتصف من محاسن الفضائل ومكارم الخصائل وقوة القريحة وجودة الطبيعة واستقامة سليقة التاليف ولطف عنوان التصنيف بما قربه ناظري وسر به خاطري فهو بهذه الخصائل الجميلة من بين امثاله ممتاز وهو اهل لان يجاز واستجازته.»

آیت اللہ فداء حسین ہندیؒ

«استجاز مني السيد الفاضل البارع الذي هو من حياض العلم والكمال خير كارع ويوم النزال لابطال الضلال بطل دارع مولانا العلامة التقي التعلامة النقي سمي العاشر من حجج الله رب العزة عليه السلام الله التام الكامل الوفي السيد علي نقي النقوي حرسه الله عن شر كل غوي وشقي وحباه الله فضلا وكمالا وسقاه من عين العلم بباب مدينة العلم عذبا وزلالا ولست اجدني اهلا للاستجازة فكيف اكون اهلا للاجازة لكني دعاني وحثني علي اسعاف هذا المقترح الجميل من هذا السيد الجليل ان الدخول في سلسلة الاسناد شرف عظيم يحكم به العقل الذى هو اعظم حجج رب العباد...»

ب) اجازات اجتہاد

آیت اللہ شیخ ہادی بن عباس بن علی بن جعفر کاشف الغطاءؒ

اهل العلم والايمان ان جناب العالم العلم والعليم الخضم والطود الاشم العلامة الفقيه والحبر النبيه البارع لمعقول والمنقول السيد الشريف التقي السيد علي نقي النقوي الكهنوي دامت بركاته ممن خاض لجي عبابها ودخل اليها من ابوابها وميز بين قشورها ولبابها حتي فاق الاقران وحاز قصيب البرهان بحمد الله من اهل الملكات

القدسيه والاجتهاد في الامور الشرعيه وممن لايجوز له ان يعول علي غيره الدينيه وممن يجب تنفيذ مايصدر منه من الاحكام في الحلال والحرام وقد اختبرناه ايده الله في... ومسائل كثيره ووقفنا علي مؤلفاته ومصنفاته ومنظوماته ومنثوراته واطلعنا علي مناهجه... في الاشتغال والتحصيل والبحث والتدريس واحطنا بشؤنه جزا وقرأنا صحف اعماله سطر أَسطراً طويل الباع واسع الاطلاع لايساجل ويطاول ولاسيما في العلوم العربية والفنون فان له اليد الطولي فيها الادبية والقدح المعلي في الفاظها ومعانيها وناهيك بتفوقه في النظم والنثر واللغه فكم له من نظم كالدر النظيم ومن كلمات ذهبه تفوق الكواكب الدريه وقد منحه باريه من فصاحته اللسان وحسن البيان... مااصح به وحيدا في التدريس والتلقين والتفهيم والبيان عارفا بطرقه الصالحه بصيراً بكيفياته الناحجه لا ينفصل التلميذ عن تدريس الاوقد زال الشك والابهام وانكشفت عنه حجب الشبه والاوهام فنسئل الله تعالي ان يكثر امثاله وعلي طلبة العلوم ظلاله وقد اجزناه ايده الله وسدده ان يروي عنا جميع مصنفاتنا...

آیت اللہ محمد حسین طہرانیؒ

فان حضره العالم الفقيه العامل والورع الثقة الفاضل علم الدين الظاهر ومنار الشرع الزاهر ركن الاسلام ومروج الاحكام **السيد علي نقي** نجل حجة الاسلام وملاذا الانام السيد ابو الحسن من سلالة العلامة الشهير والمجتهد الكبير السيد دلدار علي النقوي اللكهنوي ادام الله فضله ونصربه دينه ممن بذل اقصي جهده واتعب كريم نفسه وركب ظهور الرواحل وطوي المراحل الي النجف الاشرف علي مشرفه آلاف التحف فبقي فيه مدة من الزمان مديدة مكبا علي تحصيل الفقه والاصول واقتناء احكام آل الرسول حتي

صعد الذرورة العليا ونال العناية القصوي ورايت بعض مارشح .من قلمه الشريف فقر به ناظري وارتاح له خاطري وتحقق عندي انه فائز بدرجة الاستنباط والاجتهاد حائز للملكة والاقتدار وقوة رد الفروع الي الاصول واستخراج المعقول من المنقول فله الاخذ بما ادي اليه نظره الشريف في الاحكام الشرعيه وترك طريقه التقليد فيما استنبط من المسائل الدينية واوصيه بالتقوي ونهي النفس عن الهوي والتجنب عن حطام الدنيا... ورذائلها و الاعراض عن ذخارفها و زجارجها و سلوك منهج الاحتياط فانه سواء الصراط و لاينساني علي صالح الدعا كما لاانساه ان شاء الله تعالي

آیت اللہ محمد حسین اصفہانی کمپانیؒ (۱۲۹۶ – ۱۳۶۱ھ ـ ق)

«فان السيد السند والمولي المعتمد صفوة العظام ونخبة الفقهاء الاعلام وملاذا الاسلام والمؤيد بتأييد الله القوي سيدنا السيد علي نقي النقوي دامت تائيداته افاداته قد حضر شطرا وافيا من الزمان علي غير واحد من الاحبان لتحقيق القواعد الاصولية وتنقيح المباني.

الفقهيته متآدباً بالاداب الدينيه متخلقا بالاخلاق الالهية حتي فاز بالمراد وحاز مرتبة الاجتهاد فله دام علاه العمل بما يستنبطه من الاحكام من مداركها فانه خبير بمسالكها و اوصيه دامت مماليه بمراقبة الاحتياط فانه طريق النجاة وسبيل الاصابة وان لاينساني من الدعاء في مظان الاجابة وقد اجزته ايضاً ان يروى عني جمع ما تصح لي روايته بسند المتصل الي اصحاب العصمة عليهم السلام...»

آیت اللہ علی ایروانیؒ

«... فقد استجاز في جناب العالم العاطر والمهذب التقي المكالم فخر الاسلام وذخر الانام وسليل الاعلام **الاغا مير سيد علي نقي** سبط العلامة الساكن في دار السرور السيد دلدار علي النقوي اللكهنوي دام

توفيقه ثم بعد الاحتبارات المتامة المتاكدة والمباحثات العلمية في مجالس عديده اخرها يوم الخميس الثالث وعشرين من شهر جمادي الثانية سنه ألف وثلثماة وتسع واربعين في دارنا الواقعة في ارض الغري اتضح عندي انه صاحب ملكة واقتدار وله اهلية استنباط وقوة رد الفرع الي الاصل فهو مجتهد مجازفي الاخذبما ادي اليه نظره الشريف وترك طريقة التقليد لازال موفقا لمافوق ذلك ومصباحا مضيئا في اهل هذاالبيت الرفيع البنيان والسلام عليه علي كافة الاخوات ورحمة الله بركاته»

قال الصيد علي الايرواني النجفي. ٢٣ جمادى الثانية ١٣٤٩هـ ق.

آیت اللہ سید سبط حسنؒ

«...ولدنا الاعز الروحاني والعالم الرباني الحبر الفقيه المسدد والمجتهد النحرير المؤيد سيد العلماء السيد علي نقي ابن ولدنا الاجل الاكمل عمدة العلماء المحققين وزبدة الفقهاء المجتهدين السيد ابو الحسن النقوي اطال الله بقآءهما فانه سلمه الله مع ماأوتي من صلاح الذات وسلامة الفطرة وحسن السيرة وصدق الطوية لم يزل مكبا علي تحصيل العلوم الدينية والمعارف اليقينية في الهند ثم النجف الاشرف لدي العلماء المحققين واساطين الدين حتي بلغ الذروة السامية والدرجة القاصية الاوهي درجة الاجتهاد التي بها حرم التقليدعليه وساغ العمل بفتواه...»

آیت اللہ ابوالحسنؒ[1]

«العالم الكامل والمجتهد العامل مهجة قلبي وثمرة فؤادي نور عيني وفلذة كبدي ولدي السيد علي النقي سلمه الله وابقاه وحفظه وحماه فانه بعد مافرغ من تحصيل العلوم في وطنه ومحل اهله وسكنه عطف عنان عزمه الي النجف الاشرف علي مشرفه الاف التحف فلما

---

[1] ۔سید العلماء آیت اللہ سید علی نقی نقنؒ کے والد بزرگوار۔

تشرف بتلك الساحة طوي كشحه عن الراحة حتي فاز بما فاز وخازما خاز واستجازمني اجازة وافية فكتبت له اجازة مفصلة مبسوطة في ذي الحجة من السنة السابقة وارسلتها اليه لكني لم انص فيها باهليته للاجتهاد و ان امكن الاستدلال بها عليها بنوع من التقريب لاجل اتي ماكنت مطمئناً به كمال الاطمئنان ثم قد اختبرته سلّمه الله اختباراً تاماً بعناوين مختلفة حتي مضت سنة كاملة فاستكشفت من بعض ماترشّح من قلمه الملكة الراسخة الاستنباطية والقوة القدسية الاجتهادية و وجدته سلّمه الله راقياً من حضيض التقليد الي اوج الاجتهاد دفا شكر الله علي ما اتاني من النعم العظام والالاء الجسام فولدى هذا طول الله عمره...»

آیت اللہ سید ابراہیم الحسینی الشیرازیؒ معروف بامیرزا آغا اصطباناتی (۱۲۹۷ – ۱۳۸۰ھ۔ق)

«لطلب العلم والفقاهة فيفوز بشرف الفضل والنباهه حتي يصبح من ورثة الانبياء وحملة ودائع الرسل والاصفياء وممن قد طلب هذه الغايه الشريفه واتعب فيها نفسه المنيفه حتي صعد عليها بقدم راسخ وجنان ثابت البارع النبيه والعالم الفقيه صاحب الملكة السامية و القريحة الصحيحة النامية فخر المجتهدين وثقة الاسلام والمسلمين اليسد علي نقي ابن علم الاعلام حجة الاسلام السيد ابو الحسن آل العلامة الشهير والمجتهد الكبير السيد دلدار علي صاحب عماد الاسلام وغيره من الكتب المتعة فانه كثر الله امثاله ممن ارتوي من فيض العلم باقرب الموارد وقنص من فنون الفضل الشارد والوارد و تجول في المعقول والمنقول واتقن الفقه مع الاصول اجتني الثمار اليانعة من حديقة العلم الزاحره بالنجف الاشرف علي مشرفه آلاف التحف سنين عديدة ومدة مديدة حتي فاز بما هو غاية المامول

ونهاٰية المسول وصعد ذروة الاجتهاد مشفوعة بالصلاح والسداد ضليعا برد الفروع الي الاصول وتطبيق الديل علي المدلول فساغ له العمل بما يستنبطه من الاحكام علي الطريقة المعروفة لدي العلماء الاعلام و حرم عليه التقليد فيما ادّي اليه نظره في الاستنباط ووقف عليه من سويّ الصراط وقد اجرزت له ان يروي عنّي ما صحت لي روايته من احاديث آل العصمة عن شيخي العماد الاعظم السناد الاقوم آية الله المولي محمد كاظم الهروي الخراساني قدة باسناده المعروف المعهود المنتهي الي آئمه المعصومين سلام الله عليهم اجمعين.»

آیت اللہ ابوالحسن مشکینیؒ

«...حضرة العالم العامل المهذب الباري ملاذ الانام مروج الاحكام فخر المجتهد ين العظام السيد علي نقي بن العلامة الفقيه الموتمن السيد ابي الحسن آل المرحوم المبرور الامام المؤسس السيد دلدار علي النقوي اللكهنوي فانه دام فضله و تائيده ممن بذل جهده و جدّ و اجتهدوا تعب نفسه الشريفة في تحصيل العلوم الدينية اكتساب المعارف الشرعية كثيراً من الزمان و حضر عند الاساطين العظام ولدي الاحقر شطراً من الآوان حتي اصبح بحمد الله و منه من العلماء الاعلام و المجتهدين الفخام و بلغ مرتبة الاجتهاد فله العمل بما استنبط من الاحكام علي النهج لماالوف بين الآعلام ويحرم عليه التقليد فيما اجتهد و اجزت له ان يروي عنّي ما صحت لي روايتة عن مشايخي...»

آیت اللہ محمد حسین نائینیؒ (۱۲۷۷ – ۱۳۵۵ھ۔ق)

فان جناب العالم العامل والفاضل الكامل عماد العلماء الاتقياء و سناد الافاضل الاذكياء صاحب التالفيات الانيقة والتحقيقات الوثيقة

التقي الزكي السيد علي النقي ادام الله تعالي تأيده نجل العالم الجليل العلامة الفقيه السيد ابي الحسن اللكهنوي ادام الله تعالي افضاله ممن بذل جهده في تحصيل العلوم الشرعية والمعارف الالهية ومستمد امن الجهابذة الاساطين وحضر ابحاثي حضور تفهم وتحقيق وتعمق و تدقيق حتي بلغ رتبة سامية من الاجتهاد مقرونه بالصلاح والرشاد فله العمل بما يستنطه من الاحكام علي المنهج المتعارف بين المجتهدين العظام واجزت له ان يروي عني جميع ما صحت لي روايته من مصنفات اصحابنا الامامية باسرها وماروه...»

آیت اللہ شیخ محمد کاظم بن حیدر شیرازیؒ (۱۲۹۲ – ۱۳۶۷ھ۔ق)

«...عمدة العلماء الاعلام زبدة الفقهاء الكرام مروج الاحكام ثقة الاسلام المهذب الباري الصفي السيد علي تقي النقوي دام فضله ابن العلامة الفقيه الموتمن السيد ابو الحسن من سلالة المرحوم المبرور العلامة الشهير السيد دلدار علي النقوي اللكهنوي طاب ثراه و مسل الجنة مثواه فانه دام تاييده قد كد وجدّ واتعب نفسه واجتهد في تحصيل علوم الدين و معارف الشرع المبين وليث في النجف الاشرف برهة من الزمان مكباً علي التحصيل ناهجاً فيه علي السبيل حتي وصل الغاية و بلغ النهاية فاصبح بعون الله و توفيقه من العلماء الاعلام المجتهدين و فاز برتبة الاجتهاد و الاستنباط فله العمل بما استنطه من الاحكام عن ادلتها المعروفة الطرق المضبوطة المالوفة ويحرم عليه التقليد فيما استقر له فيه الاجتهاد والاستنباط والله الهادي الي سواء الصراط و اجزت له ان يروي عني ما صحت لي روايته...»

فہرست کتب علامہ سید علی نقی نقن اعلی اللہ مقامہ

پیغام حسینؑ بعالم انسانیت (فارسی)

(ت)

توحید

تقیہ

تاریخ شیعہ کا مختصر خاکہ

تاریخ تدوین حدیث

تحقیق اذان

تحفۃ العوام مطابق فتوائے سید العلماء

تراجم قرآن پاک بزبان اردو (سولہ حصے)

ترجمہ سید علی نقی بقلمہ (ھماں ص ۱۱۷ و ۳۹۳)

تذکرہ حفاظ شیعہ (دو جلدیں)

تاجدار کعبہ

تاریخ اسلام میں واقعہ کربلا کی اہمیت

تاریخ اسلام (چار جلدوں میں)

تعزیہ داری کی مخالفت کا اصل راز

تحریف قرآن کی حقیقت

تجارت اور اسلام

تفسیر قرآن فصل الخطاب، (سات جلدوں میں)

تفسیر قرآن (عربی)

تقریرات بحث آیۃ اللہ نائینی فی الاصول

تلخیص عماد الاسلام (عربی)

(ث)

ثنائے پروردگار (از کلام امیر المومنینؑ)

(ج)

جبر واختیار

جہاد

جناب رضوان مآب

جناب جنت مآب

جناب غفران مآب

جواب رسالۃ الی صاحب ھذہ المجموعۃ من صدیقہ العلامۃ الحجۃ السید علی نقی النقوی اللکھنوی (مکتبۃ بحر العلوم ۲۸۹)

جہاد مختار

(ح)

الحجج والبینات (عربی)

حیات قومی

حقیقت اسلام

حقیقت صبر

حجج و بینات

حسن مجتبیٰؑ

حسن عسکریؑ

حج

(ز)

(س)

السید علی نقی النقوی الکھنوی (مکتبۃ بحر العلوم ۲۴۸)

(ف)

فلسفہ گریہ

فریاد مسلمانان عالم

فضائل جناب امیر المومنینؑ کی خصوصیات

فتاوائے سید العلماء (یہ ضخیم کتاب سعودی کسٹم پر ضبط ہو گئی)

(ق)

قرآن مجید کے انداز گفتگو میں معیار تہذیب ورواداری

قتیل العبرۃ

قرآن اور نظام حکومت

قرآن کے بین الاقوامی ارشادات

قانون وراثت

قاتلان حسینؑ کا مذہب

(ک)

الکلام علی الفقہ الرضوی (عربی)

کتاب شہید اعظم پر تبصرہ

کتاب صدیقنا العلامۃ السید علی نقی النقوی اللکھنوی الذی کتبہ لنا من الھند یعزینا فیہ بوفاۃ ابن عمنا المرحوم السید علی وصدیقنا المیرزا محمد علی الاوردبادی وکانت وفاتھما متقاربۃ فی سنۃ ۱۳۸۰ (۳۹) (مکتبۃ بحر العلوم ۲۸۲)

کتاب مسئلہ حیات النبی

کتاب نبوت

کربلا کی یادگار پیاس

الکراس الثالث (مکتبۃ بحر العلوم ۲۰۰)

کربلا کا تاریخی واقعہ مختصر یا طولانی

کشف النقاب عن عقائد عبد الوہاب (عربی

(گ)

گیارہویں امامؑ

(ل)

لارڈ رسل کے ملحدانہ خیالات کی رد

لا تفسدوا فی الارض

لمحات حول السفور والحجاب (عربی)

(م)

المتحف العربی من الادب العصری (عربی)

المتحف العربی (عربی)

مذہب شیعہ اور تبلیغ

مشاہیر علماء ہند (عربی) چاپ نجف

مسلمانوں کی حقیقی اکثریت (واقعہ کربلا کا ایک خاص پہلو)

مقتل ابو مخنف کا تحقیقی جائزہ

مباہلہ

مقدمہ مختصر برائے ترجمہ وحواشی قرآن

مقدمہ تفسیر قرآن

محاربہ کربلا

معرکہ کربلا

موسیٰ کاظمؑ

معاد

مسائل ودلائل

مجموعہ تقاریر (پانچ حصے)

مقدمہ نہج البلاغہ

مقالات سید العلماء (دو حصے)

مسلم پرسنل لاء نا قابل تبدیل

متعہ اور اسلام

مذہب کی ضرورت

مادیت کا علمی جائزہ

مذہب اور عقل

مذہب شیعہ ایک نظر میں

مذہب باب وبہاء (دو جلدیں)

معراج انسانیت

مولود کعبہ

مقصود کعبہ

مطلوب کعبہ

مجسمہ انسانیت

مجاہدہ کربلا

مظلوم کربلا

مقصد حسینؑ

مسلمانوں کی نقلی اکثریت

مقدمہ تفسیر القرآن (عربی)

متجمع التبشیر (عربی)

مشقت النذیر فی المسئلۃ التصویر (عربی)

مسئلۃ فی الخیر والشر (عربی)

معصوم شہزادی

مراکز مہم علمی شیعہ

(ن)

النجعۃ فی اثبات الرجعہ (عربی)

نہج البلاغہ کا استناد

نوروز وغدیر

نماز

نظام ازدواج

نظام زندگی (چار حصے)

نظام تمدن اور اسلام

نظرات بحاثۃ فی الاخبار الثلاثۃ (فہرست مکتبہ العلامہ السید محمد صادق بحر العلوم ص۱۰۸)

نویں امامؑ

نفس مطمئنہ

نجف ام طف

نقد الفرائد

(و)

وجیزۃ الاحکام (عملیہ)

وعدہ جنت

الوضاعون للاحادیث فی مذمۃ علی علیہ السلام و من کان منحرفاعنہ ومبغضا(مکتبۃ بحر العلوم ۲۸۹)

واقعہ وفات رسول

وجود حجت

(ہ)

ہمارے رسوم وقیود

ہلاکت اور شہادت

(ی)

یاد اور یاد گار

یزید اور جنگ قسطنطنیہ

فہرست منابع حالات سید العلماءؒ

سید العلماء آیت اللہ سید علی نقی نقن صاحب مرحوم کی حالات زندگی کے حوالہ سے بعض منابع کے نام۔ ویسے تو سید العلماء اور آپکی تالیفات کے حوالہ سے سیکڑون کتب، رسائل اور مجلات میں ذکر موجود ھے، مگر ہم یہاں پر ایک دو منابع کے علاوہ فقط ان منابع و مصادر کا نام لکھ رہے ہیں جنہیں بندہ حقیر نے خود مشاہدہ کیاہے ورنہ استقراء تام کے حوالہ سے تو۔

سفینہ چاہے اس بحر بیکران کے لیے۔

۱) اعلام الشیعہ؛(ج۲ص۷ ۱۰۲۔)

۲) اعیان الشیعۃ؛(ج۶ص۴۲۵۔)

۳) بر صیغیر کی امامیہ اردو مطبوعات؛(ہر دو جلد میں متعدد مقامات پر)

۴) تالیفات شیعہ در شبہ قارہ؛(۱۲۰ سے زیادہ مقامات پر)

۵) تشکیل پاکستان میں شیعیان علیؑ کا کردار؛(ص۵۹۱الی۵۹۲۔)
۶) خورشید خاور؛(ص۲۶۳۔۲۶۸)
۷) الذریعۃ؛(اعلام الذریعہ کی تحقیق کے مطابق الذریعہ کی تمام مجلدات ۱تا۲۵میں سیدالعلماء کا ذکر موجود ہے بعنوان مثال:ج۲، ص۲۶۳،۱۹۶و۲۰۷؛ج۳، ص ۱۸۵، ۲۹۴و۳۹۴؛ج۶، ص۲۶۳؛ج۱۱، ص۲۶۱؛ج ۱۲، ص۳۱،۲۸۸؛ج۱۶، ص ۱۷۴؛ج۱۷، ص۳؛ج۱۸، ص۶۵؛ج ۲۲، ص۲۷۷؛وج۲۴، ص۶۸؛ج۲۵، ص۷۳۔)
۸) رسالہ پیام اسلام سیدالعلماء نمبر؛ (مؤرخہ مئی۱۹۸۹)
۹) سبائک التبر؛(ص۵۱۵۔)
۱۰) شعراءالغری؛(ج۶، ص ۴۳۵۔)
۱۱) الغدیر؛(ج ۲، ص۲۲۵؛ج۳، ص۳۷؛ج۶، ص۳۳۳؛ج۷، ص۴۰۵۔)
۱۲) فہرس التراث؛(ج۲ص۶۲۷۔)
۱۳) فہرس مکتبہ العلامہ السید محمد صادق بحرالعلوم؛(متعدد مقامات ص۶۸، ۱۰۷، ۱۰۸، ۱۱۶، ۱۱۷، ۱۹۹، ۲۰۰، ۲۰۳، ۲۰۵،۲۰۶،۲۴۲،۲۴۸،۲۸۲،۲۸۹،۳۵۲،۳۵۴۔)
۱۴) کتابھای عربی چاپی؛(ص۸۷،۳۰۳،۷۴۳،۹۶۵۔)
۱۵) مجلہ خاندان اجتھاد؛(متعدد شمارے خصوصاًش۵۔۶۔۱۰۔۱۱۔۱۲)
۱۶) المسلسلات فی الاجازات؛(صفحہ ۴۴۴۔)
۱۷) مصادر الدراسۃ؛(ص۸۵۔)
۱۸) مصفی المقال فی مصنفی علم الرجال؛(ص۳۴۲۔)
۱۹) المطبوعات النجفیۃ؛(ص۸۸۔)
۲۰) معجم التراث الکلامیہ؛(ج۴، ص۵۱۲۔)
۲۱) معجم رجال الفکر والادب فی النجف؛(ص۱۳۰۰۔)
۲۲) معجم مؤرخی الشیعہ؛(الجزالاول، ص۶۴۲۔)

۲۳) معجم المؤلفات الاسلامیہ فی الرد علی الفرقہ الوھابیہ؛(ص۲۰۶و۳۷۹۔)

۲۴) المنتخب من اعلام الفکر والادب؛(ص۳۴۹۔۳۵۱؛ناشر مؤسسہ المواہب بیروت سال ۱۹۹۹۔۱۴۱۹ھ۔)

۲۵) موسوعہ الامام سید عبد الحسین شرف الدین؛(ج۹ص،۳۰۹۶، ۳۰۹۴، ۳۰۹۳، ۳۳۰۳، ۳۳۲۳،۴۴۶۸،۴۴۶۹

۲۶) مؤلفین کتب؛(ج۱۴،ص۱۰۶۔)

۲۷) میراث بہارستان؛(ص۸۷۷،ناشر کتابخانہ مجلس شوری اسلامی تھران۔)

۲۸) نقباءالبشرا؛(ص ۳۴۔)

وہ مستقل کام جو سید العلماء کی شخصیت کے حوالے سے انجام پذیر ہوئے ہیں:

۱۔سید العلماء اکیڈمی

اکیڈمی کے افراد نے اعلان کیاہے کہ سید العلماء کے حوالہ سے مفصل کام شروع ہو چکاہے خدا سے دعا ہے کہ یہ کام جلد از جلد انجام پذیر ہو اور اراکین اکیڈمی کو اس کام میں مؤفق فرمائے۔ آمین!

۲۔PHD

سید العلماء کے حوالہ سے برادر رضوان ضمیر نے امریکہ سے پی ایچ ڈی کی ہے،چند دن قبل محقق محترم نے اس کا دفاعیہ کیاہے۔

۳۔پایان نامہ کارشناسی ارشد

سید العلماء کی شخصیت اور انکی تفسیری آرا) کے عنوان سے حوزہ علمیہ قم میں برادر اقبال پایان نامہ تحریر فرمارہے ہیں۔

۴۔ مستقل کتاب

سید العلماء حیات اور کارنامے۔مؤلف:سید سلامت رضوی۔ناشر سید العلماء اکادمی۔

۵۔ خصوصی شمارے

سید العلماء کی وفات پر بعض افراد نے خصوصی شمارے نکالے اور شعراء نے منظوم کلام پیش کیا۔

۶۔ تحقیق پایانی کارشناسی

معرفی شخصیت و آثار سید العلماء کے عنوان سے حوزہ علمیہ قم میں برادر شاکر علی پاکستانی تحقیق انجام فرمارہے۔

✍ بقلم مبارک: قائد ملت جعفریہ علامہ مفتی جعفر حسین اعلیٰ اللہ مقامہ

سید العلماءؒ کے ترجمہ قرآن کے امتیازات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن مجید اسلامی تعلیمات کا وہ سرچشمہ ہے جس کے مندرجات کی نشرواشاعت کو ہمیشہ مسلمانوں نے ایک اہم دینی فریضہ سمجھا۔ عرب قوم یا عربی دان جماعت کے لئے تو اس کے ترجمے کا کوئی سوال پیدا ہی نہیں ہوتا تھا۔ ان کے لئے صرف تفسیر و تشریح کی ضرورت تھی۔ مگر ایران اور ہندوستان کے ایسے ملکوں میں جہاں کے زیادہ تر افراد عربی زبان سے ناواقف تھے۔ اس کے تحت اللفظی معانی کے سمجھانے کے لئے ترجموں کی ضرورت محسوس ہوئی۔

چنانچہ گیارہویں صدی ہجری میں ایران میں جمال المحققین آقا جمال خوانساری نے جو فقیہ اور محقق بھی تھے فارسی میں بہترین ترجمہ قرآن فرمایا۔ ہندوستان میں اس کے بعد علماء اہل سنت میں شاہ ولی اللہ دہلوی نے اس کا آغاز کیا تو سطحی نگاہ والے سواد اعظم کے مدعیان علم میں شعور ہو گیا کہ ترجمہ قرآن جائز نہیں ہے۔ آخر یہ شور و غوغا ختم ہوا اور بالغ نظر محققین علماء نے یہ طے کر دیا کہ عوام کو مضامین قرآن پر مطلع کرنے کے لئے ترجمہ امر مستحسن ہے۔ بے شک ترجمہ کو اصل قرآن کا درجہ نہیں حاصل ہو سکتا اور ترجمہ کے پڑھنے سے ثواب تلاوت قرآن کا استحقاق نہیں ہو گا۔ یہی نظریہ ہے جو بالکل مسلمات میں داخل ہے اور حق و صواب ہے۔

شیعوں میں سے سب پہلا ترجمہ قرآن جناب غفران مآب، مولانا سید دلدار علی طاب ثراہ کے فرزند ارجمند جناب مولانا سید علی صاحب متوفی ۱۲۵۹ھ نے کیا جو ان کی اردو تفسیر "توضیح المجید" کے ضمن میں ہے۔ اس کے بعد سنی و شیعہ بہت سے علماء اس کام کو انجام دیتے رہے مگر ظاہر ہے کہ ترجمہ عربی زبان پر پورے عبور کے ساتھ اردو محاورات میں کامل اقتدار کا طلبگار ہے اور خود اردو زبان کا معیار مختلف ادوار میں اب تک برابر بدلتا رہا اور اونچے سے اونچا ہوتا رہا۔ اس لئے ہر دوسرے دور میں پہلے کا ترجمہ ناکافی معلوم ہوا اور یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔

اب تک کے ترجموں میں بلاخوف انکار کہا جاسکتا ہے کہ سب سے بہتر ترجمہ مولانا حافظ سید فرمان علی صاحب اعلی اللہ مقامہ کا ہے جو مختصر تفسیر و حواشی کے ساتھ شائع ہوا ہے مگر زمانہ کے ارتقاء کے ساتھ مختلف پہلوؤں کے سامنے آنے کی وجہ سے پھر بھی ایک بلند معیار کی تشنگی محسوس ہوتی رہی۔ خصوصاً حواشی میں، اس لئے کہ مولانا فرمان علی صاحب مرحوم نے متعدد مقامات پر تفاسیر اہل سنت پر اعتماد کر کے حواشی تحریر کر دیئے ہیں۔ جو کسی نہ کسی حیثیت سے ہمارے مستند تفاسیر اور ثابت شدہ نظریات کے خلاف ہیں۔ اس کے لئے مزید ترجمہ اور حواشی کی ضرورت برقرار رہی۔ شکر ہے کہ اس ضرورت کی طرف جناب سید العلماء مولانا سید علی نقی صاحب قبلہ مدظلہ، کی توجہ مبذول ہوگئی۔ موصوف کے جو قرآنی خدمات اب تک منظر عام پر آئے ہیں۔ او نیز آپ کی تقریریں اور بیانات جو ہزاروں آدمیوں کے گوش زد ہوتے رہے ہیں۔ ان کی بناء پر علوم قرآن میں آپ کا تبحر ایک مسلم الثبوت حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ اردو کے صاحب زبان ہونے کے ساتھ اپنے ادبی کمال کی بلندی کے لحاظ سے بھی ان کا امتیاز مسلم ہے۔ یہی دو چیزیں ہیں جو ترجمہ کی کامیابی کی ضامن ہیں۔

چنانچہ آپ کے ترجمہ کا پہلا پارہ جو اب منظر عام پر آرہا ہے ان تمام خصوصیات کا حامل ہے جن کی توقع آپ کے ترجمہ میں کی جاسکتی تھی۔ ذیل میں کچھ ممتاز تراجم میں سے چند آیات قرآن کا ترجمہ اور ان کے بالمقابل جناب سید العلماء کا ترجمہ بطور نمونہ درج کیا جاتا ہے۔ جس سے پتہ چلے گا کہ اس ترجمہ کو موجودہ تراجم میں کیا امتیاز حاصل ہے۔

۱۔﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾(حمد/۱)

مولانا فرمان علی صاحب مرحوم:

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی:

شروع اللہ نہایت رحم کرنے والے بار بار رحم کرنے والے کے نام سے۔

مولانا علی نقی صاحب قبلہ:

سہارا اللہ کے نام کا جو سب کو فیض پہنچانے والا بڑا مہربان ہے۔

مختصر تشریح:

رحمن اور رحیم کی لفظوں میں فرق یہ ہے۔ کہ رحمن اس رحمت کو بتاتا ہے، جو دوست و دشمن اور مومن وکافر سب کو عام ہے اور ایسی رحمت اللہ سے مخصوص ہے اسی لئے غیر اللہ پر اس لفظ کا اطلاق نہیں ہوتا لیکن رحیم اس رحمت کا مظہر ہے، جو مومنین سے مختص ہے۔ یہ فرق گذشتہ ترجموں سے ظاہر نہیں ہوتا۔ وہ جو دوست و دشمن کو عام ہو اسے، مہربانی، کہنا درست نہیں بلکہ ،فیض، کی لفظ سے اس کی تعبیر درست ہے۔ ،رحم کرنا، ہماری زبان میں مصیبت کے وقت سے مختص ہے۔ یہ تمام انواع رحمت کو شامل نہیں۔ (شروع) کلام میں مقدر ہے لہٰذا ترجمہ میں بھی مقدر قرار دینا درست ہے۔ اسے مظہر بنا دینا ترجمہ کے حدود سے تجاوز ہے۔ پھر عبد الماجد صاحب کے ترجمہ کی ترکیب بھی اردو محاورہ کے مطابق نہیں ہے۔

۲۔﴿اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ﴾(حمد/٦)

مولانا فرمان علی صاحب:

تو ہم کو سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ۔

مولانا عبد الماجد:

چلا ہم کو سیدھا راستہ۔

مولانا علی نقی صاحب:

بتا تا رہ ہم کو سیدھا راستہ۔

مختصر تشریح

پہلے ترجمہ میں ،ہدایت، کے معنی ہی نہیں پیدا ہوتے۔ ثابت قدم رکھنا اس لفظ کے معنی نہیں ہیں۔ دوسرے میں، چلا، کی لفظ جبر کا توہم پیدا کرتی ہے۔ آخری ترجمہ میں ہدایت کا مفہوم بھی آ گیا اور رہ کی لفظ سے ثابت قدم رکھنے کے معنی بھی آ گئے۔

۳۔﴿...وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ﴾(بقرہ/۳)

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس سے خرچ کرتے رہتے ہیں۔

مولانا فرمان علی صاحب:

اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں۔

مولانا علی نقی صاحب:

جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے۔ اس میں سے خیرات کرتے ہیں۔

تشریح

مطلق "خرچ کرنا" کوئی مدح نہیں۔ فرمان علی صاحب نے اس کمی کو بریکٹ کے الفاظ سے پورا کیا ہے۔ مگر بریکٹ کا ترجمہ میں داخل ہونا درست نہیں۔ خیرات، کی لفظ اس کمی کو دور کر دیتی ہے۔

۴۔﴿...وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾(بقرہ/۵)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور یہی لوگ اپنی دلی مرادیں پائیں گے۔

مولانا الماجد صاحب:

یہی (پورے) بامراد ہیں۔

مولانا سید علی نقی صاحب:

یہ ہیں جو ہر حیثیت سے بہتری پانے والے ہیں۔

تشریح:

فلاح کے معنی ائمہ لغت کے قول کے مطابق انواع خیر کے شمول پر مشتمل ہیں۔ مراد، کی لفظ انہی چیزوں کو شامل ہے جن کا انسان کو تصور اور جن کی طلب ہے۔ فلاح کی لفظ اس سے زیادہ وسعت کی حامل ہے۔

۵۔﴿أُولَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَى فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ﴾(بقرہ/۱۶)

مولانا فرمان علی صاحب:

یہی وہ لوگ ہیں، جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید کی۔ پھر نہ ان کی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ ان لوگوں نے ہدایت ہی پائی۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

یہ وہ لوگ ہیں کہ انھوں نے گمراہی خرید کرلی ہدایت کے بدلے۔ سو نہ ان کی تجارت ہی سود مند ہوئی اور نہ وہ راہ یاب ہوئے۔

مولانا سید علی نقی صاحب:

یہ ہیں وہ جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی تو نہ ان کے بیوپار نے نفع دیا اور نہ انھیں ہدایت ہی نصیب ہوئی۔

تشریح

پہلے دونوں ترجموں میں سلامت کی کمی ہے اور پہلے ترجمہ میں پھر کی لفظ بے موقع اور دوسرے میں سو ہے جو متروک ہے اور راہ یاب کی ترکیب غریب ہے۔

۶۔ ﴿فَإِن لَّمۡ تَفۡعَلُواْ وَلَن تَفۡعَلُواْ فَٱتَّقُواْ ٱلنَّارَ...﴾ (بقرہ/۲۴)

مولانا فرمان علی صاحب:

پس اگر تم یہ نہیں کر سکتے اور ہرگز نہیں کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور اگر یہ نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو پھر اس آگ سے ڈرو۔

مولانا سید علی نقی صاحب:

اب اگر تم نے ایسا نہ کیا اور ہرگز نہیں کرو گے تو پھر بچنے کا سامان کرو اس آگ سے۔

تشریح

سکو، کی لفظ ان دونوں ترجموں میں اصل سے زائد ہے۔ اس کے بعد اتقاء کے معنی ڈرنے کے ہیں ہی نہیں۔ بچنے کا سامان کرنا اس کے لغوی معنی سے مطابق بھی ہے اور اصل مفہوم کو بھی زیادہ واضح کرتا ہے۔

۷۔ ﴿هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاء فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ...﴾ (بقرہ/۲۹)

مولانا فرمان علی صاحب:

وہی تو وہ (خدا) ہے جس نے تمھارے نفع کے لیے زمین کی کل چیزوں کو پیدا کیا۔ پھر آسمان (کے بنانے) کی طرف متوجہ ہوا تو سات آسمان ہموار اور (مستحکم) بنادیئے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

وہ وہی (خدا) ہے جس نے پیدا کیا تمھارے لیے جو کچھ بھی زمین میں ہے سب کا سب پھر اس نے آسمان کی طرف توجہ کی اور انھیں سات آسمان درست کر کے بنادیئے۔

مولانا علی نقی صاحب:

وہ وہ ہے جس نے تمھارے لیے پیدا کیا جو کچھ زمین میں ہے۔ سب پھر آسمان کی طرف رخ کیا، تو انھیں سات آسمانوں کی صورت میں درست کیا۔

تشریح

پہلے ترجموں میں سلاست کی کمی نمایاں ہے۔

۸۔﴿...إِنَّكَ أَنتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ﴾(بقرہ/۳۲)

مولانا فرمان علی صاحب:

تو بڑا جاننے والا مصلحتوں کا پہچاننے والا ہے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

بے شک تو ہے بڑا علم و حکمت والا۔

مولانا علی نقی صاحب:

یقیناً تو بڑا جاننے والا، مناسب ہی کام انجام دینے والا ہے۔

تشریح

حکیم کی لفظ کا ترجمہ ان دونوں میں مفقود یا ناقص ہے۔

۹۔﴿...فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ﴾(بقرہ/۳۵)

مولانا عبد الماجد صاحب:

ورنہ تم گنہ گاروں میں سے ہو جاؤ گے۔

مولانا فرمان علی صاحب:

(ورنہ) پھر تم اپنا آپ نقصان کرو گئے۔

مولانا علی نقی صاحب:

رونہ تم حد سے قدم آگے بڑھانے والوں میں سے ہو گے۔

تشریح

ظالمین کا ترجمہ گہنگار غلط بھی ہے اور مخالفت عصمت سے زیادہ قریب بھی۔ دوسرے ترجمہ میں عصمت کا تحفظ کیا گیا ہے مگر اپنا آپ الفاظ قرآن کے حدود سے خارج ہے آخری ترجمہ میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو لفظی مفہوم کے حدود سے خارج ہو اور وہ خود قرآن میں جو الفاظ ظالم کی تشریح ہے اس کے مطابق ہے کہ ﴿...وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ اللهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾(بقرہ/۲۲۹)

۱۰۔﴿...وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ...﴾ (بقرہ/۴۱)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور تم سب سے پہلے اس کے انکار پر موجود نہ ہو جاؤ۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور مت بنو اس کے ساتھ اولین کفر کرنے والے۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور اس کے اول نمبر کے منکر نہ بنو۔

تشریح

پہلے دونوں ترجموں سے اولیت باعتبار زمانہ مستفاد ہوتی ہے۔ حالانکہ یہ مقصود نہیں ہے بلکہ اولیت باعتبار شدت انکار مراد ہے۔ نیز پہلے دونوں ترجموں میں سلامت کی کمی بھی ظاہر ہے۔

۱۱۔﴿وَاسْتَعِينُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخَاشِعِينَ﴾(بقرہ/۴۵)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور (مصیبت کے وقت) صبر اور نماز کا سہارا پکڑو اور البتہ نماز دو بھر تو ہے مگر ان خاکساروں پر (نہیں)

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور صبر اور نماز سے مدد چاہو اور وہ بے شک گراں ہے مگر خشوع رکھنے والوں پر (نہیں)

مولانا علی نقی صاحب:

اور سہارا لو صبر اور نماز کا اور یقیناً وہ گراں ہے (سب ہی پر)

تشریح

سوا عظمت الٰہی سے متاثر دل رکھنے والوں کے سہارا پکڑنے سے سہارا لینا زیادہ فصیح ہے۔ پہلے دونوں ترجمہ میں بریکٹ (نہیں) کی لفظ بلا ہے، عربی کے قاعدے سے جو شیء مقدر مانی جاتی ہے اسی کا بیان معنی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ عربی کے لحاظ سے اس استثناء کے قبل مستثنیٰ منہ مقدر ہوتا ہے جیسے سب ہی پر، کی لفظ ظاہر کرتی ہے نہیں، تو الا کی لفظ سے ضمنا ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے سوا کی لفظ ظاہر کر دیتی ہے۔ خاکساروں ، متواضعین کا ہم معنی ہے خاشعین کا نہیں۔ دریابادی صاحب کے ترجمہ میں خشوع رکھنے والوں، کہا گیا ہے۔ اس میں خاشعین کی لفظ سے جو واقف نہ ہو تو اس کے لیے ترجمہ ہی نہیں کیا گیا ہے۔ یہ تمام نقائص آخری ترجمہ میں دور کر دیئے گئے ہیں۔

۱۲۔﴿...وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ﴾(بقرہ/۴۷)

مولانا فرمان علی صاحب:

ہم نے تم کو سارے جہاں کے لوگوں سے بڑھا دیا۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

تمہیں دنیا جہان والوں پر فضیلت دی۔

مولانا علی نقی صاحب:

میں نے تمہیں تمام خلایق سے زیادہ عطا کیا۔

تشریح:

یہ بنی اسرائیل سے خطاب ہے۔ پہلے دونوں ترجموں میں ﴿فَضَّلۡتُكُمۡ﴾ کو فضیلت سے مشتق قرار دیا ہے۔ حالانکہ بنی اسرائیل کا تمام اقوام سے افضل ہونا قرآن کی دوسری آیتوں کے خلاف ہے۔ حقیقت میں ﴿فَضَّلۡتُكُمۡ﴾ فضل بمعنی زیادتی عطا سے مشتق ہے۔ جس کا تیسرے ترجمہ میں تحفظ کیا گیا ہے۔

۱۳۔ ﴿وَإِذۡ نَجَّيۡنَٰكُم مِّنۡ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ يَسُومُونَكُمۡ سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبۡنَآءَكُمۡ وَيَسۡتَحۡيُونَ نِسَآءَكُمۡ...﴾ (بقرہ/۴۹)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور (اس وقت کو یاد کرو) جب ہم نے تمھیں (تمھارے بزرگوں) قوم فرعون (کے پنجے) سے چھڑایا جو تمھیں بڑے بڑے دکھ دے کے ستاتے تھے۔ تمھارے لڑکوں پر تو چھری پھیرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (اپنی خدمت کے لئے) زندہ رہنے دیتے تھے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات دی تھی۔ جو تمہارے اوپر بڑا عذاب توڑ رہے تھے۔ تمہارے لڑکوں کا قتل کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور اس وقت جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے چھٹکارا دیا جو تمہیں بری طرح تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ تمہارے لڑکوں کا حلال کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھ لیتے تھے۔

تشریح:

پہلے ترجمہ میں بریکٹ کے الفاظ کی زیادتی ترجمہ کے حدود سے تجاوز کر گئی ہے۔ دوسرے ترجمہ میں زندہ رہنے دیتے تھے۔ کسی مصیبت کا پتہ نہیں دیتا۔ اس کمی کو پہلے ترجمہ میں بریکٹ کے الفاظ (اپنی خدمت کے لیے) سے پورا کیا گیا تھا۔ رہنے دیتے تھے" میں یہ بھی نقص ہے کہ "دیتے، کی لفظ وہاں صحیح ہے جو دوسرے پر کوئی کرم مقصود ہو۔ آخری ترجمہ میں رکھ لیتے تھے، کی لفظ اختصار کے ساتھ محاورہ کے اندر اس نقص کو دور کر دیتی ہے۔

۱۳۔﴿...فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ...﴾ (بقرہ/۵۵)

مولانا فرمان علی صاحب:

اس پر تمہیں بجلی نے لے ڈالا۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اس پر تم کو آلیا کڑک نے۔

مولانا علی نقی صاحب:

اس پر تمہیں بجلی نے گرفت میں لے لیا۔ اس ترجمہ کی فصاحت نمایاں ہے۔

۱۴۔{...فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ...} (بقرہ/۶۲)

مولانا فرمان علی صاحب:

بے شک مسلمانوں اور یہودیوں اور نصرانیوں اور لامذہبوں میں سے جو کوئی خدا اور آخرت پر ایمان لائے اور اچھے اچھے کام کرتا رہے تو انھیں کے لیے ان کا اجر وثواب ان کے خدا کے پاس ہے اور نہ (قیامت میں) ان پر کسی قسم کا خوف ہو گا۔ نہ وہ رنجیدہ دل ہوں گے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

بے شک جو لوگ ایمان لا چکے ہیں اور جو لوگ یہودی ہوئے اور انصاری اور صابی (غرض) جو کوئی بھی اللہ اور آخرت پر ایمان لے آئے اور نیک عمل کرے سو

ان (سب) کے لیے ان کے پروردگار کے پاس ان کا اجر ہے اور نہ کوئی اندیشہ ان کے لئے ہے اور نہ وہ کوئی غم کریں گے۔

مولانا علی نقی صاحب:

یقیناً جو مسلمان ہی ہوں اور جو پہلے یہودی ،عیسائی اور صابی تھے جو کوئی بھی اللہ اور آخرت پر واقعی ایمان رکھے اور نیک عمل کرے تو ان کے لیے ان کے پروردگار کے پاس ان کا اجر ہے اور ان کے لیے کوئی خوف نہیں ہے اور نہ وہ رنج میں مبتلا ہوں گے۔

تشریح:

پہلے ترجموں سے خیال ہوتا ہے۔ کہ نجات مسلمانوں سے مخصوص نہیں ہے۔ حالانکہ یہ حقیقت کے خلاف ہے۔ تیسرے ترجمہ میں اس کا تحفظ کیا گیا ہے۔

۱۵۔ ﴿وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِنْدِ اللهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَمَّا جَاءَهُمْ مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ...﴾ (بقرہ/۸۹)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور جب ان کے پاس خدا کی طرف سے کتاب (قرآن) آئی اور وہ اس (کتاب توریت) کی جو ان کے پاس ہے تصدیق بھی کرتی ہے اور اس سے پہلے (اس کی امید پر) کافروں پر فتحیاب ہونے کی دعائیں مانگتے تھے پس جب ان کے پاس وہ چیز جسے پہچانتے تھے آ گئی تو لگے انکار کرنے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور جب ان کے پاس ایک کتاب اللہ کے پاس سے پہنچ گئی تصدیق کرنے والی اس کے جو ان کے پاس (پہلے سے) موجود ہے اور اس سے قبل یہ (خود ہی) کافروں سے بیان کیا کرتے تھے پھر جب ان کے پاس وہ آ گیا، جس کو خوب پہچانتے تھے تو اسی سے کفر کر بیٹھے۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف کی وہ کتاب آئی جو ان کے پاس والی (کتاب) کی تصدیق کرنے والی ہے تو باوجودیکہ اس کے پہلے یہ لوگ خود کافروں کے سامنے اس کتاب کی پیش گوئی کر کے اپنی فتح وظفر کا اعلان کرتے رہتے تھے۔ اب جسے وہ پہلے سے جانتے تھے۔ جب ان کے پاس آئی تو یہ خود اس کے منکر ہو گئے۔

تشریح

پہلے ترجمہ میں کتاب اور تصدیق کرنے والی معطوف اور معطوف علیہ کے طور پر لایا گیا ہے جو غلط ہے۔ دوسرے میں "ایک کتاب" کی لفظ سے ابہام پیدا کر دیا ہے۔ حالانکہ توصیف کے لیے "ایسی" کی لفظ کی ضرورت ہے جس سے ایک طرح کی تعیین ہو جاتی ہے۔ ﴿يَسۡتَفۡتِحُونَ﴾ کے معنی "بیان کیا کرتے تھے" فتح کے معنی پر مشتمل نہیں ہیں جسے لفظ ﴿يَسۡتَفۡتِحُونَ﴾ متضمن ہے۔ حالیہ ترجمہ میں یہ سب نقائص دور کر دیئے گئے ہیں۔

۱۶۔ ﴿وَلَتَجِدَنَّهُمۡ أَحۡرَصَ ٱلنَّاسِ عَلَىٰ حَيَوٰةٍ وَمِنَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْ يَوَدُّ أَحَدُهُمۡ لَوۡ يُعَمَّرُ أَلۡفَ سَنَةٍ وَمَا هُوَ بِمُزَحۡزِحِهِۦ مِنَ ٱلۡعَذَابِ أَن يُعَمَّرَ...﴾ (بقرہ/٩٦)

مولانا فرمان علی صاحب:

تم ان (ہی) کو زندگی کا سب سے زیادہ حریص پاگے اور مشرکوں سے ہر ایک شخص چاہتا ہے کہ کاش اس کو ہزار برس کی عمر دی جاتی حالانکہ اگر اتنی طولانی عمر بھی دی جاوے تو وہ (خدا کے) عذاب سے چھٹکارا دینے والی نہیں۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

آپ انھیں زندگی پر حریص سب لوگوں سے بڑھ کر پائیں گے یہاں تک کہ مشرکوں سے بھی بڑھ کر ان میں سے ایک ایک یہ چاہتا ہے کہ ہزار ہزار برس کی عمر پاوے حالانکہ اگر اتنی عمر وہ پا بھی جائے تو یہ (امر) اسے عذاب سے تو نہیں بچا سکتا۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور ایک خاص (باعیش ونشاط) زندگی کی لالچ ان میں سب سے یہاں تک کہ
مشرکین سے بھی زیادہ پاؤ گے ان میں کا ہر ایک چاہتا ہے کہ کاش اسے ہزار برس کی
عمر ملتی حالانکہ اس عمر کا ملنا بھی اسے عذاب الہیٰ سے نہیں بچا سکتا۔

تشریح:

پہلے ترجمہ میں ﴿مِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا﴾ کو بعد کے فقرہ سے متعلق کر دیا ہے، جو غلط ہے "زندگی" کی لفظ دونوں پہلے ترجموں میں اس طرح لائی گئی ہے کہ تنوین معنی پیدا نہیں ہوتے۔

۱۷۔ ﴿مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا...﴾ (بقرہ/۱۰۶)

مولانا فرمان علی صاحب:

(اے رسول ﷺ) ہم جب کوئی آیت منسوخ کرتے ہیں یا (تمھارے ذہن
سے) مٹا دیتے ہیں۔ تو اس سے بہتر یا ویسی ہی (اور) نازل بھی کر دیتے ہیں۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

ہم جس آیت کو منسوخ کر دیتے ہیں یا بھلا دیتے ہیں۔ تو کوئی اس سے بہتر ہی
یا مثل اس کے لے آتے ہیں۔

مولانا علی نقی صاحب:

جس آیت کو ہم منسوخ کرتے ہیں یا بھول جانے دیتے ہیں، اس سے بہتر یا اس
کے مثل دوسری ہم پیش کر دیتے ہیں۔

تشریح

پہلا ترجمہ بریکٹ کے الفاظ تمھارے ذہن سے کی وجہ سے عقائد حقہ کے مخالف ہو گیا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ رسول ﷺ کے شایان شان یہ نہیں ہے کہ وہ آیات الٰہیہ کو بھول جائیں۔ دوسرے ترجمہ میں یہ پہلو نمایاں نہیں ہے مگر بھلا دینا جبر کا پتہ دیتا ہے۔ یعنی اقوام کو انبیاء کے تعلیمات بھلا دینے کا ذمہ دار اللہ کو قرار دیتا ہے۔ یہ بھی درست نہیں ہے۔ تیسرے ترجمہ میں ان سب باتوں کا تحفظ ہے۔ یہاں بھولنا خود ان قوموں کا عمل قرار دیا گیا ہے۔ اللہ کی طرف سے اتنا ہی کہ وہ اس کے خلاف جبر اپنا صرف نہیں کرتا کہ

زبردستی انھیں بھولنے سے مانع ہو۔ ننسھا کا یہ ترجمہ اسی طرح درست ہے جس طرح یضل من یشاء کا یہ ترجمہ کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ ہو جانے دیتا ہے جو عقیدہ حق کے مطابق ہے۔

۱۸۔﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ﴾ (بقرہ/۱۱۵)

مولانا فرمان علی صاحب:

ساری زمین خدا ہی کی ہے (کیا) پورب (کیا) پچھم پس جہاں کہیں (قبلہ کی طرف) رخ کرو وہیں خدا کا سامنا ہے۔ بے شک وہ بڑی گنجائش والا اور خوب واقف ہے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اور اللہ ہی کا ہے مشرق (بھی) اور مغرب (بھی) سو تم جدھر کو بھی منہ پھیرو اللہ ہی کی ذات ہے۔ اللہ بڑا اوسعت والا ہے بڑا علم والا ہے۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور اللہ کے مشرق اور مغرب دونوں ہی ہیں تو جدھر رخ کرو، اللہ کی مرضی مل سکتی ہے۔ یقیناً اللہ وسعت والا بڑا علم رکھنے والا ہے۔

تشریح:

پہلے ترجمہ میں بریکٹ میں (قبلہ کی طرف) کہہ کر سمت کو محدود بنا دیا گیا ہے جو اصل مضمون آیت کے خلاف ہے۔ اللہ کا سامنا اور اللہ کی ذات سے جو ان دونوں ترجمہ میں ہے "اللہ کی مرضی زیادہ مناسب ترجمہ ہے جس معنی سے خالصتہ لوجہ اللہ کا محاورہ ہے۔

۱۹۔﴿وَلَا تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ﴾ (بقرہ/۱۱۹)

مولانا فرمان علی صاحب:

اور دوزخیوں کے بارے میں تم سے کچھ نہ پوچھا جاوے گا۔ مولانا عبد الماجد صاحب: "اور آپ سے اہل دوزخ کی بابت کچھ بھی پوچھ نہ ہوگی۔

مولانا علی نقی صاحب:

اور دوزخ جانے والوں کی جواب دہی تم پر نہیں ہے اس ترجمہ سے مفہوم غالباً زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔

۲۰۔﴿رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ...﴾ (بقرہ/۱۲۸)

مولانا فرمان علی صاحب:

اے ہمارے پالنے والے تو ہمیں اپنا فرمانبر دار بندہ بنا اور ہماری اولاد سے ایک گروہ (پیدا کر) جو تیرا فرمانبر دار ہو۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

اے پروردگار ہم دونوں کو اپنا فرمانبر دار بنادے اور ہماری نسل سے ایک فرمانبر دار امت پیدا کر

مولانا علی نقی صاحب:

پروردگارا اور یہ عرض ہے کہ ہم دونوں کو اپنی بارگاہ میں "مسلم" قرار دے اور ہماری نسل میں سے بھی ایک امت قرار دے جو تیری بارگاہ میں "مسلم" ہو۔

تشریح

قرآن کی دوسری آیتوں میں بتایا گیا ہے۔ کہ مسلم کی لفظ ابراہیمؑ نے اس وقت کے لیے بطور نام کے قرار دیا ہے لہذا اس کا ترجمہ وصفی طور پر کر دینا اس کی اسمی حیثیت کو ختم کر دیتا ہے۔ ہاں تفسیری نوٹ کے طور پر "مسلم" کے معنی ظاہر کر دیے جائیں تو بہتر ہے۔

۲۱۔﴿أَمۡ تَقُولُونَ إِنَّ إِبۡرَاهِيمَ وَإِسۡمَاعِيلَ وَإِسۡحَقَ وَيَعۡقُوبَ وَالأَسۡبَاطَ كَانُواْ هُودًا أَوۡ نَصَارَى قُلۡ أَأَنتُمۡ أَعۡلَمُ أَمِ اللّهُ وَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّن كَتَمَ شَهَادَةً عِندَهُ مِنَ اللّهِ وَمَا اللّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ﴾(بقرہ/۱۴۰)

مولانا فرمان علی صاحب:

کیا تم کہتے ہو کہ ابراہیم واسمعیل واسحق واولاد یعقوب سے کے سب یہودی یا نصرانی تھے (اے رسول ﷺ ان سے) پوچھو تو کہ تم زیادہ واقف ہو یا خدا اور اس

سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جس کے پاس خدا کی طرف سے گواہی (موجود) ہو (کہ وہ یہودی تھے) اور پھر وہ چھپائے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس سے بے خبر نہیں ہے۔

مولانا عبد الماجد صاحب:

کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور اولاد (یعقوب) یہودی یا نصرانی تھے؟ آپ کہیے تم واقف تر ہو یا اللہ؟ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اس شہادت کو چھپائے جو اس کے پاس اللہ کے ہاں سے پہنچ چکی ہے۔ ورنہ اللہ ہمارے کرتوتوں سے بے خبر تو ہے نہیں۔

مولانا علی نقی صاحب:

کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیمؑ اسمٰعیلؑ، اسحٰق، یعقوبؑ اور اسباط یہودی یا عیسائی تھے؟ ان سے کہنا چاہیے کہ تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟ اور اس سے زیادہ ظالم کون ہو گا کہ جو کسی گواہی کو جو اس کے پاس اللہ کی طرف سے ہے پوشیدہ کرے اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔

تشریح

پہلے ترجمہ میں یعقوبؑ کا ذکر اڑا دیا گیا ہے اس کے علاوہ خدا کی طرف سے گواہی کے بعد بریکٹ میں یہ لکھ کر (کہ وہ یہودی تھے) مطلب ہی الٹا کر دیا۔ اللہ کی گواہی تو یہ ہے کہ وہ یہودی اور نصرانی کوئی بھی نہ تھے بلکہ حنیف مسلم تھے۔ دوسرے ترجمہ کے آخر میں تمہارے کرتوتوں کے بجائے "ہمارے" کر دیا گیا ہے۔ تیسرا ترجمہ ان سب غلطیوں سے بری ہے۔

جعفر حسین عفی اللہ عنہ

ادارہ علمیہؔ (پاکستان) لاہور۔

کچھ قضیہ شہید انسانیت کے متعلق

ہر قوم وملت کے دانشوروں اور علماء کے درمیان ہر زمانہ میں فکری اختلاف موجود رہا ہے اور رہے گا۔ یہ اختلاف فکری درحقیقت فطری اختلاف ہے۔ ان کا انکار فطرت کا انکار ہے۔ البتہ کچھ مفاد پرست عناصر ان سے فائدہ بھی اٹھاتے ہیں۔ دیگر ادیان کو چھوڑ کر صرف دین اسلام میں ۷۳ نہیں بلکہ سیکڑوں کی تعداد میں فرقوں کا وجود اور ایک دوسرے سے نفرت وفتاوی تکفیر اس کی بہترین دلیل ہے۔

برصغیر میں برادران اہل سنت کے داخلی فرقوں کی تعداد کا صحیح اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ البتہ اہم ترین فرقوں کے بارے میں اطلاعات حاصل کرنے کے لیے متعدد کتب تحریر کی جاچکی ہیں۔ جن میں سے ایک کتاب "ادیان باطلہ اور صراط مستقیم" ہے۔ جس میں ہر فرقے کے خلاف لکھی جانے والی کتب کی فہرست بھی کسی حد تک موجود ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ان میں سے ہر فرقہ دوسرے کو باطل ہی سمجھتا ہے۔

اسی طرح شیعیان برصغیر کے حوالہ سے بھی کچھ تلخ حقائق موجود ہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ اصولیت اور اخباریت کا ٹکراؤ تھا۔ یعنی جب آیت اللہ العظمٰی سید دلدار علی غفران مآب کہ جو ابتدا میں اخباری تھے، لیکن جب نجف وکربلاء جاکر آیت اللہ العظمٰی استاد کل آقای وحید بہبھانی و آیت اللہ العظمٰی سید مہدی بحر العلوم وغیرہ سے درس حاصل کیا تو واپس آکر اخباریت کے رد میں کام شروع کیا تو علامہ میرزا محمد اخباری مقتول اور آقای دلدار علی غفران مآب کے شاگردوں نے ایک دوسرے کے خلاف خوب لکھا اور یہ سلسلہ سالوں تک جاری رہا۔

پھر خواجہ عابد حسین سہارنپوری مرحوم نے کتاب "یا علی مدد" اور رسالہ "انذار النادرین" تحریر فرمایا تو دوسری طرف اصلاح الرسوم کے مصنف جناب مرتضی جونپوری مرحوم نے ایک زمانہ تک ان کے خلاف خوب لکھا اور یہ اختلاف بھی سال ہا سال باقی رہا۔ اور طرفین کے افراد نے دسیوں کتب تحریر کیں۔

اور جب حیدرآباد دکن سے بحث مساوات چلی تو سالوں تک ملت اس میں مصروف رہی اور شیعہ دانشور ایک دوسرے کے خلاف لکھتے رہے آقای غلام حسین صدر العلماء مرحوم قائل نظریہ مساوات اور علامہ لقاء علی حیدری مرحوم وعلامہ اعجاز حسین صدیقی مرحوم وغیرہ نے اس نظریہ کی ڈٹ کر مخالفت کی۔

کتاب شہید انسانیت

۱۳۶۱ھ۔ق۔ میں واقعہ کربلاء کو رونماہوئے پورے ۱۳۰۰سو سال گزر رہے تھے، سید العلماء ودیگر علماء نے ارادہ کیا کہ سیزدہ صد سالہ یادگار حسینی کی مناسبت سے ایک بین الاقوامی طرز تفکر کی ایسی کتاب تحریر کی جاے جس میں دنیاانسانیت کا ہر فرد اس کو پڑھ کر امام حسین کو انسانیت کا نجات دہندہ قبول کرنے پر مجبور ہو جاے، اس منصوبے کی پایہ تکمیل کے لیے کافی نشستوں کے بعد یہ طے ہوا کہ خود بانی تحریک یعنی سید العلماء سید علی نقی نقن صاحب ہی اولا ایک جامع کتاب تحریر کریں، پھر اسے تصویب رای کے کے لیے دیگر اعلام کے پاس بھجی جاے، اور بزرگان کی حتمی نظر کے بعد اس کی عام طباعت کی جاے، اس حوالہ سے نقن صاحب مرحوم نے ۷۱۲صفحات پر مشتمل وزیری سائز میں ایک کتاب تحریر فرمائی جو ایک دباچہ تین حصوں اور ایک خاتمہ پر مشتمل تھی۔ جس کا اجمالی خاکہ یہ ہے

دیباچہ: واقعہ کربلاء کا اجمالی خاکہ

حصہ اول: شہید کربلاء کا تعارف (۱۵ابواب پر مشتمل)

حصہ دوم: واقعات کربلاء کے اسباب و تفصیلات (۷ابواب پر مشتمل)

حصہ سوم: واقعہ کربلاء کے نتائج (۱۰ابواب پر مشتمل)

خاتمہ کتاب: عالم اسلام کو اصلاح عمل اور اتباع اسوہ حسینی کی دعوت۔

اس کتاب کی محدود اشاعت کر کے اس اعلان کے ساتھ اسے اہل قلم تک پہنچادیا گیا۔

اعلان (مخصوص اڈیٹیوریل بورڈ کے افراد اور منتخب اہل قلم کے لیے)

لیکن جو حالات شہید انسانیت کی طباعت کے بعد شیعوں میں رونما ہوئے۔ یہ تو ایک لمبی داستان ہے جسے ہم شہید انسانیت کی رد واثبات میں لکھی جانیں والی تمام تحریرات کو یک جا پیش کرتے وقت تحریر کریں گے۔ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ کتاب "شہید انسانیت" کی پہلی محدود اشاعت کے بعد ایسے قیامت خیز منظر دیکھنے میں آئے کہ بر صغیر کی تاریخ میں شیعوں کے ایسے داخلی نزاعت آج تک چشم فلک نے نہ دیکھے ہوں گے۔

سر دست ان اختلافات کے خاتمہ کے لیے جو مختلف تدابیر بزرگان تشیع نے پیش کی تھیں۔ انہیں یہاں پیش کرنا چاہتے ہیں، اس سلسلہ میں ہم یہاں پر اپنی طرف سے کچھ لکھنے کے بجاے خود سید العلماء

اور دیگر اعلام نے جو کچھ لکھا ہے وہی کافی و شافی ہے۔ سر دست اس جگہ پر جناب جعفر شیر وانی آف حید رآباد کن کی مرتب کردہ کتاب اظہار حق سے چند بیانات جو خود سید العلماء اور علامہ سید کلاب حسین لکھنوی نے کی قلم سے تحریر ہوئے پیش کئے جاتے ہیں۔

لہذا قارئین ان مطالب کا دقت سے مطالعہ فرمائیں۔

ا۔ بیان بصیرت افروز

جناب عمدۃ العلماء مولانا مولوی سید کلب حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر لکھنو[1]

شیعہ کانفرس میں کیا ہوا

ایک لابنی چوڑی داستان ہے جو میں زبان قلم سے انصاف پسند ناظرین کے سامنے پیش کر رہاہوں۔ میں جانتاہوں کہ بڑے بڑے صاحبان دولت، ارکان حکومت، شیعہ کانفرس کے کرتا دھرتا اور بعض علماء اور ان کے زر خرید اس مضمون کے شائع ہونے کے بعد میری بیحد مخالفت کریں گے مجھ کو ہر قسم سے ضرر پہنچانے کی کوشش کریں گے، مجھ کو جھوٹا کہیں گے۔ اپنے اقوال سے پلٹیں گے۔ افعال سے مکریں گے۔ شیعہ کانفرس کے جلسے میں مجھ سے بعض اخبارات کے نمائندوں نے دریافت کیا تھا وہ کون سی سیاست ہے جس کے نہ جاننے کا تم نے اس جلسہ میں اقرار کیا تھا۔ تو میرا جواب ہے کہ وہ وہی سیاست ہے جو میں نہیں جانتا۔

میرے والد نے شیعہ کانفرس کی بنیاد رکھی۔ تمام علماء نے مدد کی پہلے صدارت علماء سے مخصوص تھی تو کانفرس دن دُونی رات چوگنی ترقی کرتی رہی بڑی شورش کے بعد صدارت میں تعمیم ہوئی پہلے تو یہ صورت ہوئی کہ صدارت کے واسطے انتخاب تو علماء ہی کا ہو مگر وہ جس کو چاہیں اپنی طرف سے نائب کر دیں چند دن

---

[1]۔ عمدۃ العلماء علامہ سید کلب حسین عرف کبن صاحب ولد قروۃ العلماء سید آقا حسن شعبان ۱۳۱۱ھ بمطابق ۱۹۹۲ء لکھنو میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد نجف اشرف روانہ ہوئے۔ وہاں سے واپس آ کے تبلیغ دین اور اتحاد بین المسلمین کو اپنا شعار بنایا۔ لکھنو جیسے علمی و ادبی ماحول میں خطابت کے میدان میں اپنوں اور بیگانوں سے علم و ادب کا لوہا منوایا۔ بالآخر ۶ اکتوبر ۱۹۶۳ء بمطابق جمادی الاولی ۱۳۸۳ھ دار فانی سے دار بقاء کی طرف سفر کیا۔ آپ کے جنازہ میں۔ لاکھوں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جنازہ کے ساتھ ماتمی دستے ماتم کرتے جا رہے تھے۔ تدفین کے بعد بعض لوگ آپ کی قبر کی مٹی کو بطور تبرک محفوظ کیا۔ (رجوع کریں: مطلع انوار، ص ۴۳۳۔۴۳۶۔)

یہ آڑ باقی رہی آخر میں یہ پردہ بھی اُٹھ گیا اور دولت مند ڈیوڑھیاں ڈھونڈی گئیں۔ ہاں! ایک مرتبہ جناب صفی مرحوم کو بھی صدارت مل گئی۔

چند دن تو ان حالات میں بھی علماء اعلام مرحومین کانفرس کے ساتھ رہے۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ تمام وہ علماء جو بانیان کانفرس میں تھے الگ ہو گئے۔ ارباب کانفرس جانتے تھے کہ علماء کی علیحدگی کے بعد کانفرس بے روح ہو جائے گی۔ لہذا مجلس نظارت شرعی کے نام سے دیگر علماء کی ایک جماعت قائم کی، مگر ارکان مجلس نظارت کو بہت جلد محسوس ہو گیا کہ یہ صرف ڈھونگ ہے حقیقت کچھ نہیں۔ لہذا یہ سب حضرات بھی کانفرس سے دست بردار ہو گئے کانفرس کی حالت بد سے بدتر ہو گئی۔ ڈھول تو بہت پیٹے جائیں مگر اس میں شک نہیں کہ شیعہ کانفرس وہ مردہ تھا جس کی ہر سال برسی ہوتی تھی۔ مگر بقدر واجب جنازہ اٹھانے والے بھی کہیں دستیاب نہ ہوتے تھے۔

صرف جناب "خان بہادر سید کلب عباس" صاحب جنرل سکریٹری شیعہ کانفرس باین امید ہے کہ شاید کوئی خدا رس فقیر کسی جڑی بوٹی کے ذریعہ سے اس مردہ کو زندہ کر دے کانفرس کی لاش اپنے کاندھوں پر لادے لادے شہروں شہروں پھر رہے تھے۔ آخر آج سے دوڈھائی سال قبل جانسٹھ کے جلسہ میں سر "سلطان احمد" صاحب بالقابہ کی صدارت نے کچھ جان ڈالی، جن کے متعلق اب کی سال کے جلسے میں تائید صدارت کرتے ہوئے بعض حضرات نے فرمادیا کہ آج تک جتنے صدر آئے سب نے محض تین دن صدارت کی اس کے بعد اپنے گھر کی صدارت فرماتے رہے۔

اس جلسے سے پہلے پھر علماء کو دعوت شرکت دی گئی میرے سوا تمام وہ علماء جو شیعہ کانفرس کے دعوت نامہ کو قابل جواب سمجھے ان سب حضرات نے اپنی شرکت کی شرط قیام مجلس نظارت قرار دی جانسٹہ کے جلسہ میں تو مجلس نظارت کی بنیاد نہ پڑی، مگر سال گذشتہ الہ آباد کے جلسہ میں مجلس نظارت کا رزولیوش پاس ہوا، جس کے ذریعہ سے ایک مجلس نظارت کا انتخاب محض تین سال کے واسطے کیا جائے حلقہ انتخاب تمام ہندوستان پر شامل ہو۔

ووٹرس کی نامزدگی سکریٹری صاحب شیعہ کانفرس کے اختیار میں ہو۔ بمبئی میں کانفرس کو دعوت دی گئی اور سکریٹری صاحب کی طرف سے ووٹنگ کے واسطے کاغذ جاری ہوئے مگر خدا بھلا کرے ان حضرات کا جنھوں نے صرف سکریٹری صاحب شیعہ کانفرنس کو بدنام کرنے کے واسطے ایسی کوشش کی کہ بمبئی میں کانفرنس نہ ہو اور اس کے بعد فوراً لکھنو میں دعوت دے دی گئی کیوں اور کس لیے لوگ تو بہت کچھ کہتے ہیں

خدا اجزائے خیر دے ہز ہائی نس آف رام پور کو جن کی سوجھ بوجھ اور عزم مستحکم کی بدولت یہ تمام اسکیم تارِ عنکبوت ہو گئی۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب بمبئی میں کانفرس ملتوی ہوئی تو مجلس نظارت کا انتخاب بھی ملتوی ہوا اور جب لکھنو میں کانفرس کا جلسہ قریب آ گیا تو ۱۹ اگست کو مجلس نظارت کے انتخاب کے واسطے جلسہ ہوا۔ میرا تو یہ مطالبہ تھا ہی نہیں مگر بعض حضرات نے رزولیوش منظور کردہ اجلاس الہ آباد پر غور کر کے اس کو بالکل ناقابل اطمینان قرار دیا اور مجھ سے فرمائش کی کہ تم ۱۹/ اگست کے جلسہ میں تحریک التواء پیش کرو کہ ہم جلسہ عام میں پہلے رزولیوشن کی ترمیم کرالیں تو پھر مجلس نظارت کا انتخاب کر دیا جائے۔

میرا کیا بنتا بگڑتا تھا۔ جلسہ ہوا میں نے تحریک کی اور حضرات نے تائید کی اور انتخاب ملتوی ہو گیا۔ چند دن کے بعد رزولیوشن کی ترمیم کا مسودہ مجھے دیا گیا جو میں نے اپنے اور جناب مولانا میرن صاحب قبلہ کے دستخط سے سکریٹری صاحب سبجکٹ کمیٹی کے حوالے کر دیا اور دیکھ لیا کہ نمبر ۳۶ میں منسلک ہے۔

درمیان کی باتیں تو بہت کچھ ہیں مگر اس سلسلہ کو ختم کر دوں تو مناسب ہے ۱۵ اگست رات کے وقت جو سب جکٹ کمیٹی ہوئی اس کے درمیان ہی سے میں اٹھ کر باہر چلا آیا تھا۔ صبح کو مجھے معلوم ہوا کہ صدر محترم نے بعض علماء کی منظوری سے مجلس نظارت کی ترمیم کے رزولیوش کا سال آئندہ کے واسطے ملتوی کر دیا اور میں تو یہ جانتا ہوں کہ اب یہ ترمیم آخر عمر کانفرس تک کبھی کسی اجلاس میں نہ آئے گی۔ کیونکہ جن علماء کا یہ مطالبہ تھا جب وہ مجلس نظارت شرعیہ بننے سے پہلے ہی جلسوں میں شرکت کیسی بلکہ کانفرس کے لکھنو میں دعوت دینے والے اور جان وروح سے کوشاں اور منہمک ہو چکے تو اب ارکان کانفرس کو کیا پڑی ہے کہ وہ مجلس نظارت کی ڈکٹیٹری قائم کریں ہم تو کہیں گے کہ یہ صرف صدر محترم کی عظمت بلکہ اقبال تھا کہ شرط شرکت سے دست برداری اختیار کر لی گئی یہ سیاست مجھ کو نہیں آتی۔

بہر حال دعوت کانفرس منظور ہوئی اور استقبالیہ کمیٹی ادھر اُدھر جمع کر کے بنگئی استقبالیہ کمیٹی کے ارکان بھی چن لیے گئے، صورت انتخاب کیا تھی اس کی تصریح میرے قلم سے مناسب نہیں۔

"زررازر می کشد" اعلی حضرت کے اثر کا موقعہ تھا کہ روپیہ سمٹ کے آنے لگا اس مفلسی کے عالم میں جب کہ سیکڑوں بچے ہوائیں فاقوں مر رہے تھے۔ ہزاروں روپیہ محض پروپیگنڈہ اعلان اشتہار سجاوٹ میں صرف کر دیا گیا۔ ہر جگہ کے جلسہ میں قاعدہ یہ تھا کہ جس شہر میں دعوت دی جاتی تھی محض وہیں سے

استقبالیہ کا چندہ جمع کیا جاتا تھا اور بیرون جات میں جو ٹکٹ بکتے تھے وہ رقم صدر دفتر کو جاتی تھی مگر اب کی سال بیرون جات سے استقبالیہ کا چندہ لے کر صدر دفتر کی رقم پر چھاپا مارا گیا۔ شاید اس امید پر کہ انشاء اللہ رام پور کے خزانہ سے ہر رقم پوری ہو جائے گی۔

حقیقت یہ ہے کہ ارکان مجلس استقبالیہ نے بڑی زحمت و مشقت اور بڑی جانفشانی سے چندہ جمع کیا تمام انتظامات کئے استقبالیہ کے ممبروں کی تعداد بڑہائی یہاں تک کہ بعض علماء نے وہ وہ کام کئے جس کی ان سے امید نہ تھی مگر ایک میں نافہم تھا کہ جب مجلس انتظامیہ نے اپنی رکنیت میں منتخب کیا تو میں نے سکریٹری صاحب مجلس استقبالیہ کی خدمت میں استعفیٰ روانہ کر دیا کہ میں اپنے امراض و اسقام و مصائب میں مبتلا ہوں کوئی خدمت نہیں کر سکتا لہذا مجھ کو انتظامیہ و استقبالیہ دونوں کی ممبری سے معاف فرمایا جائے۔

میں ممنون ہوں کہ جناب ”مولوی سید محمد سعید صاحب“ اور ”جناب راجہ صاحب مٹھوارہ“ اور ”جناب قیصر حسین صاحب ایڈوکیٹ“ نے فقیر خانہ تشریف لا کے استعفیٰ واپس لینے کی خواہش کی۔ میں نے غور مزید میں یہ بھی عرض کیا کہ میں سیاسیات میں دخل دینا مناسب نہیں جانتا اور قوم کی تباہی کا وہی دن ہوگا جب یہ سیاسیات میں قدم رکھے گی۔

مجھ کو یاد نہیں کہ اس کے بعد یا اسی دن ”مولوی سعید صاحب“ نے یہ ارشاد فرمایا کہ صدر منتخب نے وعدہ فرمایا ہے کہ خطبہ صدارت کے علاوہ اور کوئی سیاسی تحریک جلسہ میں نہ آئے گی اور پریس کانفرس نے کچھ اسی سے ملتا جلتا مجلس استقبالیہ کے ارکان کا بیان بھی شائع کیا۔ اس بیان سے مطمئن ہو کر میں نے استقبالیہ کا کوئی کام لکھنو میں تو نہیں کیا مگر بیرونجات میں جہاں گیا وہاں کے مومنین کو دعوت شرکت دیتا رہا۔

”نواب سید قیصر حسین صاحب ایڈوکیٹ“ نے مجھ سے ایک اپیل میں دستخط کرنے کی خواہش کی اور میں نے عرض کر کے عذر کیا کہ اور حضرات سے پہلے لکھوالیا جائے۔ چند دن کے بعد جب اکثر علماء کے دستخط اس اپیل پر موجود تھے مجھ سے دوبارہ دستخط کی خواہش کی گئی اور میں نے دستخط کر دئے مگر صرف اس اطمینان پر کہ کوئی سیاسی تحریک نہ آئے گی۔

صلح کی کوشش میں کیا ہوا؟

سب سے پہلے میں یہ بھی کہتا چلوں کہ قوم نے بالاتفاق اعلیٰ حضرت ہزہائنیس آف رام پور اقبالہ العالی کو آل انڈیا شیعہ کانفرس کا صدر منتخب کیا اعلی حضرت نے منظوری صدارت میں یہ شرط قرار دی کہ شیعوں کی تمام جماعتیں متفق ہو کر شیعہ کانفرس میں شرکت کریں اس اعلان سے مومنین کی ہمت افزائی ہوئی اور اعلی حضرت کو جلسوں اور اخبارات مموریلوں اور ذاتی خطوط کے ذریعہ سے توجہ دلائی گئی کہ سب سے بڑی نزاع جس نے شہروں قصبوں دیہاتوں بلکہ ہر گھر میں تفرقہ ڈال دیا ہے۔

"شہید انسانیت" کی نزاع ہے۔ مولانا علی نقی صاحب (جن کے متعلق بعض حضرات کا یہ عہد ہے کہ جس مقام پر وہ ہوں گے یہ حضرت شرکت نہ کریں گے۔) ان کو بھی کانفرس کی طرف سے دعوت نامہ بھیجا جائے۔

۱۹ اگست کو کانفرس کی مرکزی کمیٹی کا جلسہ ہوا اور اس میں بھی یہ سوال اٹھایا گیا۔ اعلی حضرت نے اپنی رولنگ صادر فرمائی کہ مجلس استقبالیہ کو اختیار ہے کہ وہ مولانا سید علی نقی صاحب کے نام دعوت نامہ جاری کرے یا نہ کرے لیکن اگر مولانا سید علی نقی صاحب ٹکٹ لے کر آل انڈیا شیعہ کانفرس کے جلسے میں آجائیں تو کسی بھی قانون سے ان کو روکا نہیں جاسکتا اور فرمایا کہ اس معاملے کو میرے سپرد کر دیا جائے میں طے کر دوں گا۔

مرکزی کمیٹی کا جلسہ برخاست ہونے کے بعد یہ بہ ایماء اعلی حضرت دام اجلالہ جنرل سکریٹری شیعہ کانفرس "خان بہادر سید کلب عباس صاحب" نے صلح کی کوشش شروع کی اور "مولوی... صاحب" وغیرہ[1] کی طرف سے ایک مسودہ سکریٹری صاحب کو دیا گیا کہ اگر "مولوی علی نقی صاحب" اس مسودے پر دستخط کر دیں تو پھر کوئی نزاع باقی نہ رہے گی۔

مجھ کو نہ یہ خبر تھی کہ مرکزی کمیٹی میں کیا ہوا اور نہ یہ خبر تھی کہ صلح کی گفتگو شروع ہوئی ہے۔ ۱۹ اگست ۵ بجے سہ پہر کو جناب "سید علی ظہیر صاحب" وزیر اترپردیش کی کوٹھی پر عصرانہ تھا۔ جس میں مجھ کو بھی دعوت دی گئی تھی جب میں اس عصرانہ میں گیا تو اعلی حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ تم فوراً واپس جاؤ

---

[1] نوٹ: اس نزاع میں طرفین کے تمام اسماء گرامی عمدۃ العلماء کبنؒ صاحب کے "بیان" میں موجود ہے۔ جسے ہم نے حفظ تقدس کی خاطر حذف کر دیا ہے۔

کیونکہ میں نے "کلب عباس صاحب" کو ایک صلح کا فارمولا دیکر تمہارے یہاں بھیجا ہے کہ تم کو لے کر مولوی علی نقی کے یہاں جائیں اور صلح کی کوشش کریں۔

جناب "قیصر حسین صاحب" ایڈوکیٹ نے اس فارمولے کی نقل بھی مجھ کو دکھائی۔ جناب "مولوی... صاحب"، جناب، "مولوی... صاحب"، "جناب مولوی ...صاحب" وغیرہ بھی عصرانہ میں موجود تھے۔ میں نے وہ فارمولا دیکھ کر کہا کہ اس کو "مولوی علی نقی صاحب" منظور نہ کریں گے۔ مگر اعلی حضرت کے حکم کے مطابق فوراً مکان آیا معلوم ہوا کہ جناب سکریٹری صاحب اور جناب "صدر الاسلام صاحب" اور "جناب وصی الحسن صاحب زیدی" اور "جناب کلب مصطفی صاحب" بہت دیر ہوئی مجھکو تلاش کرتے ہوئے آئے تھے مگر جب میں نہ ملا تو "مولوی علی نقی صاحب" کے یہاں چلے گئے چونکہ بہت دیر ہو چکی تھی، اس وجہ سے میں نے علی نقی صاحب کے یہاں جانا مناسب نہیں سمجھا مگر میں رات تک منتظر رہا کہ شائد سیکریٹری صاحب واپس تشریف لائیں تو مجھ کو کچھ حال معلوم ہو (جناب عم محترم خان بہادر سید کلب عباس صاحب ہمیشہ فقیر خانے ہی پر قیام فرماتے ہیں) مگر جب موصوف تشریف نہ لائے تو میں سو رہا صبح کو معلوم ہوا کہ سکریٹری صاحب ۵ بجے صبح کی گاڑی سے رائے بریلی گئے مگر میرے نام تحریر چھوڑ گئے ہیں جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

میں ۳ بجے سہ پہر سے ساڑھے گیارہ بجے شب تک صلح کی کوشش کرتا رہا۔ پہلے مسودے "مولوی علی نقی صاحب" نے منظور نہ کیا اور کچھ الفاظ کا تغییر و تبدل کیا مگر اس کو "مولوی... صاحب" وغیرہ نے منظور نہ کیا اور بعض الفاظ کم کر کے ایک مسودہ بنایا اس کو "مولوی نقی صاحب" نے منظور نہ کیا۔ اب میں جا رہا ہوں اور میں نے اعلیٰ حضرت سے آپ کے متعلق عرض کر دیا ہے کہ آپ اسی کام کے تکمیل میں کوشش کریں گے۔

لہذا دونوں مسودوں کو پیش رکھ کے کوئی فارمولا منظور کرانے کی کوشش کیجئے۔ "مولوی... صاحب" کی طرف سے دونوں فارمولے مذکورہ بالا تحریر کے ساتھ منسلک تھے۔ صبح کو خود "مولوی علی نقی صاحب" میرے پاس تشریف لائے اور تمام تذکروں کے بعد وہ مسودہ دیا جو موصوف نے اپنی طرف سے پیش کیا تھا۔

۱۲ بجے دن کو اعلی حضرت کے طلب فرمانے پر سرکار کی خدمت میں گیا۔ اعلی حضرت نے فرمایا تم اس صلح میں کوشش کرو میں نے عرض کیا کہ " جناب ... صاحب" قبلہ کی شرکت ضروری ہے چنانچہ اعلی حضرت نے موٹر بھیج کر "مولوی... صاحب" اور "...صاحب" کو طلب فرمایا اور دونوں حضرات کے ساتھ

جناب ”مولوی... صاحب“، ”جناب مولوی... صاحب“، ”جناب مولوی... صاحب“ ، ”جناب مولوی... صاحب“ تشریف لائے اور اعلیٰ حضرت اور راجہ صاحب پیر پور کی موجودگی میں تبادلہ خیالات شروع ہوا۔ ”خان بہادر نواب مہدی حسن“ قبلہ سے خواہش کی گئی کہ وہ ایک مسودہ تحریر کریں جو فریقین کے لیے قابل منظوری ہو سکے۔

تقریباً ۳ گھنٹے کے بحث و مباحثہ اور کمی و زیادتی کے بعد ”جناب خان بہادر صاحب“ کے تحریر کردہ دو مسودے منظور ہوئے۔ ایک وہ جس پر مذکورہ بالا تمام حضرات دستخط کر کے یہ اعلان کریں کہ جو تحریر ”مولوی علی نقی صاحب“ نے دی دی اس کے بعد کوئی نزاع ہم لوگوں کو ”مولوی علی نقی صاحب“ سے باقی نہ رہی جس کے بعد سب حضرات کی رائے ہوئی کہ میں اور ”خان بہادر نواب“ ”مولوی مہدی حسن صاحب“ قبلہ ان تحریروں کو لے کر ”مولوی علی نقی صاحب“ کے پاس جائیں اور ان سے منظوری حاصل کرنے کی کوشش فرمائیں خان بہادر صاحب نے ہر چند عذر کیا، لیکن اعلیٰ حضرت نے کوئی عذر مسموع نہیں فرمایا اور ارشاد کیا کہ پندرہ برس کے بعد آپ سے یہ دینی کام لے رہا ہوں اسے آپ کو منظور کرنا ہو گا جس کے بعد خان بہادر صاحب نے منظور کیا لیکن یہ شرط کر لی تھی کہ اگر ان تحریروں میں کوئی ایسی ترمیم از ”جناب علی نقی صاحب“ پیش کی گئی جسے قابل غور سمجھوں گا تو اسے آپ حضرات کی طرف سے منظور تو نہیں کروں گا لیکن آپ سب حضرات کی خدمت میں پیش ضرور کر دوں گا۔ میں اور جناب خان بہادر صاحب مسودہ لے کر ”مولوی علی نقی صاحب“ کے یہاں گئے۔

دیر تک گفتگو ہونے کے بعد ”مولوی علی نقی صاحب“ نے کل منظور کر کے محض ایک لفظ (بیان) کے اضافہ کی خان بہادر صاحب سے اجازت حاصل کی اور اس لفظ کے اضافہ کے ساتھ اپنے قلم سے پوری عبارت مسودے کی لکھ کر دستخط کر دے۔ ”مولوی علی نقی صاحب“ کی مذکورہ بالا تحریر لے کر میں اور ”خان بہادر صاحب“ ”مولوی... صاحب“ کے دولت کدہ پر گئے۔ ”مولوی... صاحب“ نے مع لفظ اضافہ شدہ تحریر کو منظور کر لیا مگر اور حضرات نے انکار کر دیا اور پھر مولوی... صاحب نے بھی انکار فرما دیا۔

ہم لوگ پھر ”مولوی علی نقی صاحب“ کے پاس آئے اور ”مولوی علی نقی صاحب“ نے ”خان بہادر صاحب“ کی ذاتی منظوری کی بناء پر لفظ (بیان کاٹ کر لفظ موافقت) کا اضافہ کیا اور جناب خان بہادر صاحب سے یہ فرمایا کہ میں نے آپ کی فرمائش کے مطابق اس مسودے پر دستخط کر دئے۔ اب مجھے امید ہے کہ اگر اس مسودے کو بھی ”مولوی... صاحب“ وغیرہ نے منظور نہ کیا تو آپ میری تائید کریں گے اضافہ شدہ

لفظ نے میری نظر میں "مولوی... صاحب" وغیرہ کے مقصود کی مکمل ترجمانی کرنی تھی۔ لہذا جناب خان بہادر صاحب نے تو اس لفظ کو فوراً منظور کر لیا مگر میں نے "مولوی علی نقی صاحب" کو توجہ دلائی کہ یہ اضافہ شدہ لفظ وہ حضرات تو ممکن ہے منظور کر لیں اگر آپ خود اس لفظ پر غور کر لیں کہ آپ کے واسطے مناسب ہے یا نہیں۔

مولانا نے جواب دیا کہ جب میں مصالحت پر تیار ہی ہوں تو اس پر نظر ثانی کی ضرورت نہیں سمجھتا رات بہت زائد گزر چکی تھی لہذا میں اور "خان بہادر صاحب" مکان واپس آ گئے۔ صبح ۸ بجے میں خان بہادر صاحب کی خدمت میں گیا تو فرمایا کہ "محسن نواب صاحب" شب ہی کو تشریف لائے تھے اور مسودے کو مع اس اضافہ کے پسند فرمایا (لیکن مزید غور اور مشورے پر قطعی رائے کو محول کیا ہے۔) اب صبح کو میں اور حضرات سے بھی مل لوں گا۔

تقریباً ساڑھے گیارہ بجے خان بہادر صاحب فقیر خانہ پر تشریف لائے اور فرمایا کہ اس لفظ کا اضافہ ان حضرات کو منظور نہیں اس کے بعد میں اور خان بہادر صاحب تقریباً ۳ بجے سہ پہر کو اعلیٰ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے "مولوی... صاحب"، "مولوی... صاحب" اور "نواب... صاحب" پہلے سے تشریف فرما تھے اور جناب راجہ صاحب پیر پور بھی تھوڑی دیر تشریف فرما رہے اعلیٰ حضرت کے روئے مبارک سے کچھ آثار برہمی نمایاں ہو رہے تھے، بعض دیگر حضرات سے گفتگو کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت نے بہت بے اعتنائی کے انداز میں مجھ سے ارشاد فرمایا کہ آخر علی نقی صاحب نے انکار کر دیا نا؟

میں نے عرض کی کہ "سرکار علی نقی صاحب" نے تو انکار نہیں فرمایا بلکہ یہ حضرات جو سرکار کی خدمت میں حاضر ہیں۔ (مولوی ... صاحب اور مولوی... صاحب) ان حضرات نے انکار فرمایا کل حالات خان بہادر سے دریافت کر لیجئے۔ اعلی حضرت میری عرض پر بے حد متعجب ہوئے اور جناب خان بہادر صاحب نے مفصل حالات بیان کئے جس کے بعد اعلی حضرت نے وہ مسودہ جس پر مولوی علی نقی صاحب نے دستخط کئے تھے ملاحظہ فرمایا اور اضافہ شدہ لفظ پر خاص توجہ مبذول کی مولوی... صاحب کی طرف مخاطب ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ اس لفظ سے آپ حضرات کے مفہوم میں کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا۔

مولوی... صاحب نے کہا کہ اعلیٰ حضرت یہ طے ہوا تھا کہ اب اس تحریر میں کسی لفظ کا اضافہ نہ ہو گا سرکار نے ارشاد فرمایا کہ یہ کوئی قاعدہ نہیں ہے میں نے سیکڑوں مقدموں میں صلح کرائی ہے ہائی کورٹ چیف کورٹ... غرض جب بھی کسی مقام پر کوئی صلح ہوتی ہے تو ہر فریق کو بڑھانے گھٹانے کا اختیار ہوتا ہے، مگر

دیکھنا یہ ہے کہ مطلب بدلنے نہ پائے "مولوی... صاحب" نے فرمایا کہ جی نہیں اس لفظ سے بڑا فرق ہو گیا مگر اعلی حضرت کے بار بار اصرار کے بعد بھی "مولوی... صاحب" اور "مولوی... صاحب" نے کوئی فرق پیش نہ فرمایا صرف یہ جواب دیا کہ سرکار اگر فرق نہ تھا تو مولوی علی نقی صاحب نے یہ لفظ بڑھائی کیوں؟

آخر میں "مولوی... صاحب" نے فرمایا کہ اگر "مولوی علی نقی صاحب" نے ایک لفظ کا اضافہ فرمایا تو ایک لفظ کا اضافہ میں بھی کر دوں۔ موافقت کی لفظ کے بعد وغیرہ بڑھا دیا جائے "مولوی... صاحب" کے ارشاد کی نسبت اعلیٰ حضرت نے "جناب خان بہادر صاحب" سے ارشاد فرمایا کہ آپ کی کیا رائے ہے انہوں نے جواب دیا کہ میرے نزدیک تو مولوی علی نقی صاحب کو اس لفظ پر عذر نہ ہونا چاہئے اور میں نے اعلیٰ حضرت کو مطمئن کر دیا کہ مولوی علی نقی صاحب ضرور منظور کر لیں گے۔

جس پر اعلیٰ حضرت نے ارشاد فرمایا کہ مولوی علی نقی صاحب کی طرف سے اس لفظ کو میں منظور کرتا ہوں۔ اس کے بعد مولوی... صاحب نے ٹیلیفون کے ذریعہ سے مولوی... صاحب سے استمزاج کیا اور یہ جواب ملا کہ چونکہ مولوی... صاحب (ناسازی مزاج کی وجہ سے) یہاں نہیں آسکتے اور اس مسئلہ میں دیگر حضرات سے استصواب کی بھی ضرورت ہے۔

جنہوں نے شہید انسانیت کے خلاف دستخط کئے ہیں لہٰذا آج ۶ بجے شام کو ان حضرات کو مدعو کر کے بعد استصواب جواب دیا جائے گا جس کو سن کر اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ بہتر ہے لیکن میں بھی اس جلسہ میں شریک ہوں گا۔ اور مجھ سے اور خان بہادر صاحب سے بھی باصرار فرمایا کہ آپ حضرات بھی شریک ہوں خان بہادر صاحب نے اعلیٰ حضرت کی شرکت کی اس بنا پر مخالفت کی کہ اس بات کا قوی احتمال ہے کہ بلا مطلب کے عام افراد بھی وہاں آجائیں۔ جو اعلی حضرت کے پریشانی کا باعث ہوں جس کی تائید "مولوی محسن نواب صاحب" نے بھی کی جناب خان صاحب نے فرمایا کہ سرکار بہتر یہ ہے کہ یہ معاملہ اس وقت ملتوی کر دیا جائے کانفرنس کے بعد تصفیہ کرایا جائے۔

اعلی حضرت نے صاف انکار فرما دیا کہ میں ہر روز یہاں نہیں آسکتا نہ مہلت ہے کہ ان جھگڑوں میں مزید وقت ضائع کروں۔ مختصر یہ کہ اعلی حضرت دوبارہ بڑی دیر تک "مولوی... صاحب" اور "مولوی ... صاحب" سے گفتگو فرماتے رہے اثناء کلام میں "مولوی... صاحب" نے فرما دیا کہ اب دلوں میں صفائی کی گنجائش نہیں ہے اور نہ ہی صلح ہو سکتی ہے۔ بعض مرتبہ اعلی حضرت کو بہت سی باتیں ناگوار بھی ہوئیں۔ اور آپ نے فرمایا کہ میں سمجھ گیا کہ یہ کوئی مذہبی نزاع نہیں ہے صرف ذاتیات ہیں۔

آخر میں اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ اچھا بہتر ہے میں اس کمیٹی میں نہ آؤں گا۔ مگر مشورہ اس حد تک محدود رہے گا کہ جو لفظ مولوی... صاحب نے اضافہ کی ہے اس کے اضافہ کے بعد صلح منظور ہے یا نہیں مولوی... صاحب نے وعدہ کیا کہ آج شب ہی کو خان بہادر صاحب کو اور حقیر کو مشورہ کے نتیجہ سے مطلع کر دیں گے۔ مذکورہ بالا کمیٹی ہوئی یا نہیں اس کا مجھ کو علم نہیں۔ آٹھ بجے رات کو میں نے ایک بزرگ کو بھیج کر جواب کا مطالبہ کیا۔ تو جواب ملا کہ صبح کو "مولوی... صاحب" فقیر خانہ پر تشریف لا کے جواب سنائیں گے مگر اس وقت تک کوئی جواب نہیں ملا البتہ اکثر معتبر حضرات سے بطور خبر یہ معلوم ہوا کہ جلسہ میں شب کو بہت کم حضرات تشریف لائے اس لیے یہ طے ہوا کہ جب تک دیگر حضرات شریک نہ ہوں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔

ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ جب پہلا مسودہ دیا گیا تو کسی سے مشورے کی کوئی شرط نہ تھی جب دوسرا مسودہ دیا گیا تو کوئی شرط نہ تھی اور جب تیسرا مسودہ دیا گیا تو اسکے ساتھ وہ مسودہ بھی لکھ لیا گیا تو مولوی علی نقی صاحب دستخط کے بعد مولوی... صاحب وغیرہ کی طرف سے لکھا جائے گا۔ اس وقت بھی مشورے کی کوئی شرط نہ تھی۔ البتہ جب اعلی حضرت نے فیصلہ کر دیا کہ لفظ موافقت بڑھنے سے مطلب میں کوئی فرق نہیں آتا۔ یہ فیصلہ فرما دیا کہ صرف ایک لفظ یعنی وغیرہ کا اضافہ اور ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتا۔ فرما دیا کہ جو کچھ تصفیہ کرنا ہو قبل کانفرنس کر لیا جائے بعد کو میں وقت نہیں دے سکتا۔ تو اب یہ عذر پیش ہوا کہ سب کے مشورے کے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے۔

سوال یہ ہوتا ہے کہ کیا شہید انسانیت کو دیکھ کر جو جذبات خلاف مولف برانگیختہ ہوئے تھے کیا وہ ذاتی تھے یا مشورہ کے بعد ہوئے تھے۔ جواب ان مخالفتوں کو ختم کرنے کے واسطے مشورہ کی ضرورت ہے۔ ایمان کا معاملہ انفرادی ہوا کرتا ہے جمہوریت اور مشورہ کا تو اس میں کبھی کوئی دخل ہی نہیں رکھا گیا۔ بہر حال میں نے دوسرے دن اعلیٰ حضرت سے بالکل تخلیہ کا وقت حاصل کیا۔ اور اپنی کچھ خواہشیں اس معاملہ کے واسطے پیش کیں اور اعلیٰ حضرت نے انہیں میں سے دو منظور کیں۔ مگر وہ کیا تھیں اس کی تفصیل عرض کرنا مناسب نہیں...

مختصر یہ کہ میں نے اپنی بے وقوفی سے سرکار کو مطمئن کر دیا کہ مولوی علی نقی صاحب کسی جلسے میں نہ آئیں گے اور یہ کہ سرکار جلسوں کے بعد ایک بیان اس موضوع پر شائع کریں گے۔ جو بیان قومی آواز میں شائع ہوا ہے یہ وہی ہے جس کا مجھ سے وعدہ تھا یا کچھ اور ہے اس کے متعلق بھی کچھ نہیں کہہ سکتا مگر میرے مذکورہ بالا تمام بیانات کو پڑھ کر از خود سمجھ سکتا ہے کہ اعلیٰ حضرت کا بیان کیا ہونا چاہئے تھا۔

اعلی حضرت کے اس بیان میں علماء کو دعوت دی گئی ہے کہ رام پور آکر اس معاملے کو طے کر لیں مگر میری بادب عرض ہے کہ مجھ کو اس معاملہ میں دخل دینے سے معاف فرمایا جائے میں اب اس قابل نہیں ہوں کہ کسی معاملہ میں دخل دے سکوں۔

شیعہ کانفرنس کے کھلے جلسوں میں اور کیا ہوا۔ سب جکٹ کمیٹیوں میں کیا کیا ہوا سب کے متعلق خاموشی ہی بہتر ہے۔(اس بیان میں جہاں تک میری شرکت کا اور میرے متعلق ذکر ہے وہ صحیح ہے۔)

خان بہادر مولوی، محمد مہدی حسن رضوی

صلح کا پہلا مسودہ جو مولوی محمد سعید صاحب وغیرہ کی طرف دیا گیا

کتاب شہید انسانیت چونکہ بین الاقوامی حیثیت سے لکھی گئی تھی اس لیے اس میں موافقین اور مخالفین دونوں کی روایات آگئی ہیں جس کی وجہ سے بعض چیزیں مسلمات وعقائد شیعہ کے موافق نہیں ہیں۔ اس لیے نہ تو یہ سند میں شیعوں کے خلاف پیش کی جاسکتی ہیں نہ وہ میرے ذاتی عقائد ہیں۔

صلح کا دوسرا مسودہ

جو خان بہادر صاحب نے دیا اور سب حضرات نے اور مولوی علی نقی صاحب نے منظور کر کے صرف ایک لفظ بیان کا اضافہ کیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شہید انسانیت اور بعض دیگر مضامین چونکہ بین الاقوامی حیثیت سے لکھے گئے ہیں اس لیے ان میں غیر شیعہ افراد کے بیانات و روایات وعقائد بھی درج کر دئے گئے ہیں اور عقائد و مسلمات شیعہ کی جو خود میرے بھی ذاتی عقائد و مسلمات ہیں(بیان / موافقت) کا لحاظ نہیں کیا گیا ہے اور جب کہ وہ شخصی طور پر ایک شیعہ عالم ہونے کی حیثیت سے نہیں لکھے گئے ہیں۔ تو ان کو بطور سند کبھی فرقہ شیعہ کے مقابلہ میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔

والسلام
نقل دستخط
علی نقی النقوی عفی عنہ
۱۶ / ذی العقدہ ۱۳۷۰ء[1]

---

[1]۔ اظہار حق، جعفر شیروانی، ص ۷ تا ۱۸۔

۲۔ سید العلماءؒ کے بیانات کتاب "شہید انسانیت" کے متعلق

یاد گار حسینی ۱۳۶۱ھ کی تجویز شدہ کتاب کی تکمیل اہل قلم وارباب نظر کو توجہ دانی (سرفراز لکھنو، مورخہ ۵/اکتوبر ۱۹۴۴ء) خدا کا شکر ہے کہ سیز دہ صد سالہ یاد گار حسینی ۱۳۶۱ھ کے سلسلہ ہمیں جتنی تجویزیں بنیادی حیثیت سے طے پائی تھیں وہ سب اپنی اپنی حد میں پایہ تکمیل پہنچیں۔ ایک تجویز تھی تمام ملک میں مسلسل بین الاقوامی حسینی جلسوں کا ہونا۔ افراد قوم اور اہل ملک کے انہماک اور توجہ سے یہ تجویز جس حیرت انگیز اور نتیجہ خیز طریقہ پر عمل میں آئی وہ دیکھنے والوں کی نگاہوں میں اور اخباروں کے صفحوں پر کوئی چھپی ہوئی بات نہیں۔

دوسری تجویز دار الآثار حسینی کی تشکیل تھی۔ اس دار الآثار کا افتتاح بھی ہو گیا اور ایک معتدبہ ذخیرہ کتاب اور تصاویر کا فراہم ہوا اور برابر فراہم ہو رہا ہے۔ ایک تجویز جو اپنی نوعیت اور افادیت میں سب سے اہم تھی وہ ایک مکمل اور جامع کتاب کی اشاعت تھی جس میں واقعہ کربلا کے اسباب، حالات اور نتائج پر اس طرح تبصرہ کیا جائے کہ ہر مذہب وملت کا انسان اس سے فائدہ اٹھا سکے اس کے لیے بہت سے اہل قلم کو دعوت دی گئی تھی اور طے پایا تھا کہ ان تمام حضرات کے نتائج قلمی کو سامنے رکھ کر اس کتاب کی تکمیل کی جائے۔

تین برس کی مسلسل محنت اور جانفشانی کے بعد شکر ہے کہ یہ کتاب مکمل ہوگئی ہے اس میں تراسی (۸۳) اہل قلم کے قلمی نتائج اور دماغی کاوشیں شریک ہیں اور (۷۱۲) صفحات کی ضخامت پر کتاب ختم ہوئی۔ کاغذ ملنے کی بے انتہا دشواریوں اور گراں باریوں کے ساتھ آیندہ مکمل اور وسیع اشاعت کے لیے سرمایہ کو محفوظ رکھنے کے واسطے اس ضخیم کتاب کی چھ روپیہ قیمت رکھ دی گئی ہے اور چونکہ یہ کتاب ابھی مختتم اور قطعی حیثیت سے شائع نہیں کی گئی ہے اس لیے زیادہ تعداد میں نہیں طبع کی گئی ہے اور جو حضرت جلد طلب نہ فرمائیں گے بہت ممکن ہے کہ انہیں پھر آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے۔ اصل مقصد اس پہلے ایڈیشن کی طباعت کا استصواب اور دریافت آراء ہے۔

اس لیے تمام اہل قلم اور ارباب نظر سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ فرما کر آزادی کے ساتھ جو کچھ ان کے خیالات انتقادات یا اعتراضات ہوں انہیں تحریر فرما کر ناظم ادارہ مرکزی اور ناظم شعبہ تصنیف کے نام ذی الحجہ ۱۳۶۳ھ کے اختتام تک روانہ فرمائیں اس لیے کہ آیندہ محرم ۱۳۶۴ھ سے وصول شدہ آراء وانتقادات کی روشنی میں انشاءاللہ کتاب پر نظر ثانی اور دوسری بار طباعت کے لیے از سر نو ترتیب کا

کام شروع ہو جائے گا۔ لہذا اپنی زرین رائے سے اس کے قبل مطلع فرما کر صدی کے اس اہم کارنامہ تاریخی کی تکمیل میں حصہ لیں۔

کتاب "شہید انسانیت" کے کسی ایک لفظ کے بھی باقی رکھے جانے پر مجھے اصرار نہیں۔

(سر فراز لکھنو مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۴۵ء) مدیر محترم اخبار سر فراز دہم مجد کم تسلیم۔ سر فراز کی ایک قریبی اشاعت میں آپ کا افتتاحیہ جو شہید انسانیت کے متعلق اظہار رائے پر مشتمل ہے سے گذرا ہمیں اس کے پہلے خود اصل کتاب کے صفحہ ۲ پر اور پھر کتاب کی طباعت مکمل ہونے کے بعد اخبار سر فراز میں اپنے سب سے پہلے اعلان میں اس کو واضح کر چکا ہو کہ یادگار حسینیؑ کی تجویز شدہ کتاب کا یہ ابتدائی خاکہ ہے جو بغرض استصواب و اظہار آراء طبع ہوا ہے اور یہ کہ تمام انتقادات اعتراضات اور مشوروں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایڈیٹوریل بورڈ کی جانب سے اس کتاب کی آخری تشکیل وترتیب کا فیصلہ ہو گا۔

نیز اس کے بعد ادارہ کی جانب سے کارکن ادارہ جناب قیس رضوی کے بیان میں بھی اس کی تشریح کی جاچکی ہے مگر آپ کے اس افتتاحیہ کے بعض الفاظ سے یہ انداز ہوتا ہے کہ شاید یہ خیال کیا جارہا ہے کہ میں اپنے اس سابقہ اعلان پر قائم نہیں ہوں اس لیے میں اس تحریر کے ذریعہ سے آپ کو اطمینان دلانا چاہتا ہوں کہ کتاب پر نظر ثانی کے متعلق سابقہ اعلانات اپنی جگہ پر برقرار ہیں جیسا کہ آپ نے تحریر فرمایا ہے۔ یہ کتاب کوئی میری ذاتی تصنیف یا تالیف نہیں ہے۔

اس لیے اس کے کسی ایک لفظ کے متعلق بھی باقی رکھے جانے پر اصرار کی مجھے کوئی وجہ نہیں ہے یہ تو "پنچائتی ادارہ کی کتاب ہے۔" اس لیے کسی اعتراض کے متعلق میری انفرادی رائے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ اگر کوئی اعتراض مجھے تسلیم نہ بھی ہو لیکن ایڈیٹوریل بورڈ کے ارکان اسے قابل لحاظ سمجھ کر کوئی تبدیلی کرنا چاہیں تو اس میں بھی عذر نہیں ہو سکتا۔

اب تک ایڈیٹوریل کا کام شروع ہو جاتا لیکن چونکہ ایک کتاب کا اعلان ہو چکا ہے جس میں مزید اعتراضات شائع ہوں گے اس لیے اس کتاب کی اشاعت کا انتظار اصولاً ضروری ہو گیا۔ تمام اعتراضات کے سامنے آنے کے بعد یقیناً پھر اس کام میں کوئی تعوق نہ ہو گی امید ہے کہ آپ کو میری اس تحریر کے بعد کوئی تشویش باقی نہ رہے گی۔

والسلام
علی نقی النقوی عفی عنہ
یکم ربیع الاول ۶۴ھ

ایک غلط فہمی کا دفعیہ

(شہید انسانیت کے خلاف ۱۹ علماء کے فتاوے دیکھنے کے بعد منشور شائع ہوا)"شہید انسانیت" کے متعلق ایک مطبوعہ اشتہار شائع ہوا ہے جس میں چند اہل علم کی طرف سے اس کا اعلان ضروری سمجھا گیا ہے کہ وہ اس کتاب کو "شیعوں کی کتاب" تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ یہ اعلان بالکل بلاضرورت ہے۔ اس لیے کہ یہ کتاب بہ حیثیت "شیعوں کی کتاب" کے پیش ہی نہیں کی گئی ہے۔

وہ ایک ایسے ادارہ کی جانب سے شائع ہوئی ہے جس کے ارکان اور عہدہ داران اور ایڈیٹوریل بورڈ ہر شعبہ میں غیر شیعہ بلکہ غیر مسلم افراد بھی داخل ہیں ابھی تو وہ اصل تجویز شدہ کتاب کا ابتدائی خاکہ ہے جو بغرض استصواب واظہار آراء طبع ہوا ہے۔ لیکن اگر ایڈیٹوریل بورڈ کے اجتماعی فیصلہ کے بعد وہ قطعی طور پر بھی پیش ہو تب بھی یہ سمجھنا درست نہ ہو گا کہ وہ کسی فرقہ کی مذہبی کتاب ہے اور نہ اسے فرقہ وارانہ اختلافی مسائل میں کسی فرقہ کے خلاف حجت میں پیش کیا جا سکتا ہے۔

رہ گیا یہ امر کہ اس کی کوئی عبارت مسلمات فرقہ شیعہ کے منافی ہے اور اس سے اساس مذہب شیعہ کو نقصان و مضرت پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اس کا صحیح فیصلہ آسانی سے ہو جاتا اگر وہ بزرگ شخصیتیں اس وقت موجود ہوتیں جو نہ صرف اپنی عمر بلکہ علم و بصیرت اور تدین کے لحاظ سے بھی اس بحث میں حکم بننے کی صلاحیت رکھتی تھیں، مگر افسوس کہ وہ دنیا سے اٹھ چکی ہیں اس لیے ہر ایک صاحب علم اور واعظ اور ذاکر کو موقع ہے کہ وہ "فقیہ" اور "عالم" کے لقب کو اختیار کر کے حسب منشاء فتاوے صادر کرے۔ ﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾.

معلوم ہونا چاہئے کہ یہ کتاب کوئی میری ذاتی اور شخصی تصنیف نہیں ہے جس میں میں خود ترمیم و تبدیل کروں یا کسی تبدیلی کا وعدہ کر لوں بلکہ اب اعتراضات پر غور کرنے اور ان کے مطابق کسی فیصلہ کرنے کا اختیار صرف ادارہ یادگار حسینی کے ایڈیٹوریل بورڈ کو ہے جس کا کام ان مزید اعتراضات کے انتظار میں رکا ہوا ہے جن کی اشاعت کا ایک کتاب کی صورت میں اعلان ہوا ہے۔ یہ خیال کہ میں نے کسی اعتراض

یا اعتراضات کو تسلیم کرتے ہوئے ان کی بنا پر کتاب کی ترمیم کا وعدہ کیا تھا اور اس سلسلہ میں کسی بیان کا مسودہ لکھا تھا بالکل غلط ہے۔ والسلام علی من اتبع الہدیٰ

علی نقی النقوی
یکم ربیع الاول ۱۳۶۴ء

میں نہ ذاتی طور پر اور نہ بحیثیت ناظم ادارہ یادگار حسینی تشنگی امام کا منکر ہوں

(سرفراز لکھنو مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۴۵ء) جناب ایڈیٹر صاحب اخبار سرفراز دام مجدکم تسلیم۔ آپ کے اخبار کی تازہ اشاعت میں آپ کا نوٹ دیکھ کر اس امر کے اظہار کی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ یہ خیال بالکل غلط ہے کہ میں ذاتی طور پر یا بحیثیت ناظم ادارہ یادگار حسینی کسی طور پر بھی معاذ اللہ تشنگی حضرت سید الشہداء علیہ السلام کا منکر ہوں نہ شہید انسانیت میں کسی جگہ تشنگی امام حسین علیہ السلام کا انکار کیا گیا ہے۔ بلکہ تمام کتاب میں کم از کم ۲۲ جگہ امام علیہ السلام، اصحاب امام علیہم السلام یا اطفام امام علیہم السلام کی پیاس کا تذکرہ ہے۔ یہ ایک بالکل غلط پروپیگنڈا ہے جو میرے خلاف کیا جارہا ہے جس سے مقصود صرف عوام کو میرے خلاف برانگیختہ کرنا ہے اور کچھ نہیں یہ بھی غلط ہے کہ کوئی رسالہ اس سلسلہ میں میری تصنیف سے شائع ہوا ہے نہ ایسے کسی رسالہ یا مضمون کو جس میں تشنگی کا انکار ہو میں پسند کرتا ہوں۔

والسلام
علی نقی النقوی عفی عنہ
۱۸ ربیع الاول ۱۳۶۴ھ

تشنگی امام علیہ السلام کے متعلق سید العلماء مولانا علی نقی صاحب سے صرف ایک سوال

(از جناب نواب حاجی احسان علی خان صاحب آف مالیر کوٹلہ) صدر پنجاب شیعہ کانفرس و کنویز محاذ حسینی لکھنو) (سرفراز مورخہ ۲۶ فروری ۱۹۴۵ء) جناب نے اپنے بیان شائع شدہ سرفراز مورخہ ۱۰ ربیع الاول ۶۴ء میں ارشاد فرمایا: "میں تشنگی امام حسین علیہ السلام کا منکر نہیں ہوں۔" حالانکہ آپ نے خود کتاب "شہید انسانیت" میں صفحہ ۴۱۸ اور صفحہ ۴۴۹ میں ساتویں یا آٹھویں شب کے متعلق حضرت ابو الفضل علیہ السلام اور جناب نافع بن ہلال کے متعلق یہ تحریر کیا ہے کہ یہ حضرات بیس سوار اور تیس پیادے ہمراہ لے کر پانی لینے گئے اور دشمن کی فوج کو شکست ہوئی اور پانی خیام حسینی میں پہنچادیا گیا۔

اسی طرح صفحہ ۳۳۳ پر اور صفحہ ۳۷۶ پر جناب بریر اور جناب عبد الرحمن کے مطائبہ کی روایت کا ایک جزو یہ بھی ذکر کیا ہے کہ امام علیہ السلام صبح عاشور غسل فرمایا۔ اب یہ ارشاد ہو کہ آپ امام حسین علیہ السلام اور ان کے اصحاب کی تین دن کی بھوک اور پیاس کے قائل ہیں۔

یا صرف چند گھنٹہ کی پیاس جس کا غسل کے بعد بھی امکان ہے یہ بھی ارشاد کہ آپ محض تشنگی کے قائل ہیں یا بھوک کے بھی آپ قائل ہیں یہ بھی فرمائیے کہ آپ کے نزدیک یہ جائز ہے کے بچے بھوک پیاس سے تڑپتے رہیں اور امام غسل کر لیں۔ قوم کو جناب کے بیان کا سخت انتظار ہے۔

تشنگی کے متعلق مزید تشریح

(سر فراز مورخہ یکم مارچ ۱۹۴۵ء) یہ جواب سوال عالی جناب نواب حاجی احسان علی خان صاحب آف مالیر کوٹلہ تحریر ہے کہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی تین دن کی بھوک اور پیاس کا قائل ہوں جیسا کہ شہید انسانیت میں بھی متعدد مقامات پر اس کی تصریح موجود ہے۔ جس روایت کا جناب نے حوالہ دیا ہے وہ چونکہ اس کے پہلے برابر علماء و مورخین درج کرتے آئے تھے اس لیے بہ موقع استصواب درج کتاب کی گئی۔

بے شک میں امام علیہ السلام کے صبر و ثبات کو عاجزانہ و مجبورانہ نہیں بلکہ کامل اقتدارنہ اختیار کے ساتھ سمجھتا ہوں اور امام علیہ السلام کے افعال کو اس سے بلند سمجھتا ہوں کہ معاذ اللہ ہاں کے جواز و عدم جواز کے متعلق کوئی فتویٰ صادر کیا جائے۔ انکار تشنگی کے متعلق کسی رسالہ کی تصنیف و اشاعت سے انکار کے متعلق جو بیان پہلے دے چکا ہوں اس پر قائم ہوں۔ باور کرنے نہ کرنے کا ہر شخص کو اختیار ہے۔

والسلام
علی نقی النقوی عفی عنہ
۱۱ ربیع الاول ۶۴ھ۔

مزید وضاحت کی استدعاء(۱)

جناب سید العلماء مد ظلہ السلام علیکم۔

اخبار سر فراز کے ذریعہ تشنگی عاشور کے متعلق میں نے حضور کی خدمت میں جو سوال پیش کیا تھا اس کے چار اجزاء تھے:

۱۔ سر فراز مورخہ ۵ مارچ ۱۹۴۵ء۔

۱۔ امام حسین علیہ السلام اور ان کے اصحاب بھی جناب کے نزدیک تین دن کے بھوکے پیاسے تھے یا نہیں؟ جناب نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا ہے کہ "امام حسین علیہ السلام تین دن کے بھوکے پیاسے تھے۔" براہ کرم میرے سوال کے دوسرے جزو کا جواب بھی مرحمت ہو کہ اصحاب و اطفال بھی تین دن کے بھوکے پیاسے تھے یا نہیں؟

۲۔ یہ روایت صحیح ہے یا نہیں کہ ساتویں آٹھویں شب کو خیام حسین علیہ السلام میں پانی پہنچ گیا تھا؟ اس کو جواب مرحمت نہیں ہوا۔

۳۔ صبح عاشور عبد الرحمن بن عبد ربیہ اور بریر کے مزاح المومنین کی روایت تو بعض جگہ مل جاتی ہے لیکن اس کے ساتھ غسل امام کا کہیں تذکرہ نہیں لہذا یہ تصریح ارشاد ہو کہ وہ کون سی کتابیں ہیں جن میں اس روایت کا ایک جزو غسل امام بھی ہے۔

۴۔ کیا یہ جائز ہے کہ سب بچے بھوک سے تڑپ رہے ہوں اور پانی غسل میں صرف کر دیا جائے۔ اس کا جواب جناب نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ امام علیہ السلام کے بارے میں فتویٰ صادر نہیں کیا جاسکتا۔ مجھے اس موقع پر عرض کرنا ہے کہ میرا مقصد معاذ اللہ ہرگز یہ نہیں کہ امام علیہ السلام کے بارے میں حضور فتوی صادر فرمائیں بلکہ یہ دریافت کرنا ہے کہ کیا یہ امر کسی عالم دین نے خصوصیات امام علیہ السلام میں لکھا ہے کہ بچوں کے پیاس سے جاں بلب ہونے کی حالت میں امام پانی کو غسل مستحب میں خرچ کر سکتے ہیں۔ اگر شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکام میں امام علیہ السلام کے لیے ایسا استثناء ایا ہو تو براہ کرم کتاب کا حوالہ مرحمت ہو۔

مجھے امید ہے کہ میرے سوال کے جو پہلو تشنہ جواب رہ گئے ہیں حضور والا ان کا جواب عنایت کر کے رہنمائی فرمائیں گے۔ فقط (بندہ علی)

(نواب) احسان علی خان (آف مالیر کوٹلہ صدر صوبہ پنجاب شیعہ کانفرس)

عالیجناب نواب احسان علی خان صاحب آف مالیر کوٹلہ کے سوالات کا جواب

(سرفراز مورخہ ۷ مارچ ۱۹۴۵ء) دام مجدکم السامی۔ سلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ حسب فرمائش سامی جواب مطابق ترتیب سوالات درج ذیل ہے:

۱۔ اصحاب امام علیہ السلام کی وفاداری کا تقاضہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی تشنگی میں وہ شریک رہے ہوں اور اطفال امام علیہ السلام کا بھی تین دن شدائد تشنگی اٹھانا مسلم ہے۔

۲۔ سند کے اعتبار سے یہ مثل دیگر روایات واقعہ کربلا کے ہے جن کے اعتبار کا دار و مدار صرف ان علماء کی جلالت قدر پر ہے جنہوں نے ان روایات کو درج کیا ہے۔

۳۔ عبد الرحمن ابن عبد ربہ اور بریر کے مزاح المومنین کی روایت کے ملنے کا جن مقامات پر جناب نے تذکرہ فرمایا ہے۔ ان ہی میں آداب طہارت بجالانے کا تذکرہ ہے اور غسل کا تذکرہ اس سے علیحدہ متعدد کتب میں ہے۔ جیسے خصائص حسینیہ۔ بناء الاسلام اور مواعظ حسنہ وغیرہ لیکن اس کے ساتھ تشنگی امام علیہ السلام برابر مسلم رہی ہے۔

۴۔ جی ہاں۔ جناب فقیہ اجل شیخ جعفر تستری اعلی اللہ مقامہ (المتوفی ۱۳۰۳ء) نے اس کو خصوصیات امام علیہ السلام میں ذکر فرمایا ہے۔ (ملاحظہ ہو کتاب الخصائص مطبوعہ بمبئی کتاب العبادات البدنیہ، باب طہارت)

والسلام

علی نقی النقوی عفی عنہ (۹ع۱۳۶۴ھ)

کتاب میں تبدیلیاں میں خود پیش کروں گا

سرفراز کی حالیہ اشاعت میں آپ نے شہید انسانیت کی مخالفت کے سلسلہ میں جو نام تحریر فرمائے ہیں۔ ان کے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تمام افراد اس فہرست میں آسکتے ہیں جو نظر ثانی کے موقع پر کتاب میں تبدیلیاں ہونے کے طرفدار ہوں۔ اس صورت میں میرا نام بھی اس فہرست میں درج کیا جاسکتا ہے۔ حقیقت حال یہ ہے جیسا کہ بار بار اعلان ہو چکا ہے کتاب کا یہ خاکہ بغرض مشورہ واستصواب ہی شائع ہوا تھا۔ اس کا بھی اعلان کیا جا چکا ہے کہ تمام اعتراضات ایڈیٹوریل بورڈ میں پیش کر دئے جائیں گے اور بورڈ کو ہر طرح کی ترمیم کا کامل اختیار ہوگا مگر بعض لوگ شائد اس سے یہ مطلب نکال رہے ہیں کہ میں صرف دوسروں کے اعتراضات رسمی طور پر پیش کر کے اپنی طرف سے کتاب کے ہر جز کو باقی رکھنے پر اصرار کروں گا اور اس بارے میں ضد و کد سے کام لوں گا یہ خیال بالکل غلط ہے۔ اعتراضات، انتقادات اور مشورے سے طلب

کرنے کا مقصد یہی تھا کہ میں خود ان تمام انتقادات اور مشوروں کی روشنی میں اس امر پر غور کروں کہ کتاب کے کون اجزاءباقی رکھے جائیں کون حذف کر دئے جائیں اور کن میں مناسب ترمیم کر دی جائے۔

اس غرض سے اعتراضات طلب کئے گئے تھے اور اب بھی میری یہی خواہش ہے کہ مزید اعتراضات جو کچھ ہوں وہ ادارہ کو بھیج دئے جائیں۔ میں ہرگز ایڈیٹوریل بورڈ میں اس امر کی حمایت صحیح نہیں سمجھتا کہ پوری کتاب بصورت موجودہ قائم رہے اور یقیناً ایسی تبدیلیاں ہیں جنہیں میں خود ضروری سمجھتا ہوں اور انہیں ایڈیٹوریل بورڈ میں شامل کرنا چاہتا ہوں۔

کتاب "شہید انسانیت" سے قوم کو اختلاف ہونے کی وجہ سے جناب سید العلماءؒ نے اس کتاب کو واپس لے لیا۔ موصوف کا ایک اہم بیان

(سرفراز مورخہ ۲۶ مارچ ۱۹۴۵ء) عالی جناب مہاراجکمار محمد امیر حیدر خان صاحب صدر یادگار حسینی نے ۲۴ مارچ ۱۹۴۵ء کو محمود آباد ہاوس قیصر باغ سے حسب ذیل تحریر ایڈیٹر سرفراز کے پاس روانہ فرمائی ہے۔

مکرمی تسلیم۔ جناب مولانا سید علی نقی صاحب قبلہ ناظم شعبہ تصنیف یادگار حسینی نے حسب ذیل تحریر کے ذریعہ سے کتاب "شہید انسانیت" کا مسودہ واپس لے لیا ہے۔ لہذا براہ مہربانی تحریر مذکور کو اخبار میں فوراً شائع فرمادیجئے۔

مخلص (دستخط مہاراجکمار)

محمد امیر حیدر خان صدر یادگار حسینی[1]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تسلیم۔ ادارہ یادگار حسینی کے بنیادی تجاویز میں سے ایک تجویز کی تکمیل میں میں نے ایک کتاب کا مسودہ شہید انسانیت کے نام سے مرتب کیا جو بغرض استصواب و دریافت آراء طبع کیا گیا۔ اس کتاب کی اشاعت کے بعد سے جو صورت حال پیدا ہو گئی ہے اس کی وجہ سے اس کتاب کی اشاعت رائے عامہ کے مطابق نہیں معلوم ہوتی اس لیے بہ نظر رفع اختلافات اس کتاب کو واپس لیتا ہوں۔

---

[1]۔ مورخہ ۲۴ مارچ ۱۹۴۵ء۔

دستخط (سید العلماء علی نقی صاحب قبلہ مجتہد ناظم شعبہ تصنیف یادگار حسینی ۱۳۶۱ھ)

جناب سید العلماء سے سوالات اور ان کے جوابات [1]

مسئلہ آپ کے متعلق مثل دیگر امور کے مرتب کتاب شہید انسانیت سے در حقیقت اسی وقت تبادلہ خیالات کیا جاچکا تھا جبکہ یہ مسودہ کتاب تھوڑا تھوڑا کر کے نکل رہا تھا اور یہی وجہ ہے کہ جس طبقہ نے افہام و تفہیم اپنا شیوہ قرار دیا وہ ہمیشہ مطمئن رہا۔ آج بھی در حقیقت یہ سوالات و جوابات ایسے ہی حضرات کے لیے شائع کئے جارہے ہیں جو نوعیت معاملہ کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ (سائل)

سوال نمبر ۱:۔ کتاب شہید انسانیت جو من جناب ادارہ تحریری یادگار حسینی ۱۳۶۱ھ جناب نے مرتب فرمائی تھی اور جس کا مسودہ بغرض استصواب رائے کتابی شکل میں شائع ہوا اور بعد میں بعض حالات کے ما تحت آپ نے اس کو واپس لے لیا ہے کیا آپ کے نزدیک ایسا نسخہ ہے کہ جس میں کسی ترمیم و تنسیخ اور تغیر و تبدل کی ضرورت نہیں؟ نیز کیا آپ اب اس کو بجنسہ اپنی ذاتی تالیف یا تصنیف قرار دینے پر تیار ہیں؟

الجواب:۔ کتاب مذکور بحیثیت ذاتی کتاب کے نہیں لکھی گئی تھی۔ ذاتی کتاب کی حیثیت سے شائع کرنے کے موقع پر یقیناً بہت سی تبدیلیاں اس کتاب میں ضروری ہیں۔ نیز بہ حالت موجودہ بھی بعض تبدیلیاں مناسب ہیں۔

سوال نمبر ۲:۔ کتاب شہید انسانیت مذکور میں آپ نے حضرت امام حسین علیہ السلام کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ صبح عاشور ان حضرات نے غسل مندوبی فرمایا۔ یہ واقعہ جناب نے اپنی طرف سے لکھ دیا ہے یا کتب سابقہ میں بھی اس کا ذکر موجود ہے اور اگر پچھلی کتابوں میں تذکرہ ہے تو ان میں سے چند کتب کے نام تحریر فرمائیے اور یہ بھی فرمائیے کہ حضرت کے غسل صبح عاشور کی روایت معتبر بھی ہے یا نہیں؟

الجواب:۔ غسل فرمانے کا تذکرہ شب عاشور یا صبح عاشور متعدد کتب میں ہے جیسے خصائص حسینیہؒ، بناء الاسلام، مواعظ حسنہ، وغیرہ لیکن خصوصیت سے صبح عاشور کو غسل کا ذکر عربی میں تاریخ ابن کثیر اردو میں شہید اعظم اور انگریزی میں بھی بعض تواریخ میں موجود ہے پھر بھی یہ ضروری نہیں ہے کہ اس روایت کو معتبر سمجھا جائے جبکہ اکثر کتب غسل کی رایت سے خالی ہیں۔

---

[1]۔ اخبار حقیقت مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۴۵ء۔

سوال نمبر ۳:۔ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے قبضہ میں پانی ہو اور آپ اس سے غسل فرمالیں اور نہ خود نوش فرمائیں نہ اصحاب و اعزّا کو پلائیں؟

الجواب:۔ اگر بہ حیثیت فعل امام ایسا ثابت ہو جائے تو کسی اعتراض کا حق نہیں ہے مگر اصل روایت مستند طریقہ پر ثابت نہیں ہے۔

سوال نمبر ۴:۔ اگر سوال نمبر ۲ کے ماتحت آپ صبح عاشور غسل امام حسین علیہ السلام کی روایت کو معتبر نہیں سمجھتے ہیں تو پھر ارشاد ہو کہ استصواب رائے کے موقع پر اس روایت کے درج کرنے سے آپ کا کیا مقصود تھا؟

الجواب:۔ چونکہ متعدد کتب میں یہ روایت موجود ہے اور بعض علماء نے بہ نظر یہ ظاہر فرمایا ہے کہ وہ منافی تشنگی نہیں ہے بلکہ امام علیہ السلام کی نظر میں عبادت کی اہمیت اس سے ثابت ہوتی ہے اس لیے بہ مواقع استصواب اسے درج کیا گیا تاکہ تبادلہ خیالات کے بعد اگر طے پاجائے کہ وہ روایت خارج کر دی جائے تو یہ اس روایت کے متعلق ایک طرح سے یکسوئی ہو جانے کا ذریعہ ہو۔

سوال نمبر ۵:۔ کتب سابقہ میں کہیں بھی اگر شب عاشور یا صبح عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام یا اصحاب امام علیہ السلام کے غسل کی روایتیں موجود ہیں تو کیا ان کتابوں میں ان حضرات کی سہ روزہ تشنگی سے انکار کیا گیا ہے یا سہ روزہ تشنگی کو تسلیم کرتے ہوئے بھی غسل کی روایت درج کی گئی ہے؟

الجواب:۔ سہ روزہ تشنگی سے انکار کسی کتاب میں نہیں ہے۔ بلکہ سہ روزہ تشنگی کو تسلیم کرتے ہوئے اس روایت کو درج کیا گیا ہے۔

سوال نمبر ۶:۔ کیا آپ شہدائے کربلا اور اہل بیت اطہار علیہم السلام کی سہ روزہ تشنگی کے منکر ہیں؟

الجواب:۔ ہرگز ایسا نہیں ہے۔

سوال نمبر ۷:۔ کیا یہ صحیح ہے کہ مختلف رسائل اور پمفلٹ اور ہینڈ بل آپ کی جماعت میں اس قسم کے شائع کئے گئے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ امام علیہ السلام اور ان کے اعزا اور احباب تین روز کے پیاسے نہ تھے اور اگر ان رسائل پمفلٹ اور ہینڈ بلوں سے یہ ثابت نہ ہوتا ہو تو پھر ان کا مفہوم کیا ہے؟

الجواب:۔ جہاں تک مجھے علم ہے ایسا کوئی رسالہ یا پمفلٹ شائع نہیں ہوا ہے جس کا مقصد سہ روزہ تشنگی کا انکار ہو بلکہ جہاں تک میں نے دیکھا ہے ان کا مقصد یہی معلوم ہوتا ہے کہ روایت غسل خودساختہ نہیں ہے بلکہ اس کے پہلے بھی اس قسم کی روایات کتب میں موجود ہیں۔

سوال نمبر۸:۔ کیا یہ ضروری ہے کہ شہیدان کربلا اور اہل بیت اطہار علیہم السلام کی سہ روز تشنگی کا یقین رکھتے ہوئے یہ بھی مانا جائے کہ شب عاشور یا صبح عاشور امام اور اصحاب امام علیہ السلام نے غسل فرمایا؟

الجواب:۔ ایسا ماننا ضروری نہیں ہے۔

سوال نمبر۹:۔ کیا آپ کربلا میں خیام حسینی اور لشکر حسینی میں سہ روزہ قحط آب کے منکر ہیں؟

الجواب:۔ ایسا نہیں ہے۔

سوال نمبر۱۰:۔ طہارت بدن وغیرہ کے لیے میدان کربلا میں کیا صورت اختیار کی گئی تھی۔ جناب کی تحقیق اس میں کیا ہے؟

الجواب:۔ روایات اس بارے میں خاموش ہیں صرف ظن واحتمال کی بناء پر اس بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

سوال نمبر۱۱:۔ صبح عاشور اگر غسل کی روایت کو تھوڑی دیر کے لیے صحیح بھی مان لیا جائے تو کیا اس موقعہ کے بعد پھر دن بھر میں کسی وقت کے لیے کسی ایک کتاب میں یہ لکھا ہے کہ حسین علیہ السلام یا ان کے اعزاو انصار و اہل بیت علیہم السلام کے پاس ایک قطرہ آب موجود تھا؟

الجواب:۔ کسی روایت سے ایک قطرہ آب کا بھی وجود ثابت نہیں ہوتا۔

سوال نمبر۱۲:۔ اگر شہید انسانیت کا آیندہ کوئی ایڈیشن آپ اپنی تالیف یا تصنیف کے طور پر بھی نکالیں گے تو کیا آپ اس روایت غسل صبح عاشور کو کتاب میں باقی رکھیں گے یا نہیں؟

الجواب:۔ اس روایت کے درج کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

دستخط علی نقی النقوی عفی عنہ

مرسلہ اظہار حیدر سیتاپوری

حضرت سید العلماء دام ظلہ کے واضح اور صریح جوابات[1]

بحضور اقدس والا سرکار شریعت مدار حجۃ الاسلام والمسلمین حضرت علامہ سید العلماء مولانا سید علی نقی صاحب قبلہ مجتہد العصر والزمان دام ظلہم العالی۔

سوال نمبر ۱:۔ کیا سرکار والا نے وجود آب شب عاشور یا صبح عاشورا کو کہیں موثق و معتبر ہے لکھا؟

جواب نمبر ۱:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نہیں میں نے کہیں موثق و معتبر نہیں لکھا ہے۔ اسے بعض علماء نے اپنے کتب میں درج فرمایا ہے بس اس کے سوا کوئی وثوق واعتبار اس کا نہیں ہے۔

سوال نمبر ۲:۔ کیا سرکار والا امام حسین علیہ السلام اور اصحاب کی سہ روزہ تشنگی کے قائل نہیں ہیں یا حضور والا کو اس میں کوئی شک ہے؟

جواب نمبر ۲:۔ بلاشک وشبہہ سہ روزہ تشنگی کا قائل ہوں۔

سوال نمبر ۳:۔ کیا سرکار والا اس پر مصر ہیں کہ خواہ مخواہ وجود آب کی روایت مان ہی لی جائے؟

جواب نمبر ۳:۔ ہرگز ایسا نہیں ہے۔

سوال نمبر ۴:۔ کیا جناب والا کا یہ خیال تھا یا ہے کہ مسودہ شہید انسانیت بالکل صحیح اور ناقابل ترمیم ہے؟

جواب نمبر ۴:۔ نہیں میں نے ایسا کبھی خیال نہیں کیا ہے۔

سوال نمبر ۵:۔ کیا سرکار والا اس کے مقر نہیں ہیں کہ مسودہ شہید انسانیت میں بعض امور قابل اصلاح و ترمیم تھے اور ہیں؟

جواب نمبر ۵:۔ بے شک اس میں بعض امور قابل ترمیم ہیں۔

سوال نمبر ۶:۔ کیا حضور والا زیر بحث مسودہ شہید انسانیت کو دوبارہ بعینہ چھپوانے کا ارادہ رکھتے ہیں یا اس کا کبھی ارادہ ظاہر کیا ہے؟

جواب نمبر ۶:۔ نہیں ایسا میرا ارادہ نہیں ہے۔ نہ اس کا کبھی ارادہ ظاہر کیا ہے۔

---

[1]۔ اختر فیض آباد، ۴ جولائی ۱۹۴۵ء۔

سوال نمبر ۷:۔ کیا سرکار والا کے علم میں مسودہ شہید انسانیت دوبارہ طبع ہوا ہے یا صرف ایک بار؟

جواب نمبر ۷:۔ یقیناً وہ صرف ایک بار طبع ہوا ہے۔

سوال نمبر ۸:۔ کیا حضور والا کی نظر میں کوئی شخص جو توہین امام حسین علیہ السلام کرلے شیعہ کہا جاسکتا ہے؟

جواب نمبر ۸:۔ ہر گز نہیں بلکہ قصداً توہین کرنے والا مسلم بھی نہیں ہے؟

سوال نمبر ۹:۔ کیا سرکار والا خلافت خلفاء ثلاثہ کو برحق سمجھتے ہیں؟

جواب نمبر ۹:۔ ہر گز ایسا نہیں ہے۔

سوال نمبر ۱۰:۔ کیا سرکار والا کے نزدیک قاتلین عثمان خاطی اور جہنمی اور اس طرح کے باغی تھے جیسے نبی یا امام سے بغاوت کرنے والا؟

جواب نمبر ۱۰:۔ نہیں ہر گز نہیں۔

دستخط علی نقی النقوی عفی عنہ

۸ رجب ۱۳۶۴ھ

مکتوب گرامی حضرت سید العلماء مد ظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب محترم ایڈیٹر صاحب اختر تسلیم۔ اختر کے تازہ پرچہ میں آپ کی غیر جانبدارانہ رائے نظر سے گزری۔ میں اس کے پہلے برابر یہ اعلان کرتا رہا ہوں کہ مجھے مسودہ شہید انسانیت کے کسی ایک لفظ کے باقی رکھے جانے پر اصرار نہیں ہے۔ نیز یہ بھی اعلان کر چکا ہوں کہ میری نظر میں خود کچھ تبدیلیاں کتاب میں ضروری ہیں۔ اس کے بعد یہ آپ کا مشورہ کہ کتاب کو ان اجزاء کے نکالے جانے کے بعد شائع کیا جائے جن پر کسی جماعت کو اعتراض ہو رہا ہے میرے لیے یقیناً قابل قبول ہے۔ میں آپ کو اس بے لوث معتدل طریقہ کار پر جو آپ نے اپنے اس تبصرہ میں اختیار کیا ہے مبارکباد دیتا ہوں۔

والسلام

دستخط علی نقی النقوی عفی عنہ

۱۰ رجب ۱۳۶۴ھ

شہید انسانیت کے متعلق جناب مولانا سید علی نقی صاحب قبلہ کا بیان[1]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مدیر محترم تسلیم۔ شہید انسانیت کے بارے میں کچھ عرصہ سے قوم شیعہ کے ایک طبقہ میں جو اضطراب رونما ہو گیا ہے۔ اس کو دیکھتے ہوئے میں نے ابتداء ہی میں چند بیانات اخبار "سرفراز" لکھنو میں شائع کئے۔ جن کا مقصد اصلاح حال اور قوم میں سکون پیدا کرنا تھا۔ مگر میرے ان بیانات سے بعض حضرات کو اختصار کی شکایت ہے اور ایک زیادہ واضح بیان کی ضرورت بتائی جارہی ہے۔ اس لیے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت روانہ کیا جاتا ہے:

"شہید انسانیت" کتاب کسی خاص شخص کی طرف سے نہیں پیش کی جارہی تھی بلکہ وہ ایک ایسے ادارے کی طرف سے پیش کرنے کے لیے مرتب کی گئی تھی جس کے ارکان اور مجلس مصنفین ہر شعبہ میں غیر شیعہ اور غیر مسلم افراد بھی موجود ہیں۔

ذاتی طور پر اور عہدہ کی حیثیت سے اب مجھ پر دو ذمہ داریاں تھیں۔ ایک اپنے ضمیر اور عقیدہ کی بناء پر یہ کہ عقائد شیعہ اور مفاد ملت حقہ کا تحفظ لازمی ہے۔ دوسری اس حیثیت کے لحاظ سے کہ مجھے ایک ایسے ادارے کی طرف سے کتاب مرتب کرنا ہے جس میں غیر شیعہ افراد بھی موجود ہیں اور کتاب ایسی ہونا چاہئے جسے وہ بھی اپنی جانب منسوب کر سکیں۔

میں نے حتی الامکان ان دونوں پہلوؤں کی حفاظت کی یعنی ایک طرف دوسرے پہلو کو پیش نظر رکھتے ہوئے وہ شیعہ معتقدات جن کا تذکرہ اہل سنت گوارا نہیں کر سکتے کہ اگر اس کتاب میں اس طرح نہیں لکھے گئے جس طرح خود میں نے اپنی دوسری کتابوں میں لکھے ہیں یا اب جو ذاتی کتاب لکھی جائے اس میں لکھے جاسکتے ہیں۔ تو دوسری طرف واقعات کے تسلسل میں اجمال کے پردوں میں، ابہام کے طریقوں سے ملت حقہ کے صحیح عقائد کی حفاظت بھی کر دی جائے۔ اس طرح کہ ملت شیعہ کے خلاف کتاب سے کوئی فائدہ بھی نہ اٹھایا جاسکے اور غیر شیعہ افراد اسے اپنی طرف منسوب بھی کر سکیں۔

[1] ۔ رضاکار، لاہور، مورخہ ۱۶ جولائی ۱۹۴۵ء۔

مجھے احساس تھا کہ یہ کام مشکل ضرور ہے اور میں چاہتا تھا کہ اس بارے میں ہر طبقہ اور خیال کے لوگوں کی رائے اور ان کے جذبات کا اندازہ کیا جائے۔ اسی لیے میں نے چاہا کہ اس کا پہلا ایڈیشن بہ طور استصواب شائع ہو جائے اور قبل مختتم اور قطعی حیثیت میں شائع ہونے کے وہ لوگوں کے ہاتھوں تک پہنچ جائے۔ اس اعلان کے ساتھ کہ جس کو کوئی اعتراج ہو، جس کی کوئی رائے ہو۔ جس کو کوئی مشورہ دینا ہو وہ ادارے کو مطلع کر دے تا کہ انہی اعتراضات، انتقادات اور مشوروں کی روشنی میں اس کتاب کی دوسری مرتبہ تالیف و تدوین ہو اور وسیع اشاعت کی جائے۔ میں سمجھتا تھا کہ نیک نیتی کے ساتھ اس بارے میں جو اعتراضات ہوں گے جو مشورے دے جائیں گے جو نکتہ چینیاں کی جائیں گی۔

وہ ہمارے مقصد کی تکمیل کا ذریعہ ہوں گی۔ اسی لیے میں نے اعتراضات سے کوئی ناگواری محسوس نہیں کی نہ ان کو جواب دینے کی کوشش کی۔ اس لیے کہ وہ اعتراض ت تو میری خواہش کے مطابق اور میرے مقصد کے لیے معین و مددگار تھے۔ مگر ایک طبقہ نے بجائے علمی حیثیت سے اعتراض و انتقاد کے ہنگامہ آرائی اور شورش مناسب سمجھی۔

چونکہ میرا مقصد ہرگز خدانخواستہ اپنی جماعت کے کسی مفاد کو نقصان پنچانا یا جذبات کو مجروح کرنا نہیں تھا بلکہ نیک نیتی کے ساتھ ایک کوشش تھی۔ اس بات کی کہ مختلف اقوام کو حسینیت کے نقط پر جمع کیا جائے۔ اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے کارنامہ جاوید کی عظمت کو سب کی طرف سے متفقہ طور پر ظاہر کیا جائے اور اس لیے مجھے خود اپنی قوم کے مفاد اور جذبات کی قدر تھی اور ان کے ساتھ ہمدردی تھی اور یہ بھی امکان محسوس ہوتا تھا کہ کسی مقام پر تعبیر مطلب میں فرد گذاشت ہو گئی ہو۔ جس کی وجہ سے کسی کو میری مراد کے خلاف توہم پیدا ہوتا ہو۔

اسی لیے میں نے ایک لمحہ بھی ضد اور کد سے کام نہیں لیا۔ بلکہ یہ اعلان کر دیا کہ مجھے ایک لفظ کے بھی باقی رکھے جانے پر اصرار نہیں ہے۔ بلکہ ایڈیٹوریل بورڈ میں تمام اعتراضات پر غور کیا جائے گا اور مناسب تبدیلیاں کی جائیں گی۔ اس کے بعد جب یہ خیال کیا گیا کہ میں صرف دوسروں کے اعتراضات کو رسمی طور پر پیش کروں گا۔ لیکن خود اس کے خلاف بحث کروں گا اور ہر جزو کے باقی رکھنے پر اصرار کروں گا تو اس غلط فہمی کے دور کرنے کے لیے میں نے یہ اعلان کیا کہ یہ خیال درست نہیں ہے۔

بلکہ تمام اعتراضات پر غور کر کے میں خود تبدیلیاں تجویز کروں گا اور ایڈیٹوریل بورڈ میں پیش کروں گا۔ میرے خیال مین نیک نیتی کے ساتھ تحفظ مفاد شیعیت کا مقصد حاصل ہونے کے لیے یہ صورت مناسب تھی کہ ایڈیٹوریل بورڈ میں ان تمام چیزوں کو پیش کر دیا جاتا اور وہاں سے ہر اعتراض پر غور کر کے مناسب تبدیلیاں ہو جاتیں مگر اس کے بعد مجھے محسوس ہوا کہ رفع نزاعات کے لیے تمام و کمال اس کتاب کا ادارہ سے واپس لینا مناسب ہو گا۔ اس وقت یہی معلوم ہو تا تھا کہ اس واپسی کے بعد تمام نزاع ختم ہو جائے گی۔ چنانچہ میں نے کتاب واپس لے لی اور اس اعلان واپسی کی بناء پر ادارہ کی مجلس عاملہ کی طرف سے بھی اس کو کالعدم کر دیا گیا۔ اس کے بعد چند دن ایسا محسوس ہوا کہ ہنگامہ فرد ہو گیا۔

مگر پھر ایسا معلوم ہوا کہ ہنوز روز اول ہے۔ اعتراضات جو اس سلسلہ میں کئے گئے ہیں۔ ان میں سے بعض کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ تعبیر مطلب میں کسی کوتاہی کا نتیجہ ہیں جیسے ڈاکٹر وحید مرزا صاحب کی انگریزی عبارت کے ترجمہ مشرکین کے خیالات بیان کرتے ہوئے انہیں یہ محسوس ہوا کہ یہ نرا پاگل نہ تھا اور بعض مقامات پر بغاوت یا باغی کی لفظ کا اطلاق۔

حالانکہ مراد وہاں وہ نہیں ہے جو معترضین الفاظ سے پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ مگر زیادہ تر ایسے ہیں جو غلط بیانی پر مشتمل ہیں یا ان میں تحریف سے کام لیا گیا ہے۔ یا نوعیت تحریر پر غور نہیں کیا گیا ہے۔ مثلاً یہ کہنا کہ اس کتاب میں قاتلان حسین علیہ السلام کو شیعہ کہا گیا ہے بالکل غلط الزام ہے۔ بلکہ اس میں شیعیان کوفہ سے قتل امام حسین علیہ السلام کے الزام کو رفع کیا گیا ہے۔ یہ کہنا کہ اس کتاب میں خلفائے ثلاثہ کی مدح ہے یا ان کی خلافت کی حقیقت کو ظاہر کیا گیا ہے بالکل غلط ہے۔ بلکہ اس میں ایسی چیزین موجود ہیں جن سے شیعی نقطہ نظر سے ان کی خلافت کا بطلان ثابت ہو جاتا ہے۔

یہ اور بات ہے کہ وہ ایسے طریقہ سے ہیں جن کو سنی جماعت بھی مسترد نہ کر سکے اور ناگواری محسوس نہ کرے۔ ان کی خلافت کی کامیابی دنیاوی طریقہ پر مذکور ہے جو شیعہ نقطہ نظر سے معیار حقانیت نہیں ہے اور مسلم الثبوت خلیفہ ان کے خود ساختہ اصول کی بناء پر ہے جس اصول ہی کو شیعہ نہیں تسلیم کرتے۔ اور اسی اعتبار سے ان کے مخالف گروہ کی کوششوں پر بغاوت کا اطلاق کیا گیا ہے۔ جیسا کہ عام طور پر غیر مسلم سلطنتوں تک کی مخالفت کرنے والوں کو باغی کہا جاتا ہے۔ حالانکہ وہ سلطنیتں کوئی شرعی حیثیت نہیں رکھتیں نہ ان کے مخالف شرعی حیثیت سے باغی کی تعریف میں داخل ہیں۔

جب کہ کتاب کے اندر وہ چیزیں موجود ہیں جن سے شیعی نقطہ نظر سے اس حکومت کا حکومت جور ہونا ثابت ہو تا ہے اور اس لیے ہرگز یہ کتاب شیعوں کے خلاف حربہ نہیں بن سکتی سب سے زیادہ وہ چیز جس پر

عوام میں ہیجان پیدا کیا جاتا ہے۔ امام حسین علیہ السلام کا ایک خیمہ میں غسل اور آداب طہارت ادا کرنے تشریف لے جانا ہے۔ اس بارے میں بالکل غلط طور پر یہ چیز پھیلائی گئی ہے کہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی تشنگی کا معاذ اللہ منکر ہوں۔ یہ بالکل غلط ہے۔ تشنگی امام علیہ السلام ایک مسلم اور متواتر حقیقت ہے ساتویں سے پانی بند ہونا بھی یقینی ہے تین دن تک امام علیہ السلام، اصحاب امام علیہ السلام اور اطفال امام علیہ السلام کا شدائد تشنگی اٹھانا بھی مسلم ہے۔ خود شہید انسانیت میں ۲۲ جگہ امام علیہ السلام کی پیاس اور سہ روزہ تشنگی کا ذکر ہے۔

لیکن اس کے ساتھ کتابوں میں مختلف اوقات میں بعض اصحاب یا اعزا مثلاً حضرت عباس علیہ السلام یا حضرت علی اکبر علیہ السلام کا اٹھویں یا نویں کو پانی لانے کا ذکر ملتا ہے اور اسی کے ساتھ بعض کتابوں میں شب عاشور یا صبح عاشور غسل کا تذکرہ بھی ہے۔ کبھی علماء نے اس کے پہلے ان روایات پر نقد و تبصرہ نہیں کیا۔ اور نہ ان کے خلاف اس سے پہلے آواز بلند کی گئی۔ اس بناء پر میں نے بھی دو جگہ اس کا تذکرہ شہید انسانیت میں کر دیا۔ جس کے ساتھ میرے زاویہ خیال میں ہرگز یہ تصور نہ تھا کہ اس کو امام علیہ السلام کی تشنگی کی نفی کے مرادف سمجھا جائے گا۔

نہ اس پر اس حیثیت سے کوئی ناقدانہ نگاہ ڈالی گئی۔ حقیقت امر یہ ہے کہ جس طرح سے احکام فقیہ کے استنباط میں احادیث کی جانچ کی جاتی ہے کہ روایت کی جانچ پر تال ہو اور صحیح یا حسن روایت قبول کی جائے اس طرح واقعات تاریخی کے تفصیلی حالات میں جانچ کی ہی نہیں جاسکتی۔

اس لیے کہ اس طرح سے روایات کی سند موجود نہیں ہے یا موجود ہے تو اس امر پر منطبق نہیں ہے اور جب تک کہ اس طرح کی روایات نہ موجود ہوں بحیثیت واقعہ کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا کہ واقعاً ایسا ہوا۔ یہی صورت اس روایت کے بارے میں ہے کہ نہ وہ متواتر ہے نہ صحیح السند ہے۔ اس لیے ہرگز یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ واقعاً ایسا ہوا۔ ہاں تشنگی امام اور ساتویں سے قحط آب مسلم اور قطعی ہے اور اس کے خلاف جو روایت ہو وہ یقیناً رد کرنے کے قابل ہے۔

والسلام
علی نقی النقوی[1]

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ
ترتیب و پیشکش: طاہر عباس اعوان

[1] اظہار حق، جعفر شیروانی، ص ۳۸ تا ۵۶۔

عکس کتب

آیت اللہ سید العلماء علی نقی (رہ)

آیت اللہ سید العلماء علی نقی نقن (رہ) کی گرانبہا کتب میں سے درج ذیل کتب مرکز کی دسترس میں ہیں اور ان کے عکس شائقین کی پیش خدمت ہیں جبکہ باقی کتب مرکز کو مطلوب ہیں:

(الف)

۱۔ آثار قدرت؛
۲۔ اصول دین اور قرآن؛
۳۔ اسلام کا پیغام پس افتادہ اقوام کے نام؛
۴۔ امامت ائمہ اثنا عشر اور قرآن؛
۵۔ اسلامی کلچر کیا ہے ؟؛
۶۔ اسلام اور انسانیت؛
۷۔ اسلامی عقائد؛
۸۔ اسلامی نظریہ حکومت؛
۹۔ اصول و ارکان دین
۱۰۔ اسوہ حسینیؑ
۱۱۔ اسیری اہل حرم
۱۲۔ اثبات پردہ
۱۳۔ ابو الائمہ کے تعلیمات
۱۴۔ اگر کربلا نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟
۱۵۔ اسلامی تمدن
۱۶۔ امام رضاؑ
۱۷۔ امام منتظرؑ
۱۸۔ امامت
۱۹۔ اقالۃ العاثر فی اقامۃ الشعائر (عربی)
۲۰۔ ایمان بالغیب
۲۱۔ اسلام کا نظریہ حکومت
۲۲۔ اسلامی قانون وراثت

(ب)

۲۳۔ بنی امیہ کی عداوت اسلام کی مختصر تاریخ
۲۴۔ بین الاقوامی شہید اعظم حسین ابن علیؑ

(پ)

۲۵۔ پانچویں امامؑ

(ت)

۲۶۔ تقیہ
۲۷۔ تدوین حدیث
۲۸۔ تاریخ شیعہ کا مختصر خاکہ
۲۹۔ ترجمہ قرآن پاک بزبان اردو (سولہ حصے)
۳۰۔ تذکرہ حفاظ شیعہ (دو جلدیں)
۳۱۔ تاریخ اسلام میں واقعہ کربلا کی اہمیت
۳۲۔ ترجمہ سید علی نقی بقلمہ
۳۳۔ تاریخ اسلام (چار جلدوں میں)
۳۴۔ تعزیہ داری کی مخالفت کا اصل راز

۳۵۔ تحریف قرآن کی حقیقت

۳۶۔ تجارت اور اسلام

۳۷۔ تفسیر قرآن فصل الخطاب (سات جلدوں میں)

(ج)

۳۸۔ جبر واختیار

۳۹۔ جناب جنت مآب

۴۰۔ جناب غفران مآب

(ح)

۴۱۔ الحجج والبینات (عربی)

۴۲۔ حیات قومی

۴۳۔ حجج وبینات

۴۴۔ حسن مجتبیٰؑ

۴۵۔ حسن عسکریؑ

۴۶۔ حج

۴۷۔ حدیث حوض

۴۸۔ حقیقت اسلام

۴۹۔ حیات جاوداں

۵۰۔ حسینؑ اور قرآن

۵۱۔ حسینؑ اور اسلام

۵۲۔ حضرت علیؑ کی شخصیت علم واعتقاد کی منزل میں

۵۳۔ حسینؑ حسینؑ ایک تعارف

(خ)

۵۴۔ خمس

۵۵۔ خدا کا ثبوت

۵۶۔ خلافت اور امامت (چھ حصے)

۵۷۔ خطبات کربلا

۵۸۔ خطبات سید العلماءؒ

(د)

۵۹۔ دسویں امامؑ

۶۰۔ دیں پناہ است حسینؑ

۶۱۔ دعاسمات

(ذ)

۶۲۔ ذات وصفات

۶۳۔ ذوالجناح

(ر)

۶۴۔ رسول خدا

۶۵۔ ردوہابیت

۶۶۔ رہبر کامل

۶۷۔ رہنمایان اسلام

۶۸۔ روزہ

۶۹۔ رسالہ شریفہ فی تراجم مشاہیر علماء الہند

(ز)

۷۰۔ زکوۃ

۷۱۔ زندہ جاوید کاماتم

۷۲۔ زندہ سوالات

(س)

۷۳۔ السبطان فی موقفھما(عربی)

۷۴۔ سید سجادؑ

۷۵۔ سیدہ عالم سلام اللہ علیہا

۷۶۔ سر ابراہیمؑ واسماعیلؑ

۷۷۔ سرور شہیداں

۷۸۔ سفر نامہ حج

۷۹۔ سامان عزا

(ش)

۸۰۔ شہادت کبری(تبصرہ)

۸۱۔ شادی خانہ آبادی

۸۲۔ شہید انسانیت

۸۳۔ شیعیت کا تعارف

۸۴۔ شہید کربلا

۸۵۔ شجاعت کے مثالی کارنامے

۸۶۔ شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ

۸۷۔ شہادت زار کربلا

۸۸۔ شہدائے کربلا(تین حصے)

۸۹۔ شہادت حسینؑ کے اسباب

۹۰۔ شہید کربلا کی خاندانی خصوصیات

(ص)

۹۱۔ صحیفہ سجادیہ کی عظمت

۹۲۔ صادق آل محمدؑ

(ض)

۹۳۔ ضرورت مذہب

(ع)

۹۴۔ عزائے حسینؑ کی اہمیت

۹۵۔ عورت اور اسلام

۹۶۔ عشرہ محرم اور مسلمانان اسلام

(ف)

۹۷۔ فلسفہ گریہ

۹۸۔ فضائل امیر المومنین کی خصوصیات

(ق)

۹۹۔ قتیل العبرۃ

۱۰۰۔ قرآن کے بین الاقوامی ارشادات

۱۰۱۔ قانون وراثت

(ک)

۱۰۲۔ قاتلان حسینؑ کا مذہب

۱۰۳۔ قبہ و قبور

(ک)

۱۰۴۔ کربلا کا تاریخی واقعہ مختصر یا طولانی

۱۰۵۔ کشف النقاب عن عقائد عبد الوہاب (عربی)

(ل)

۱۰۶۔ لاتفسدوا فی الارض

(م)

۱۰۷۔ مذہب شیعہ اور تبلیغ

۱۰۸۔ مسلمانوں کی حقیقی اکثریت (واقعہ کربلا کا ایک خاص پہلو)

۱۰۹۔ مشاہیر علماء ہند

۱۱۰۔ متحف العربی من الادب العصری (عربی)

۱۱۱۔ مباہلہ

۱۱۲۔ مقدمہ تفسیر قرآن

۱۱۳۔ محاربہ کربلا

۱۱۴۔ معاد

۱۱۵۔ مسائل ودلائل

۱۱۶۔ مجموعہ تقاریر (پانچ حصے)

۱۱۷۔ متعہ اور اسلام

۱۱۸۔ مادیت کا علمی جائزہ

۱۱۹۔ مذہب اور عقل

۱۲۰۔ مذہب شیعہ ایک نظر میں

۱۲۱۔ مذہب باب وبہاء (دو جلدیں)

۱۲۲۔ معراج انسانیت

۱۲۳۔ مقصود کعبہ

۱۲۴۔ مطلوب کعبہ

